26 دسمبر 2019ء، 7 ستاروں کا اجتماع اور سورج گرہن

آزادی کشمیر اور جنگ کے خطرات؟

اپنے اندر بے پناہ علمی و روحانی خزانہ لیے ہوئے 1947ء سے ہرماہ باقاعدگی سے شائع ہوتا ہے

قدیم و جدید ریسرچ پر مشتمل پاک و ہند میں شائع ہونے والا منفرد آفاق، فلکیاتی و روحانی مجلّہ

اپنے قریبی بک سٹال سے طلب فرمائیں | نمونہ کا شمارہ مفت منگوائیں | قیمت 100 روپے

خواہش مند حضرات نمونہ کا شمارہ منگوانے کیلیے 20 روپے کے ڈاک ٹکٹ لازماً ارسال کریں (ادارہ)

سلسلہ روحانیات حضرت سید میراں حسین شاہ زنجانیؒ پیر بھائی حضرت داتا گنج بخش علی ہجویریؒ

بانی ادارہ منجم اعظم الحاج سید ناظر حسین شاہ زنجانی قدس سرہ العزیز

جانشین خاندان زنجانیہ عالیہ

شہزادہ سیّد مصوّر علی شاہ زنجانی

شہزادہ سیّد محمد علی شاہ زنجانی

شہزادہ سیّد محسن علی شاہ زنجانی

بیرون ممالک سالانہ چندہ

مڈل ایسٹ 12000 روپے

انڈیا، ایران، سری لنکا 12000 روپے

یورپ، فار ایسٹ 14000 روپے

امریکہ، کینیڈا، آسٹریلیا 15000 روپے

قیمت 100 روپے

سالانہ چندہ 1000 روپے

لائف ممبرشپ 15000 روپے For 12 Years

لائف ممبرشپ 1000 ڈالر For 12 Years

صفحہ	عنوان	صفحہ	عنوان
3	حمد و نعت منقبت	29	مجرب عملیات و طلسم نامردگی
4	عالمی و سیاسی پیشگوئیاں دسمبر 2019ء	30	اہم مجرب نقوش
6	2020ء کی آمد سے قبل	32	روحانیت و تصوف (توکل)
8	رات دن گردش میں ہیں	34	علم الروحانیات (اہرام)
11	آزادیٔ کشمیر اور جنگ؟	36	ماتھا پڑھنا
12	بھارتی جنون اور کشمیر؟	39	موسم سرما اور ہماری صحت
13	خواب بے سراب	40	بیماریاں اور مفید غذائیں
14	دسمبر کا گرہن اور حروفِ صوامت	42	اخروٹ (انمول تحفہ)
19	دربارِ مصطفائی کا روحانی فیض	44	فارمولا کی نمبرز ماہ دسمبر 2019ء
21	اللہ، محمدؐ اور علیؑ	46	آپ کا ماہ دسمبر 2019ء کیسا رہیگا؟
23	کراماتِ جفر (لوحِ خاص)	53	سوال و جواب
24	حصولِ انعام و محبت	54	لوحِ مصطفائی
25	غیبی دوست	55	وتوشۂ اصحاب کہف
26	چٹکلہ حب	56	کاروانِ زنجانی
28	ثاقب ارسل جفر و ہیپاٹائٹس	57	فہرست ادارہ کتب

کاشانہ زنجانی 125۔ڈی، گلبرگ 2

بلمقابل یونین کونسل، حضرت میراں حسین زنجانی روڈ، نزد مین مارکیٹ، لاہور 54660

Ph: 042-35752277 - 35872277

Mobile: 0300-9483758

کاشانہ زنجانی

19-A جی ٹی روڈ (جہلم روڈ)، بالمقابل گالف کلب / آرمی ہاؤس، عقب پی ایس او پٹرول پمپ، راولپنڈی

PH: 051-8732742

051-8732764

کاشانہ زنجانی

نزد انصار برنی ٹرسٹ و ہمدرد دواخانہ، آرام باغ روڈ، کراچی 74200

Ph: 021-32217544

سید انتظار حسین زنجانی ایڈیٹر / پبلشر نے حیدری پریس، ریلوے روڈ، لاہور سے چھپوا کر کاشانہ زنجانی D-125 گلبرگ 2 لاہور سے شائع کیا

websites:www.aienaeqismat.com.pk

Email:aienaeqismat@gmail.com

حمد

نوازش علی شیخ

جسم اور رُوح سبھی ترے اِشارے پر ہے
ڈوبا جو عِشق کے ساگر میں کنارے پر ہے
ہاتھ پاؤں تو بہت دنیا میں مارے ہم نے
ہنس کے کہتی ہے مگر زیست خسارے پر ہے
جس طرف دیکھتا ہوں جلوہ نُما ہے تُو ہی
نور کا دَریا، میری ناؤ کنارے پر ہے
لاکھوں رنگوں میں نمایاں ہے مگر تیرا ہی رنگ
شان تیری ہے ترا ذکر سپارے پر ہے
چاندنی پھیلی ہے ہر سو تو درخشاں ہے چاند
چال دنیا کی مگر پھر بھی ستارے پر ہے
رازِ دَرپردہ کو جانے لا شریکَ لہُ
کائنات عاصیؔ اِسی ایک سہارے پر ہے

نعت

نوازش علی شیخ

عشق صادق ہو تو پھر دِل میں سفر جاگتے ہیں
تائبِ خواب ہیں، تا وقتِ سحر جاگتے ہیں
جذب اور شوق کا روشن ہے الاؤ دِل میں
ذہن میں لا اِلہٰ کے تازہ ہُنر جاگتے ہیں
شہروں میں گلیوں میں اور کوچہ و بازاروں میں
ذکرِ لاہوت سے، دیوار اور در جاگتے ہیں
جس کسی کو بھی عطا چاہیے، تا زیست مُدام
اُسکے اعضائے بدن شام و سحر جاگتے ہیں
دِل میں ہو سوخت، نظر میں ہو تجلّی کا سماں
اِن اداؤں سے فقط اہلِ نظر جاگتے ہیں
کج اداؤں سے حذر، واعظ و مُلّا سے حذر
عاصی درحالِ سفر عُذرِ خطر جاگتے ہیں

منقبت

تشنہ دہان کی فغاں عہد پیام تک گئی
بادِ سُموم کربلا، کوفہ و شام تک گئی
خطبہ تھا اک اسیر کا، نوکِ سناں پر جو دیا
اُسکی صدائے بازگشت ہر خاص و عام تک گئی
نازشِ مُصطفیٰ سلام تیرے سفر کی شان پر
صبح و مسا کی ہر گھڑی سجدہ قیام تک گئی

جیسے ہوا کٹا سفر، جیسے سہی صعوبتیں
بندِ رسن کی داستاں میرے اِمام تک گئی
چُن چُن کے مارے تھے شقی بُرشِ ذُوالفقار نے
ہر اک عدو کی دشمنی حدِ حرام تک گئی
ہر اک شہید نے امام کے لئے سر کٹا دیا
رُوحِ بتول و مرتضیٰ اُنکے سلام تک گئی

عالمی وسیاسی پیشگوئیاں

26 دسمبر زائچہ پاکستان اور بھارت میں سورج گرہن لگنے کے علاوہ 25 تا 27 دسمبر سات ستاروں کا برج قوس میں اجتماع بھارت اسرائیل امریکہ کی شہ پر غیر اعلانیہ جنگ میں تیزی کشمیری مقبوضہ کشمیر پر بھارت کے جابرانہ رویہ کے خلاف بغاوت کر چکے ہیں، مودی سرکار ان سے بدلے لینے کیلئے کوئی بڑا زیر زمین دھماکہ کر کے زلزلہ لا سکتی ہے۔

آسمانی کونسل پر سیاسی نجوم میں دسمبر 2019ء کا مہینہ عالمی خصوصاً ایشیائی ممالک ترکی، افغانستان، ایران، بھارت، مقبوضہ کشمیر وآزاد کشمیر اور پاکستان کے لئے مخدوش دکھائی دیتا ہے۔ فطرتی زائچہ کے نویں گھر تقریباً 20 سال بعد 7 ستارے شمس، قمر، زحل، مشتری، عطارد، کیتو اور پلوٹو کا اجتماع 25 تا 27 دسمبر رہے۔ 26 دسمبر یہیں سورج گرہن جبکہ راہو ان سبھی سات ستاروں کے مقابل انکی نحوست میں مزید اضافہ کرے۔ ایشیائی ممالک میں زلزلے بھونچال ناگہانی آفات سمندری طوفان سونامی ہری کین دہشت گردی اہم شخصیات پر قاتلانہ حملے آتشزدگی حادثات تیسری عالمگیر سرد جنگ میں تیزی بھارت کشمیر اور پاکستان کے ارضی وسماوی سرحدوں پر فوجی نقل وحمل جنگ جیسے حالات رہ سکتے ہیں۔

6 دسمبر تا 20 دسمبر دور مریخ:۔ ستارہ مریخ زائچہ ورش پھل میں ساتویں خصوصاً بارہویں نحس گھر کا حاکم ہو کر دسویں سربراہ مملکت کے گھر 26 دسمبر آٹھویں سورج گرہن لگنے سے پندرہ دن قبل تا بعد اہم سیاسی شخصیات صدر، وزیراعظم، صوبوں کے وزراء اعلیٰ، گورنروں کو اپنی پروٹوکول کے ساتھ صدقات پر بھی زور دینا ہوگا۔ کیا ہی اچھا ہو اپنے ساتھ وہ پاکستان اور پاکستانی عوام کا صدقہ بھی منگل بدھ کے دن تمام ذبیحہ خانے کھول دیں تاکہ جانوروں کا خون بہتا رہے اور پاکستان اور عوام سکھ کا سانس لیں اور پھلیں پھولیں۔ (پیش گوئی زنجانی جنتری 2019ء صفحہ نمبر 45)

زائچہ نیومون:۔ نیومون کے زائچہ میں طالع برج جوزا کا مالک عطارد پانچویں الیکٹرانک میڈیا سوسائٹی ومعاشرتی امور کا حاکم ہو کر سعد پوزیشن زائچہ میں اگرچہ کوئی فعلی ستارہ منحوس نہیں تاہم نظام قدرت قران شمس وقمر چھٹے منحوس گھر میں ہونے سے سربراہ مملکت اہم سیاسی وغیر سیاسی شخصیات اور عوام ہر دو فریقین ایک دوسرے سے نالاں و پریشان دکھائی دیتے ہیں اس کی مثال یوں ہے کہ عوام FM 100 پر اور حکمران FM 107 پر رہتے ہوئے ایک دوسرے کو جو پیغامات دیں وہ دونوں فریق سمجھ نہیں پا رہے ہیں۔ زائچہ نیومون کی سب سے نحس پوزیشن شمس وقمر کا قران چھٹے نحس گھر میں ہونے سے عوام الناس میں بے اطمینانی بے چینی کے ساتھ ساتھ وبائی امراض اچانک بڑھنے کا اندیشہ حکومت وقت کے خلاف سازشیں ہڑتالیں ہنگامے رہیں۔ دہشت گردی کے خدشات بعید از قیاس نہیں۔ اشیاء خوردنی کی ٹرانسپورٹ میں خلل کے سبب اندرون ملک خوراک کی قیمتوں میں

ردوبدل قلت کا اندیشہ تخریب کاری چوری چکاری ڈکیتی کے واقعات بڑھ سکتے ہیں۔ ملکی سرحدوں پر جھڑپیں فوجی نقل وحمل میں اضافہ رہے۔ ساتویں گھر میں زحل زہرہ مشتری اور کیتو مقیم زحل کی پوزیشن حکومت اور عوام میں عدم رابطے رہیں۔ اپوزیشن ٹریڈ یونین حکومت کے خلاف ہنگامے ہڑتالیں کرنے کی پھر سے دھمکیاں دیں۔ خارجہ اموراور دفاع اور تجارتی پالیسیوں پر نظرثانی کی ضرورت ہوگی۔ ہمسایہ ملک بھارت سے کشمیر کا زپرتنازعے جھگڑے اختلافات جنگ کا پیش خیمہ بن سکتے ہیں۔ زہرہ کیتو کی موجودگی اندرون ملک خواتین کے مسائل اچانک طلاق کی شرح میں اضافہ ہو۔ زائچہ نیو مون کی خاص بات سعد اکبر ستارہ مشتری بارہ سال بعد اپنے گھر تاہم اس زائچہ میں ساتویں رہ کر طالع کو ناظر ہونا۔ مذہبی اور قانونی معاملات اپوزیشن کے جائز مطالبات انجام کار حکومت کو ماننے پڑیں گے۔

زائچہ فُل مون: ۔منقلب برج جدی کا زائچہ اپنے اندر سحرانگیزیاں لیکر طلوع ہو رہا ہے۔ بارہویں نحس گھر میں طالع (عوام) کا مالک زحل حکمران کا مالک ستارہ زہرہ اور بارہویں کا حاکم مشتری خود یہاں مقیم ساتھ کیتو مقابل راہو نے ان کی نحوستوں میں اضافہ کر رہا ہے۔ زحل یہاں عوام ملکی فنانس کا مالک ہوکر نحوست دے رہا ہے۔ یوں بھی زحل بارہویں گھر میں کبھی سعد حالت میں نہیں ہوتا حکومت غلطیاں کرتی اور پشیمانی پر نقصان اُٹھانا پڑتا ہے۔ اندیشہ ہے کہ ان پندرہ روزہ ایام میں جرائم آتشزدگی دھماکہ خیز واقعات بڑھ سکتے ہیں۔ ملک حکومت کے خلاف خفیہ سازشیں جیلوں قیدخانوں کا ٹوٹنا دفاعی اداروں میں تخریب کاری بے چینی مذہبی فسادات تشدد اور سیاسی بے چینی کے اسباب پیدا ہوں۔ حکومت کے خلاف منظم طور سے تحریک شروع ہونے کے خدشات سیاسی نجوم میں بارہویں گھر زحل کی موجودگی حکومت کو کافی نقصان پہنچا سکتی ہے۔ حکومت کا اقتدار بھی متاثر ہو سکتا ہے۔ زائچہ میں مریخ چوتھے کا مالک ہوکر دسویں نحس ہونے سے شیطانی پوزیشن کا مالک بن چکا ہے۔ حکمران اور اعلیٰ افراد کی موت بیماری اور تکالیف کا اظہار کرتا ہے۔ حکومت یا حکمران پارٹی کو شدید تکالیف اور مصائب میں مبتلا کرنے کا باعث بنے حزب اختلاف کے دباؤ سے حکومت یا وزراء کو مستعفی ہونا پڑے حکمرانوں اور عوام کے درمیان اقتدار کی کشمکش میں فوج کو مداخلت اور مارشل لاء یا ایمرجنسی کے خطرات بعیداز قیاس نہیں ہیں۔ ستارہ مریخ کی طالع چوتھے اور پانچویں مکمل نظر افواج عوام کی حفاظت جان ومال کے لئے حکومت کا ساتھ دے کشمیر بارڈر پر سرحدوں کو محفوظ بنانے کے لئے مزید عسکری قوت بڑھائی جائیگی۔ فوج کا ترجمان ادارہ **I.S.P.R** اندرون وبیرون ملک وطن دشمن افواہوں کی روک تھام کے لئے وقتاً فوقتاً اپنا مؤثر کردار ادا کرتا رہے۔ **2019**ء کا آخری مہینہ دسمبر جس میں لگنے والے سورج گرہن کے نحس اثرات **26** جنوری **2020**ء تک رہیں۔ عوام کو انفرادی طور پر صدقات دینے کے ساتھ ساتھ حکومت سے ایک بار پھر اپیل کرتے ہیں کہ وہ منگل کو ملک کے تمام ذبیحہ خانے کھول دے تاکہ منگل کو جانوروں کی قربانی سے خون بہتا رہے یہ پاکستان پوری قوم اور خصوصاً افواج کا بھی صدقہ ہے۔ ہماری اس روحانی آسٹرالوجیکل فلسفہ کو سبھی جانتے ہیں ماسوائے حکومت وقت کے اور عسکری حکمران کی اس جانب عدم توجہ ہے۔

قمر در عقرب

اس نحس وقت کی ابتداء **21** دسمبر **17** بجکر **57** منٹ، خاتمہ **23** دسمبر **21** بجکر **34** منٹ تک رہے گی۔ اس دوران آئمہ معصومینؑ کے نزدیک کوئی بھی نیا کام شادی بیاہ نئے کام کا آغاز کرنا بے برکتی کا باعث بنتا ہے۔

2020ء کی آمد سے قبل سات ستاروں کا اجتماع عالمی اثرات

علم نجوم کی روشنی میں مختصر تجزیہ

از تحریر: سید انتظار حسین زنجانی

26 دسمبر 2019ء:۔

26 دسمبر **2019**ء سیارگان کا اجتماع برج قوس آتشی برج فطرتی زائچہ میں یہ نواں برج جبکہ اس کا مالک ستارہ مشتری قانون، مذہب، دولت کا ستارہ ہے۔ اس زائچہ میں ایک خاص بات یہ بھی ہے کہ بوقت اجتماع سات ستاروں میں سورج کو گرہن لگا ہوگا۔ سورج برج اسد بادشاہوں یا پھر یوں سمجھ لیں عالمی سپر پاورز کے صدور جنکا دماغ دُنیا پر حکمرانی کرنے اور گہن زدہ سوچ کے سبب یہ مستقبل میں جنگ وجدل تیسری عالمگیر جنگ کا ارادہ کئے بیٹھے ہیں۔ برج قوس اور ستارہ مشتری کا تعلق نظریات، مذہب، آئین یا قانون سے ہے۔ **2019**ء میں **7** ستاروں کا اجتماع اس بات کا اشارہ ہے کہ دُنیا میں نئے نظریات کا پرچار اور اس کے نتیجہ میں نئے عالمی قوانین بنائے جائیں گے۔ سپر پاور کوئی اپنا ہی نظریہ دُنیا پر لاگو کرنے کی کوشش کریں گے۔ اس سے قبل گزشتہ صدی میں **1941-1962** اور **1981**ء میں ایسے ہی ستاروں کے اجتماعات ایک مرتبہ آتشی دومرتبہ خاکی بروج میں ہو چکے ہیں۔

ہیوسٹن امریکہ کی تقریر میں مودی اور ٹرمپ نے اسلام کو دہشت گرد بنا کر دُنیا کی آنکھوں میں دھول جھونکنے کی کوشش کی جسکا جواب سفیر کشمیر وزیر اعظم عمران خان نے اپنی اقوام متحدہ کی **50** منٹ کی تقریر میں دیگر تمام عالم اسلام کی نمائندگی کرتے ہوئے واضع کیا کہ اسلام میں کسی دہشت گردی کا تصور نہیں اسرائیل، امریکہ اور ہندوستان کا گٹھ جوڑ پاکستان ہندوستان میں جنگ کے خطرات بڑھ گئے ہیں۔ روس وچین اور امریکہ کے مابین تیسری عالمگیر جنگ سے یہ ممالک کشمیر پاکستان، افغانستان، ترکی، ایران، روس، چین، تمام عرب ممالک، سری لنکا، بنگلہ دیش سب جنگ کی لپیٹ میں آسکتے ہیں۔ اس کے علاوہ آئندہ بیس سالوں میں سائنس ٹیکنالوجی کی ترقی اپنے عروج پر ہوگی۔ دُنیا بھر کے مالی و ٹیکنالوجی ادارے اسرائیل بیت المقدس شفٹ ہو چکے ہیں۔ جن پر پہلے سے زیادہ عالمی یہودی زیونسٹ کنٹرول مزید بڑھ گیا ہے۔ یوں **2020**ء کا آغاز سے ہی دُنیا میں مذہب، قانون، دولت، معاشیات اور طاقت کی جنگ شروع ہو جائے گی۔ برطانیہ امریکہ اور اس کے حواری ممالک نے عراق، افغانستان کی مہنگی ترین جنگ سے ابتک کوئی سبق نہیں سیکھا ہے۔ یہ دولت دُنیا میں بیروزگاری، غربت، افلاس، بیماریوں کو دُور کرنے کیلئے خرچ ہوتی تو دُنیا میں ایک نئی محبت کی دُنیا کا سورج طلوع ہوتا۔ مگر دُنیا کے راکشش (بدمعاش) بھلا ایسا کیوں کریں گے۔ آئندہ بیس سالوں میں خلائی ٹیکنالوجی سائنس بے پناہ ترقی کرے گی۔ تیل، گیس کے متبادل سولر انرجی دُنیا میں عام ہو جائیگی۔ جاپان فیوچل ٹیکنالوجی کے تحت خلائی ٹیکنالوجی سورج سے برائے راست توانائی حاصل کرنے والا واحد ملک بن جائے گا۔ جاپان اگر چاہے تو اس ٹیکنالوجی سے پوری

دُنیا کو روشن کر سکتا ہے۔ گزشتہ دنوں خبر آ چکی ہے کہ جاپان **250** میٹر لمبا سولر پینل اس انرجی کے حصول کے لئے فضاء میں بھیج چکا ہے۔ دُنیا میں **50%** سے گاڑیاں، بس، ریل گاڑیاں، ہوائی جہاز سولر انرجی استعمال کرنا شروع کر دیں گے۔ تمام متعدی امراض کی تشخیص اور اس کی شناخت خون کے ایک قطرہ (**DNA**) ٹیسٹ سے ہو جایا کرے گی۔ مجرم جھوٹ بولنے والے سچ کی مشین سے پکڑے جائیں گے۔ غالباً ایسی پہلی مشین پاکستان (**NAB**) والوں کو تحفۃً ملنی چاہئے کرنسی کا استعمال کم اور **A.T.M** کارڈز کا عالمی استعمال بڑھ جائے گا۔ دُنیا میں ایسے لباس بن جائیں گے جنہیں دھونے کی ضرورت نہ ہو گی، جھاڑنے پر ہی صاف نظر آئیں گے۔ فضاء میں ایسی موسماتی غبارے چھوڑے جائیں گے جو سال بھر پہلے سیلاب، زلزلے اور طوفانوں کی خبر دیں گے۔ دُنیا بھر میں ہولوٹیکنالوجی کی مدد سے آسمان پر ایسے مناظر دکھائے جائیں گے جیسے حضرت عیسیٰؑ دُنیا میں تشریف لے آئے ہیں۔ کائنات عالم میں مزید کہکشائیں دریافت ہونگی۔ ایڈوانس خلائی تحقیق و ریسرچ خلائی مخلوق سے رابطے اور دُنیا بھر میں **U.F.O** اُڑن طشتریوں کے مشاہدات دُنیا کے کئی ممالک میں ہونگے۔

26 دسمبر **2019**ء سے شروع ہونے والے آئندہ **20** سالوں میں دجالی فتنہ نیٹ ورک عروج پر ہو گا۔ دُنیا کے کئی ممالک بلاواسطہ یا بلواسطہ ان کے غلام محکوم وفادار ہو چکے ہونگے۔ **2020/2019**ء میں سعودی عربیہ میں آپ انکی وفاداری کی جھلک ملاحظہ فرمالیں۔ نوشتہ دیوار پر لکھا ہے کہ دجالی فتنہ اسرائیل ان کے ساتھ کیا سلوک کرنے والا ہے۔ مستقبل قریب میں عرب ممالک میں بادشاہت کا خاتمہ اور جمہوری دجالی نظام نافذ کیا جائے گا۔ گریٹر اسرائیل نقشہ کے تحت بہت سے عرب علاقے اسرائیل میں زبردستی شامل کر لئے جائیں گے۔ جو ملک ساتھ دیں گے وہ ترقی پذیر اور جو ملک مخالفت کریں گے انہیں جنگ و جدل اقتصادی لحاظ سے تباہ و برباد کرنے میں دجالی فتنہ کوئی کسر نہ اُٹھا رکھے گا۔ پاکستان، ایران، ترکی ان کے نشانہ پر ہیں۔ ہم دُعا کرتے ہیں کہ امام زمانہؑ کا جلد ظہور ہو وہ ہی آکر اس دجالی فتنہ سے دُنیا کو نجات دلائیں۔

جو شخص فاضل مال اس لیے طلب کرتا ہے کہ اپنے اہل و عیال کی عزت محفوظ رکھ سکے تو اس کا اجر اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرنے سے کہیں برتر ہے۔ (ارشاد امام علی رضاؑ)

از تحریر: سید انور فراز، کراچی

رات دن گردش میں ہیں سیارگان

20 سال بعد اہم سیاروی اجتماع، نئے رنگ ڈھنگ، نئے نظریات، 26 دسمبر 2019 کو ایسا ہی ایک اہم سیاروی اجتماع ہونے والا ہے

علم نجوم فلکیاتی سائنس ہے جس میں کرۂ ارض کے ساتھ حرکت کرتے ہوئے دیگر اجرام فلکی کی گردش کا مطالعہ کیا جاتا ہے، ہماری کہکشاں کے معلوم سیارگان کی پوزیشن اور ان کے درمیان قائم ہونے والے باہمی زاویے اس مطالع میں مددگار ثابت ہوتے ہیں، علم ہیئت (Astronomy) اگر فلکیاتی مشاہدات کا نام ہے تو علم نجوم (Astrology) فلکیاتی مشاہدات سے دنیا میں ہونے والی تبدیلیوں سے آگاہی کا نام ہے، یہ سائنس ہزاروں سال سے مشاہداتی اور تجرباتی مراحل سے گزر کر اب اس مقام پر ہے کہ ماضی کے سیاروی اجتماعات یا زاویوں کی روشنی میں حال کے ایسے ہی اجتماعات اور زاویوں پر گفتگو کی جاسکتی ہے، یہ بالکل ایک تجزیاتی اور حسابی عمل ہے، اس میں ہرگز کسی غیب دانی کا کوئی عنصر شامل نہیں ہے، بدقسمتی سے ہمارے ملک میں اس قسم کی باتیں علم نجوم کے حوالے سے پھیلائی جاتی ہیں اور سادہ لوح عوام کو گمراہ کیا جاتا ہے، یاد رہے کہ ستارہ شناسی اور ستارہ پرستی میں بڑا فرق ہے، ماضی بعید میں دنیا بھر میں ستارہ پرستی عام رہی ہے اسی لیے دوسرے خلیفہ راشد حضرت عمرؓ نے جب محسوس کیا کہ سمندر میں جہاز رانی ضروری ہے اور اس ضرورت کے لیے علم ہیئت سے واقفیت بھی ضروری ہے تو آپ نے فرمایا ”لوگوں علم نجوم سیکھو مگر رک جاؤ، مبادہ ستارہ پرستی میں مبتلا نہ ہو جاؤ“

اس حقیقت سے انکار ممکن نہیں ہے کہ اللہ رب العزت کا قائم کردہ نظام کائنات ایک مخصوص حسابی سسٹم کے تحت چل رہا ہے، وہ خود فرماتا ہے کہ سیارے اپنے اپنے دائروں میں تیر رہے ہیں اور سورج کی مجال نہیں کہ قمر کو پکڑ لے اور قمر بھی ایسا نہیں کرسکتا، مفہوم یہ ہے کہ تمام سیارے اللہ کے قائم کردہ نظام کے تابع ہیں اور اپنی اپنی گردش میں مصروف ہیں، ان کی گردش صرف دن اور رات یا موسمیاتی تغیر و تبدل تک محدود نہیں ہیں بلکہ زمانوں کی تبدیلی بھی ان کی گردش کا طویل مدتی نتیجہ ہوتی ہے، یہ حقیقت سالہا سال کے ایسٹرولوجیکل مشاہدے اور مطالع سے ثابت ہو چکی ہے۔

اکثر یہ سیارگان جب کسی ایسی خاص پوزیشن میں آتے ہیں جو معمول کے خلاف اور برسوں میں کبھی تشکیل پاتی ہے تو ماہرین فلکیات ان پر ضرور غور و فکر کرتے ہیں اور یہ سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں کہ آنے والے زمانوں میں کیا توقعات کی جاسکتی ہیں، تاریخ ہمیں بتاتی ہے کہ ہمارا نظام کائنات منجمد نہیں ہے، ازل سے ہی اس میں تبدیلیاں ہوتی رہی ہیں، یہ تبدیلیاں صرف ارضیاتی ہی نہیں معاشرتی، نظریاتی اور علمی ہوتی ہیں، قوموں کے عروج و زوال ان تبدیلیوں کے مظہر ہیں۔

26 دسمبر 2019ء کو ایسا ہی ایک اہم سیاروی اجتماع ہونے والا ہے یعنی تقریباً سات اجرام فلکی ایک ہی برج قوس میں جمع ہوں گے، یونانی سسٹم کے مطابق یہ اجتماع برج جدی میں ہوگا، جب کہ ویدک سسٹم کے مطابق برج قوس میں، دونوں صورتوں میں برج کا حاکم سیارہ اس اجتماع میں شامل ہوگا۔

عزیزان من! ایسے سیاروی اجتماعات ماضی میں بھی ہوتے رہے ہیں اور ہم تاریخ پر نظر ڈالیں تو معلوم ہوتا ہے کہ ایسے اجتماعات کے بعد دنیا بہت بڑے پیمانے پر تبدیلیوں کے مراحل سے گزرتی ہے، گویا ایک نئے دور یا زمانے کا

آغاز ہوتا ہے، موجودہ اجتماع سے قبل ایسا ہی اجتماع برج حمل میں 4 مئی 2000ء میں ہوا تھا، ہم دیکھتے ہیں کہ اس کے بعد دنیا کس طرح تبدیل ہوئی، برج حمل کا حاکم سیارہ مریخ طاقت و توانائی سے متعلق ہے لہٰذا دنیا بھر میں طاقت کا استعمال گزشتہ بیس سال سے جاری ہے، اس کے بعد نائن الیون کا خوف ناک واقعہ پیش آیا اور اس کے نتیجے میں امریکا نے افغانستان پر حملہ کیا، عراق پر امریکی حملہ بھی اس اجتماع کے بعد ہی ہوا، ساری دنیا میں عالم اسلام کے خلاف دہشت گردی کا پروپیگنڈا کیا گیا، امریکا جو کہ فطری طور پر ایک جنگ جو قوم ہے، اپنی طاقت اور اثر و رسوخ کی بنیاد پر دنیا بھر میں کوئی نہ کوئی تنازع کھڑا کرتا رہتا ہے، بہر حال سن 2000ء سے اور 2019ء تک دنیا میں جو تبدیلیاں آئیں اور جو حالات و واقعات رہے، سب کے سامنے ہیں، اس سے بھی پیچھے ہم جائیں تو تقریباً بیس سال قبل یکم ستمبر 1981ء کو ایسا ہی سیاروی اجتماع برج سنبلہ میں ہوا جس کے نتیجے میں روس افغانستان میں داخل ہوا اور پھر مسلسل جنگ جس میں امریکا پوری طرح شامل رہا، روس ٹکڑے ٹکڑے ہوگیا، بعد میں مشرقی جرمنی اور مغربی جرمنی ایک ہوگئے، ایران، عراق جنگ، کویت پر عراقی حملہ اور پھر امریکا کی ایران کے خلاف کارروائی گویا بین الاقوامی سطح پر غیر معمولی تبدیلیاں سامنے آئیں۔

مزید ماضی میں دیکھیں تو ایسا سیاروی اجتماع 5 فروری 1962ء کو برج جدی میں نظر آتا ہے جس کے بعد روس اور امریکا کے درمیان سرد جنگ اپنے عروج پر پہنچی، دنیا کے دیگر ممالک کے درمیان زمینی تنازعات پر جنگ و جدل کا بازار گرم رہا، پاکستان اور بھارت کے درمیان دو جنگیں ہوئیں، پاکستان دولخت ہوگیا، اسرائیل اور عرب ممالک کے درمیان دو جنگیں ہوئیں، بیت المقدس اسرائیل کے قبضے میں چلا گیا، ایسا ہی اجتماع 26 اپریل 1941ء میں برج حمل میں نظر آتا ہے جس کے بعد دنیا یکسر تبدیل ہوگئی تھی، ایک بار پھر طاقت و توانائی کا بھرپور اظہار ہوا جس میں پہلی بار ایٹمی طاقت بھی استعمال کی گئی۔

26 دسمبر 2019ء کو ہونے والا سیاروی اجتماع اس اعتبار سے بھی منفرد ہے کہ اسی وقت سورج گہن بھی ہوگا، یہ ایک الگ بحث ہوگی، اہم بات یہ ہے کہ یہ اجتماع اس بار آئین و قانون، مذہب اور نظریات کے برج قوس میں ہو رہا ہے، موجودہ سیاروی اجتماع دنیا میں کیا تبدیلیاں لائے گا؟ اس کا انحصار دنیا کے مختلف ممالک کے انفرادی زائچوں پر ہوگا، اس حوالے سے علیحدہ مضمون کی ضرورت ہے جو بہت جلد آپ کی نظر سے گزرے گا، بنیادی بات بہر حال یہ ہے کہ اب دنیا نئے نظریات، نئے قوانین اور آئینی ضروریات پر زور دے گی، طاقت کے استعمال کے بجائے نظریاتی اور آئینی محاذ آرائی نمایاں ہوگی، مذہبی انتہا پسندی یا کسی بھی نظریے کی انتہا پسندی اور شدت میں اضافہ ہوگا۔

فی الوقت ہمارا موضوع صرف پاکستان ہے اور پاکستان کا پیدائشی برج ثور تین درجہ 55 دقیقہ ہے، چناں چہ یہ اہم سیاروی اجتماع پاکستان کے آٹھویں گھر میں ہوگا، اس گھر کو کایا کلپ کا گھر بھی سمجھا جاتا ہے یعنی نئی زندگی بعد از موت۔

واضح رہے کہ پاکستان کے علاوہ بھارت، مصر، ملائیشیا، بحرین اور میکسیکو کا پیدائشی برج بھی ثور ہے لیکن دیگر ملکوں کے زائچے اپنی پیدائشی سیاروی پوزیشن کے اعتبار سے ہی زیر بحث آسکتے ہیں، پاکستان کے زائچے میں اس سیاروی اجتماع کے اثرات کسی حد تک دوسرے ممالک سے مختلف ہوسکتے ہیں، اس اجتماع کے وقت راہو دوسرے گھر میں، مریخ ساتویں گھر میں اور نہایت حساس پوزیشن میں ہوگا جب کہ شمس، قمر، عطارد، مشتری، زحل، پلوٹو اور دیگر آٹھویں گھر میں ہوں گے، راہو کیتو کی موجودگی کے سبب قران شمس و قمر سورج گہن کا باعث بھی ہوگا، گویا زائچے کے اہم گھروں یعنی تیسرے، چوتھے، پانچویں، آٹھویں، دسویں گھروں کے مالکان اس اجتماع میں شریک ہوں گے، تیسرا گھر ایکشن، نئے فیصلوں اور اقدام کا ہے، اس کا تعلق ذرائع ابلاغ سے بھی ہے، اس کا حاکم قمر شمس سے قران کے سبب غروب ہوگا، چوتھے کا حاکم شمس ہے جس کا تعلق داخلی امور سے ہے، یہ راہو کیتو سے قریبی قران کی وجہ سے متاثرہ ہوگا، پانچویں گھر کا حاکم عطارد بھی غروب ہوگا اور آٹھویں گھر کا حاکم مشتری نہ صرف یہ کہ غروب ہوگا بلکہ راہو کیتو سے بھی متاثر ہوگا، زحل اور پلوٹو باہم قریبی قران میں ہوں گے، گویا زائچہء پاکستان کے تیسرے، چوتھے، پانچویں، آٹھویں اور دسویں گھر کے سیارگان بری طرح متاثر ہوں گے اور ان گھروں سے متعلق منسوبات بھی متاثر ہوں گی، مزید یہ کہ سیارہ مریخ زائچے کے ساتویں گھر میں رہتے ہوئے ساتویں، دسویں، پہلے اور دوسرے گھر کو متاثر کر رہا ہوگا، یہ صورت حال کسی طرح بھی

ملک وقوم اور موجودہ حکومت کے لیے بہتر نہیں ہے، وزیراعظم عمران خان پہلے ہی حالات کی سختی کا شکار ہیں جس میں دیگر سیکورٹی کے خطرات بھی شامل ہیں، اس صورت حال میں وہ کیا فیصلے کرتے ہیں اور ان فیصلوں کے کیا نتائج برآمد ہوتے ہیں اس حوالے سے کئی امکانات موجود ہیں جن پر اظہار خیال مناسب نہیں ہے، صرف اتنا سمجھ لینا کافی ہوگا کہ وہ ان لوگوں میں سے نہیں ہیں جو کسی مقابلے میں کمزوری دکھائیں اور ہتھیار ڈال دیں، آج کل میڈیا میں اس قسم کی باتیں بھی ہورہی ہیں کہ کوئی مائنس ون فارمولا زیر بحث ہے، اسمبلی ہی کے ذریعے تبدیلی لانے کے منصوبے زیر غور ہیں، وغیرہ وغیرہ، ہم پہلے اس اندیشے کا کئی بار اظہار کرچکے ہیں کہ عمران خان کسی انتہائی ناپسندیدہ صورت حال میں اسمبلی توڑنے کا قدم بھی اٹھا سکتے ہیں۔

سیارہ زہرہ جو زائچہ ء پاکستان میں چھٹے گھر کا حاکم اور فوج و بیوروکریسی، عدلیہ، الیکشن کمیشن کے عملی فیصلوں اور اقدام کو ظاہر کرتا ہے، اس موقع پر نویں گھر میں اور حساس مقام پر ہوگا، گویا کسی ایمر جنسی کے نفاذ کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا۔

سیاروی اجتماع کے طویل المدت اثرات

قدیم کلاسیکل ویدک ایسٹرولوجی میں ایسی پوزیشن کسی مخصوص "یوگ" کو ظاہر کرتی ہے، ویدک یوگ وڈیا کی قدیم کتابیں ہمیں بتاتی ہیں کہ جب تمام سیارگان کسی ایک برج یا دو یا تین برجوں میں قابض ہوں، اس صورت حال کو "سولہ یا گولا یوگ" کہا جاتا ہے، کسی شخص کے انفرادی زائچے میں ایسا یوگ نہایت منحوس تصور کیا جاتا ہے، وہ صاحب زائچہ کو ظالم بناتا ہے، دولت اور ہمت سے محروم کرتا ہے، جنگ جویانہ رجحان اور اس کے ساتھ ہی زخمی ہونے کا امکان ظاہر کرتا ہے لیکن ایسے یوگ کو جب کسی ملک یا قوم کے زائچے میں دیکھا جائے گا تو یہ نتیجہ اخذ کیا جاسکتا ہے کہ ملک یا قوم ظالمانہ روش اختیار کرے گی، معاشی بدحالی کا شکار ہوگی اور کسی جنگ کے نتیجے میں نقصان اٹھائے گی، کسی بھی یوگ کی مزید وضاحت کے لیے ضروری ہوتا ہے کہ اس بات پر نظر رکھی جائے کہ وہ یوگ ملک کے زائچے میں کون سے گھروں میں تشکیل پارہا ہے جیسا کہ پہلے ہم بتا چکے ہیں کہ برج ثور سے تعلق رکھنے والے ممالک کا آٹھواں گھر اس سیاروی اجتماع کا مرکز ہے جب کہ دیگر ملکوں کے زائچوں میں اس کی پوزیشن مختلف ہوگی لیکن یہ طے ہے کہ موجودہ یوگ دیگر ممالک کے زائچوں میں خواہ کسی بھی گھر میں ہو، سعد اثرات کا حامل نہیں ہوگا۔

برج ثور سے متعلق ممالک کی ہم نشان دہی کرچکے ہیں، دیگر اہم ممالک میں برج سرطان کے زیر اثر ممالک میں امریکا، روس، فرانس، ایران، ترکی شامل ہیں، ان ملکوں کے چھٹے گھر میں یہ سیاروی اجتماع ہوگا جس کے نتیجے میں نئے تنازعات جنم لیں گے اور نئی محاذ آرائیاں سامنے آئیں گی۔

برج سنبلہ کے زیر اثر انگلینڈ، جرمنی، کنیڈا، برما، لبنان اور افغانستان ہیں، ان ملکوں کے زائچوں میں یہ اجتماع چوتھے گھر میں ہوگا، داخلی صورت حال میں انتشار اور بدنظمی دیکھنے میں آئے گی، عوام کو مشکلات کا سامنا ہوگا۔

برج عقرب کے تحت شام، شمالی کوریا اور لیبیا ہے، موجودہ اجتماع زائچے کے دوسرے گھر میں ہوگا جس کا تعلق اسٹیٹس، معاشی اور اقتصادی صورت حال سے ہے، اچھی بات یہ ہے کہ سیارہ مریخ اور زہرہ اس قران میں شامل نہیں ہوں گے لہٰذا ان ملکوں میں صورت حال کو بہتر بنانے پر توجہ دی جائے گی لیکن ایک صبر آزما وقت گزرنے کے بعد۔

برج قوس کے زیر اثر سعودی عربیہ ہے، اس کے زائچے میں موجودہ اجتماع زائچے کے پہلے گھر میں ہوگا اور زائچے کا حاکم سیارہ مشتری غروب ہوگا، مستقبل میں نمایاں طور پر آئینی و نظریاتی تبدیلیاں سعودیہ عرب میں آسکتی ہیں، ملک کسی عوامی احتجاج کی طرف بڑھ سکتا ہے، مذہبی شدت پسندی میں کمی آئے گی، شاہی نظام کو خطرات پیدا ہوسکتے ہیں۔

برج جدی کے زیر اثر چین، جاپان، اسرائیل اور یوکرائن ہیں، موجودہ اجتماع زائچے کے بارھویں گھر میں ہوگا اور انتہائی نقصان دہ اثرات ڈالے گا، دیگر ممالک سے تنازعات بڑھیں گے اور اقتصادی اور تجارتی سرگرمیوں کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔

عزیزان من! یہ موضوع خاصا تفصیل طلب ہے، اس پر تفصیلی گفتگو کے لیے ہر ملک کے زائچے پر علیحدہ تجزیاتی نظر ڈالنے کی ضرورت ہے، چناں چہ ہم نے اختصار کے ساتھ اہم نکات بیان کردیے ہیں، ممکن ہوا تو آئندہ علیحدہ علیحدہ مختلف ممالک کے زائچوں پر تجزیاتی نظر ڈالنے کی کوشش کریں گے۔

آج کل پاکستانی آسٹرولجرز سے سب سے زیادہ پوچھے جانے والا سوال (سیّد مصوّر علی زنجانی)

پاکستان اور بھارت کے درمیان جنگ کے امکانات کس حد تک ہیں؟

پاکستان اپنے اندرونی حالات ہی سے نبرد آزما ہے، وہ جنگ چھیڑنے کے بارے میں سوچ بھی نہیں سکتا۔ پاکستان اور بھارت دونوں ملکوں کا پیدائشی برج ایک ہی ہے اور عموماً سیاروی گردش بھی تھوڑے سے فرق کے ساتھ دونوں کے لیے سعادت یا نحوست کا اثر ظاہر کرتی ہے۔

پاکستان اور بھارت کے مابین کشمیر کی شق 370 ختم کرنے اور اپنے اندر ضم کرنے کے بعد کشیدگی اپنے عروج پر ہے۔ پاکستانی قیادت نے بلاشبہ نہایت تدبر اور تحمل کا مظاہرہ کیا ہے، بھارتی اشتعال انگیزی کا جواب خاصے تحمل کے ساتھ دیا اور مسلسل مذاکرات کی اہمیت پر زور دیا، ضروری کارروائی کر کے بھارت کو یہ بھی سمجھا دیا کہ مسئلے کا حل جنگ نہیں ہے، اگر جنگ کی گئی تو دونوں ملک بدترین صورت حال سے دوچار ہوں گے، دونوں ملکوں کے زائچوں پر جنگ کے حوالے سے نظر ڈالی جائے تو پاکستان کے زائچے کی پوزیشن بھارت کے مقابلے میں بہتر ہے، کسی بھی مہم جوئی کا نتیجہ بھارت کے خلاف ہی جائے گا، دونوں ملکوں کا طالع پیدائش برج ثور ہے لیکن طالع کے درجات مختلف ہیں اور سیاروی بھی مختلف ہے، ٹرانزٹ کرتے ہوئے سیارگان کی پوزیشن بھارت کے زائچے میں شرپسندی کو ہوا دے رہی ہے تیسرے گھر اور اس میں واقع سیارگان پر اثر انداز ہو رہا ہے، مزید یہ کہ سیارہ مشتری 2020/2019ء آٹھویں گھر سے گزرتے ہوئے۔

بتاریخ 2 جنوری 1978ء دہلی بوقت 11 بجکر 59 منٹ

بین الاقوامی سطح پر بھی پاکستان کے فیصلوں اور اقدام کو پذیرائی ملی ہے، آیئے کشمیر کے زائچے پر ایک نظر ڈالتے ہیں۔

کشمیر:۔ کانگرس نے 2 جنوری 1978ء کشمیر کو آئینی حیثیت دی۔ کشمیر کے اس زائچہ میں مہادشا مشتری 26 فروری 2008ء تا 26 فروری 2024ء جاری ہے۔ ان دنوں کشمیر کا معاملہ بین الاقوامی حیثیت اختیار کر چکا ہے۔ زائچہ میں مشتری میں انتر دشا قمر 2 جولائی 2019ء تا 31 اکتوبر 2020ء جاری ہے۔ طالع عوام دسویں آزادی کشمیر کے معاملات کو تقویت دینے کا مشتر کہ حاکم سعد اکبر ستارہ مشتری بارہ سال بعد 5 نومبر 2019ء تا 20 نومبر 2020ء تک چلت میں دسویں گھر رہیگا۔ ان ایام میں کشمیری اور کشمیر پر آسمانی کونسل مہربان رہیگی ۔ مسئلہ کشمیر جنگ یا آبرومندانہ بین الاقوامی U.N.O دباؤ کے تحت بھارت چاہے یا نہ چاہے مسئلہ کشمیر حل ہو۔ ہم سب ملکر قدرت کی مہربانی کا انتظار کرتے ہیں۔ اپنے مظالم کشمیری بہن بھائیوں کی آزادی کے لئے دُعا گو ہیں۔

”بھارت کے کئی حصوں میں تقسیم ہونے کا وقت شروع“

بھارتی جنون اور کشمیر پر جابرانہ قبضے کی کوشش

شہزادہ سیّد مستور علی زنجانی

تاریخ گواہ ہے کہ ہندوستان بھارت یا انڈیا انگریزوں اور مغلیہ سلطنت سے پہلے بھی مختلف ریاستوں میں بٹا ہوا تھا۔ تقسیم ہند کے بعد بھی بھارت میں (1) ریاست جموں کشمیر (2) ریاست حیدر آباد دکن (3) ریاست اڑیسہ (4) ریاست بنگال (5) ریاست مدراس (6) ریاست پنجاب شامل نہ تھیں جو تقسیم ہند آزادی کے بعد زبردستی شامل کی گئیں۔ اب بھارت پاکستان کے ٹکڑے کرنے کے خواب دیکھ رہا ہے اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ ہم سے مشرقی پاکستان الگ کر چکا ہے۔ بھارت میں 24 سے زیادہ آزادی پسند تحریکیں کام کر رہی ہیں۔ کشمیر کو زبردستی ختم کرنے کے نتیجہ اور آزادی کشمیر کے ساتھ دوسری تحریکیں بھی اب بھارت سے علیحدگی کیلئے سرگرم ہو چکی ہیں۔ فرمانِ مولاؑ ہے کہ: ”**کفر کی حکومت تو قائم رہ سکتی ہے مگر ظلم کی نہیں**“ مکافات عمل ہے کہ ظالم مودی فرعون کی طرح جلد کیفر کردار کو پہنچے گا اور بھارت میں آزادی پسند قوتیں برج جدی بھارت سے منسوب ہے۔ 2020ء میں اہم ستارے زحل، مشتری اور پلوٹو کی برج جدی میں طویل عرصہ کیلئے آمد مکافات عمل کے تحت 2020ء سے بھارت کے ٹکڑے ہونے آزادی پسند تحریکیں قوت پکڑ جائیں گی۔

مذہبی جنون بھارت میں اپنی آخری حدوں کو چھو رہا ہے اور ایک ایسی سیاسی پارٹی برسر اقتدار ہے جو ابتدا ہی سے مذہبی انتہا پسندی کے لیے مشہور ہے، بھارتیہ جنتا پارٹی 2014ء میں برسر اقتدار آئی تھی لیکن اسمبلی میں اسے ایسی واضح اکثریت نہیں مل سکی تھی کہ وہ اپنے انتہا پسندانہ نظریات پر پوری طرح عمل درآمد کر سکے، 2019ء کے انتخابات میں اسے یہ موقع حاصل ہو گیا ہے چناں چہ وزیر اعظم نریندر مودی کو مقبوضہ کشمیر پر ایک سخت وار کرنے کا موقع مل گیا اور انھوں نے آرٹیکل 370 کو ختم کر کے مقبوضہ کشمیر کی بین الاقوامی شناخت ختم کر دی ہے، اس آرٹیکل کے تحت جو سابق بھارتی وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو اور کشمیری رہنما شیخ عبداللہ کے باہمی مذاکرات کے نتیجے میں وجود میں آیا تھا، کشمیر کو ایک خصوصی حیثیت حاصل تھی، وہ بھارت کا حصہ نہیں تھا بلکہ ایک آزاد ریاست تھی، اس کا اپنا پرچم تھا، اپنی خود مختار قومی اسمبلی تھی، خیال رہے کہ 1947ء میں بھی کشمیر ایک آزاد ریاست کے طور پر برصغیر کے نقشے میں نمایاں تھا، یہاں مسلم آبادی اکثریت میں تھی لیکن حکومت ایک ہندو راجا کی تھی، مسلم اکثریت چاہتی تھی کہ تقسیم ہند کے بعد پاکستان کے ساتھ الحاق کرے لیکن ہندو راجا اس کے لیے تیار نہیں تھا، اس نے اپنے طور پر بھارت سے الحاق کا فیصلہ کیا مگر یہ شرط قائم رکھی کہ کشمیر کو ایک آزاد ریاست کے طور پر تسلیم کیا جائے گا، چنانچہ 26 اکتوبر 1947ء کو بھارتی فوجیں اس کی دعوت پر کشمیر میں داخل ہو گئیں اور اس طرح بھارت جابرانہ طور پر کشمیر پر قابض ہو گیا۔

نریندر مودی نے آرٹیکل 370 کو ختم کر کے کشمیر کو بھارت کے ساتھ ضم کرنے کی جو کارروائی کی ہے یہ اگرچہ خود بھارت کے لیے نہایت خطرناک ثابت ہو گی لیکن پاکستان کے لیے بھی ایک تکلیف دہ عمل ہے، کشمیری مسلمان مسلسل ظلم و زیادتی کا شکار ہو رہے ہیں، ان کی نسل کشی کی جا رہی ہے، پورے کشمیر کو فوجی چھاؤنی بنا دیا گیا ہے اور کرفیو نافذ کر دیا گیا ہے، انٹرنیٹ یا ٹیلی فون کی سہولت منقطع کر دی گئی ہے۔

جہاں تک بھارت میں مذہبی جنون اور شدت پسندانہ رجحانات کا معاملہ ہے تو یہ لہر ستمبر 2025ء تک جاری رہے گی اور اس دوران میں ملک مکمل طور پر ایک ہندو ریاست نظر آئے گا، اس لہر کی انتہا دسمبر 2022ء سے مارچ 2026ء تک نظر آتی ہے اور یہی وہ وقت ہو گا جب بھارت میں انتشار اور علیحدگی پسندانہ رجحانات بھی عروج پر ہوں گے، گویا بھارت کے کئی حصوں میں تقسیم ہونے کا وقت شروع ہو جائے گا۔ بھارت کی تاریخ بتاتی ہے کہ وہ ہمیشہ سے مختلف ریاستوں میں تقسیم رہا ہے، کبھی کبھی کسی طاقت ور بادشاہ کا دور ضرور ایسا آیا ہے جب پورے ملک میں طویل عرصہ اس کی حکومت رہی ہو لیکن بحیثیت مجموعی ہمیشہ ہندوستان مختلف ریاستوں میں تقسیم رہا ہے اور آئندہ بھی ایسا ہی ہو گا۔

خواب بنے سراب

ایک کروڑ نوکریاں پچاس لاکھ مکانات

عوامی مشکلات کا حل علم نجوم کی روشنی میں

شہزادہ سید محمد علی زنجانی

حالات حاضرہ کے حساس موضوع پر آج ہم بات کرنے کی کوشش کریں گے۔ قیام پاکستان سے سال بہ سال یوں ہی گزرتے جا رہے ہیں۔ 73 سالوں میں جو بھی حکومت آئی ہے سادہ لوح پاکستانی عوام اس سے اپنے مسائل کے حل کیلئے بہت ساری توقعات وابستہ کر لیتے ہیں۔ مگر ہر حکومت پہلی حکومت سے زیادہ غربت مہنگائی افلاس بیروزگاری میں اضافہ کر دیتی ہے۔ تو عوام پچھلی حکومت کو اچھا اور موجودہ حکومت کو بُرا کہنے لگتے ہیں۔ P.T.I عمران خان صاحب کی حکومت آنے سے قبل فی پاکستانی ایک لاکھ تیس ہزار اور P.T.I کی حکومت آنے کے بعد ایک لاکھ پچانوے ہزار کا مقروض ہو چکا ہے۔ عمران خان صاحب نے خود ہی اپنا نام بقول تبصرہ نگاروں کے سونامی خان رکھا تھا۔ انکی حکومت کے آنے کے بعد مہنگائی کے سونامی نے جنم لیا حکومت آنے کے ایک سال کے اندر اندر ایک سو پندرہ فیصد اشیاء میں اضافہ ہو چکا ہے۔ پاکستانی قوم مستقبل کے سنہرے خواب آنکھوں میں سجائے خوشحالی، غربت، مہنگائی کے خاتمہ کی کتنی اُمیدیں باندھ چکے تھے وہ سب چکنا چور ہو گئیں۔ مہنگائی کے سبب عام عوام کی مشکلات میں کئی گنا اضافہ ہو چکا ہے۔ مہنگائی اور ٹیکسوں کی بھر مار ختم کرنے، پیٹرول، گیس، بجلی سستی کرنے کے خواب دکھانے والے عمران خان صاحب نے عوامی خواب سراب کر دیئے۔ اوپر سے آپکا فرمانا کہ گھبرائیں نہیں، سونے پہ سہاگہ کے اپنی حکومت کو مدینہ جیسی حکومت سے منسوب کرنا، پاکستانی معصوم عوام کیلئے حکومت اگر کچھ نہیں کر سکتی تھی تو کم از کم روٹی اور روزگار کے مسائل تو حل کر دیئے ہوتے فلاحی حکومتوں کی طرح نہ سہی عوام مفت تعلیم، علاج کما کر اپنی جیب سے ادا کر سکنے کی پوزیشن میں آ سکتے حکومت جب سے آئی ہے۔ انہوں نے کرپٹ عناصر کے خلاف کارروائیاں شروع کیں اور کرنی بھی چاہیں مگر دوسری جانب مہنگائی کا طوفان بڑھتا گیا۔ جو ہنوز جاری ہے۔ اس حکومت کی سب سے بڑی ناکامی یہ ہوگی اگر اس نے مہنگائی پر قابو نہ پایا تو مستقبل میں آنے والے دنوں میں اپوزیشن کے ساتھ عوامی غم و غصہ بھی عروج پر ہوگا۔ **آیئے ہم علم نجوم کی روشنی میں اس کا حل آپ کی مشاورت سے تلاش کرنے کی کوشش کرتے ہیں** نئے پاکستان کا نیا زائچہ 20 دسمبر 1971ء راولپنڈی 15 بجکر 6 منٹ جب پاکستان دولخت ہونے کے بعد جناب ذوالفقار علی بھٹو صاحب نے سول مارشل ایڈمنسٹریٹر کا حلف اُٹھایا۔ زائچہ پاکستان میں 2020/2019ء میں بحساب ویدک نجوم تین اہم ستارے بروج تبدیل کریں گے۔ ستارہ مشتری 5 نومبر 2019ء آٹھویں آکر 20 نومبر 2020ء تک رہیگا۔ ستارہ زحل 24 جنوری 2020ء تا 17 جنوری 2023ء تک نویں رہیگا۔ اپنے ہی گھر میں 30 سال بعد ستارہ زحل طاقتور زائچہ پاکستان میں مشتری 12,8,4,2 گھروں کو سعادت دے گا۔ ستارہ زحل 11,9,6,2 گھروں کو بھی 30 سال بعد عروج کا ہونے کے سبب طویل المعیاد مثبت تعمیر و ترقی کی راہیں اُجاگر کرے گا۔ قرآن پاک میں ارشاد ہے "خدا اس قوم کی حالت نہیں بدلتا جسے اپنی حالت بدلنے کا خیال نہ ہو۔ مدینہ کی ریاست کو نعرہ میں سیاسی قیادت کو درگذر برداشت اور درگذر رہنے والے معاملات میں درگذر بھی کرنا چاہیئے زحل ایک معلم انصاف کا بھی ستارہ جلد پاکستان کی تقدیر بدلنے کے لئے ملک میں یکساں نصاب تعلیم نہ سہی مگر پہلی تا پنجم کلاس قرآن پاک کا اُردو ترجمہ اور پھر چھٹی کلاس تا میٹرک قرآن پاک عربی بمعہ ترجمہ مادری زبان میں لازم اور نصاف کا حصہ بنایا جائے اور اس کے نمبرز بھی طالب علم کو دیئے جائیں کم از کم آنے والی نسل کی اپنے اصل مالک سے دوستی ہونے سے یہ جان سکے گی کہ ہمارا رب ہم سے کیا چاہتا ہے۔ 22 کروڑ عوام کو حکومت اساتذہ اگر یہ شعور عطا کرنے میں کامیاب ہو جائیں تو مستقبل میں ایسا نیا معاشرہ تشکیل پا سکتا ہے جو آج کے پاکستان سے بہتر ہوگا۔ 19 ستمبر 2020ء راہو طالع کیتو مقابل 17 مئی 2022ء تک رہیگا۔ راہو 9,5,1 اور کیتو 11,7,3 اہم گھروں کے منسوبات جن میں عوامی شعور مزاج سائنسی ایجوکیشن نئے نئے کاروباری وسائل بیروزگاری کے خاتمہ کیلئے پھر کوشش حکومت اور نجی ادارے مشترکہ طور سے کریں گے۔ **اہم ستاروں کی تبدیلی ایک بار پھر نظام کی تبدیلی کا اشارہ ہے۔ علم نجوم کی روشنی میں بلدیاتی** سطح پر نظام عوامی نمائندہ تک پہنچایا جائے بلدیاتی نظام ہی عوامی مشکلات اور انہیں دلاسا دینے کا ایک مفید حل ہے۔ حکومت اگر کسی کو دوا نہیں دے سکتی تو بلدیاتی اداروں کے اراکین عوام کو تسلی و تشفی تو دے سکتے ہیں۔ M.N.A اور M.P.A بیشتر عوام کی دسترس سے باہر ہیں۔ **زائچہ پاکستان میں 30 نومبر 2024ء مہادشا زحل جب شروع ہو گی تو پاکستان کے حالات اچھے ہونگے۔ ستارہ زحل بھی 30 سال بعد وتد السماء برج دلو اپنے فعلی ذاتی گھر عزت کے گھر میں ہوگا۔ تب تک پاکستانی عوام حکومتوں کی خوش فہمیوں میں آنے سے بچیں اور اچھے دنوں کی اُمید پر توبہ استغفار کا ورد کریں انشاء اللہ العزیز آزمائش طلب دن یوں ہی گزر کر اچھے دنوں کی ابتداء ہو ہی جائیگی۔**

ترتیب و پیشکش: شہزادہ حافظ سید محسن علی زنجانی

دسمبر کا گرہن اور حروف صوامت

گرہن بروز جمعرات 26 دسمبر صبح 07:29 پر ہوگا، انتہائی نقطہ عروج 10:17 پر ہوگا، جبکہ اختتام گرہن 13:05 دوپہر کو ہوگا

گرہن کا خاص عمل برائے وسعتِ رزق

قرآن پاک میں محوری گردش کے بارے فرمان الٰہی ہے: ''وہ ذات ایسی ہے جس نے رات اور دن اور سورج اور چاند پیدا فرمائے ہر ایک ایک دائرے میں گردش کر رہے ہیں۔'' (سورۃ انبیاء ۳۳)

پرانے زمانے میں لوگ گرہن کو دیکھ کر ڈر جاتے تھے اور کہتے تھے کہ کوئی بڑی آفت یا مصیبت آنے والی ہے۔ یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ جس وقت سرکار دو عالم حضرت محمد مصطفی ﷺ کے پیارے بیٹے کی وفات ہوئی تو اس وقت چاند گرہن لگا ہوا تھا۔ تو لوگوں نے کہا کہ فرزند رسولؐ کی وفات کی وجہ سے گرہن لگا ہے۔ آنحضرت ﷺ نے جب یہ بات سنی تو فرمایا کہ گرہن کو کسی کے مرنے یا جینے سے کوئی تعلق نہیں یہ تو اللہ کی نشانیاں ہیں۔ مگر آجکل کے دور میں گرہن کا نظارہ بھی دلچسپی سے خالی نہیں۔ سورج گرہن اس وقت ہوتا ہے جب سورج اور چاند کا قران ہو اور قران ہمیشہ ۲۸۔۲۹ تاریخوں کو ہوتا ہے۔ اس کے بعد چاند جب ہلال بن کر افق مغرب پر نمودار ہوتا ہے تو بہت باریک اور نیچے ہوتا ہے۔ زمین سورج اور چاند جب ایک لائن میں ہوتے ہیں اس دوران اگر چاند کا کچھ حصہ درمیان میں آجائے تو نامکمل گرہن ہوتا ہے۔ اس سے سورج کا کچھ حصہ چھپ جاتا ہے لیکن کناروں سے پیدا ہونے والے شعلے نظر نہیں آتے۔ چاند ہمیشہ زمین سے یکساں فاصلے پر نہیں ہوتا۔ جب عام حالت سے زیادہ فاصلہ پر ہوتا ہے تو اس کے سایہ کا گہرا حصہ زمین پر نہیں پہنچ سکتا تو قمری کرہ سورج کے قرص کو ڈھانپ نہیں سکتا تو سورج کا گھیرا چاند کے گرد ایک روشن حلقہ بنا دیتا ہے۔

مسلمانوں کو چاہئے کہ وہ ان اوقات میں عبادت و استغفار میں مشغول رہیں۔ مرد حضرات مساجد میں نماز کسوف یا خسوف ادا کریں یہ نماز باجماعت ہو۔ حدیث پاک میں بڑی تاکید آئی ہے۔ یہ وقت نحس ہوتا ہے اور اس کی تاثیر بہت طاقت ور ہوتی ہے۔ گرہن کے وقت میں جو بھی عمل کیا جائے وہ نہایت سریع الاثر ہوتا ہے۔ گرہن کے وقت کیونکہ شعاعیں زمین پر نہیں پڑتی ہیں تو زمین پر اچھا اثر کی صورت میں نہیں پڑ سکتا۔ سابقہ تجربات و واقعات اس بات کے شاہد ہیں کہ دُنیا میں بہت سی آنے والی مصیبتیں گرہنوں، دم دار ستاروں کے ظہور اور دیگر شہاب ثاقب کے ظہور کے بعد نازل ہوئی ہیں۔ اس طرح ان آسمانی مظاہر کو ایک نمایاں شہرت حاصل ہے۔ قرآن پاک نے بھی قیامت کی نشانیوں میں سے ایک نشانی گرہن کی بتائی ہے۔ آج کل کے جدید زیور تعلیم سے آراستہ تعلیم یافتہ طبقے کا ان تمام اہم واقعات کے ظہور پذیر ہونے پر مادی دلائل کی طرف جھکاؤ ہے۔ سائنس یہ بتاتی ہے کہ دُنیا کے اجسام قوت کے ایک زبردست کا سمک سمندر میں تیر رہے ہیں۔ اس سے بھی زیادہ تیزی کے ساتھ جتنا کہ ایک جہاز بارش میں جاتا ہے۔ اس کائنات میں ہر جسم قوت اور حرارت خارج کرتا ہے۔ اس طرح یہ کائنات ایک قوت سے کھیل رہی ہے اور زمین اس قوت حرارت کی شعاعوں کو 67,000 میل فی گھنٹہ کی رفتار سے کاٹ رہی ہے۔ جس کی وجہ سے قوت کے اس لامتناہی سمندر کی شعاعوں کے رخ اور مقدار میں تبدیلی ہو جاتی ہے۔ آسمانی اثرات سے زمین پر کیا تبدیلیاں ہوتی رہتی ہیں جیسے امور میں آج سائنس بڑی دلچسپی لے رہی ہے۔ علم نجوم والے اس سے یہ اندازہ لگاتے ہیں کہ کسی خاص مواقع نجوم سے انسانوں کا ردعمل دنیاوی مدوجذر، نئی پیچیدگیاں اور حالات پیدا ہونے کا سیاروں سے آنے والی کا سمک شعاعوں سے کیا تعلق ہے اور وہ مختلف مقامات پر جا کر طاقت کی تقسیم کا کیا کیا کردار ادا کرتے ہیں۔

آئینہ قسمت چونکہ روحانی علوم سے وابستہ رسالہ ہے۔ اس لئے گرہن

کے اوقات کی مناسبت سے پیدا ہونے والی روحانیات سے فائدہ اٹھانے کی کوشش کریں گے۔ اس دوران بندش کے تمام اعمال کی زکات ادا کی جاتی ہے۔ مثلاً سر درد' بخار' دانت درد یا دوسرے جو بھی بست کے اعمال ہیں ۔ لیکن خصوصاً اس وقت حروف صوامت جو بغیر نقطہ کے حروف ہیں ان کی زکات دی جاتی ہے۔ یہ قمری اعداد کے مطابق **543** بار حروف ''احل رسص طعك لموه'' کولکھا جاتا ہے۔ پھر مداومت کے طور پر **13** بار روزانہ لکھنا پڑتا ہے۔ ان حروف کی زکات کے بعد ہر قسم کی بندش مثلاً زبان بندی' قدم باندھنا' عشق باندھنا' جاری خون باندھنا' نظر باندھنا' ناجائز تعلقات کو باندھنا۔ کسی شخص کی بری عادات کو باندھنا۔ غرض انسانی زندگی کی حاجات کا چوتھائی حصہ پر عامل کو قدرت حاصل ہوجاتی ہے۔ ان اعمال سے طلسم تیار کرنا ہر عامل جانتا ہے۔ اس کے علاوہ گرہن کے اوقات میں عمل حب حاضری مطلوب کے سفلی اعمال کی زکات ادا کرنے کے ساتھ الحمد شریف کی ریاضت بھی کی جاسکتی ہے۔ بعض حضرات مندرہ علی ڈنکا کی زکوٰۃ بھی ادا کرتے ہیں۔ جیسا کہ میں نے اوپر لکھا ہے صرف صوامت ہر قسم کے امور کو باندھنا ان کے اعداد **543** ہیں۔ حروف نورانی میں سے

الٓمٓ طٰہٰ طٰسٓمٓ عٓسٓقٓ نٓ

کے اعداد بھی **543** ہیں۔ حروف نورانی سے تیار شدہ عمل ان تمام خباثتوں سے محفوظ رکھتے گا جو انسان و شیطان سے وابستہ ہیں مثلاً بدگویوں اور خلاف بولنے والوں کیلئے زبان بندی کا کام دے گا۔ حاسدوں کے حسد سے محفوظ کرے گا۔ نظر دزداں' ظالموں اور موذیوں سے مخفی رکھے گا۔ جن لوگوں کو مخالفین سے واسطہ پڑتا ہے۔ جن کے دشمن ہر وقت اسے نیچا دکھانے کی کوشش کرتے ہیں اور بدنام کرتے ہیں ان سب سے محفوظ رہنے کیلئے یہ حرز اسرار کا کام دے گا۔ گویا شر اشرار سے محفوظ کرنے کیلئے ایک حصار کا کام دے گا۔ یہ نقش خاکی **177** سے شروع ہوکر **185** پر ختم ہوگا۔ اس نقش کے نیچے زبان بندی اور شر الاشرار سے محفوظ رہنے کیلئے الگ الگ عزیمت میں رسالہ میں دینے سے خواہ مخواہ حجم بڑھے گا۔ اس موقع پر دو عمل دوں گا پہلے بندش کا عمل ہے یہ سورج گرہن یا چاند گرہن اول آخر درود شریف کے ساتھ **121** بار پڑھ لیں ایک سال کیلئے زکات ادا ہوجائے گی۔

عمل نمبر ۱: چھری بند کٹھاری بند۔ ڈال بند ڈول بند۔ سلامت والے کی علی بند۔ پکی بند ہمی بند............۔

عمل نمبر ۲: شاہ نہ شاہ سینہ میں گھسا کنجشک کالڑا دڑاڑا۔ تم ہو غریب پرور سارے جگت کے سرور دیکھو جمال انور یا مصطفی یا محمد ﷺ۔ مسجد میں محمد ﷺ میدان میں علی علیہ السلام۔ لائو لشکر کل علی علیہ السلام کل دفتر محمد ﷺ کا۔ کاجا دکاج بند ناڑہ و ناڑ بند نظر مکھی چوٹ بند مُکھی و سُکھی خبر رکھے۔ سلیمان پیغمبر کی دوھائی بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ ٥

ترکیب و فوائد: یہ عمل زبان بندی' نظر بندی' آسیب جن' شیطان' برائے دفع دشمن وغیرہ ہر مطلب حاجت' دفع تکلیف ہر قسم' حب اور عداوت وغیرہ کیلئے جب تک حاجت پوری نہ ہو روزانہ باوضو مصلے پر بیٹھ کر مقررہ وقت پر پڑھیں۔ عمل میں فقرہ (ہمی بند) کے بعد اپنی حاجت بیان کریں ہر مرتبہ بسم اللہ شریف کے ساتھ شروع کریں۔ یہ عمل بھی ایک تحفہ ہے۔ اس کی اگر زکات ادا کرلی جائے کسی اور عمل کی ضرورت نہیں رہتی۔

عمل خاص برائے ترقی رزق و وسعت رزق

گرہن کے وقت پر عمل میری طرف سے ایک سینہ کا راز اور تحفہ ہے۔ عمل کی ترکیب پر غور کریں اور وقت سے پہلے عمل تیار کریں۔ تفصیل درج ذیل ہے۔

(۱) سورۃ والشمس کے اعداد شمسی لیں اور ان کے حروف بنالیں۔ اگر تین حروف ہیں تو پہلے حرف سے مؤکل (آخر میں آئیل لگائیں) دوسرے سے جن (آخر میں یوش لگانے سے) تیسرے حرف سے اعوان (آخر میں طیش لگانے سے) بناؤ۔ اگر چار حروف ہوں تو پہلے دو اکٹھے کرکے مؤکل بناؤ اور باقی سے جن اور اعوان تیار کرو۔ (۲) اس سورۃ کے اعداد قمری لے کر ان کے حروف بنا کر حسب سابق اسمائے ثلاثہ مذکورہ پیدا کرو۔ (۳) اپنے نام معہ والدہ کے اعداد شمسی لے کر ان کے حروف بنا کر مؤکل جن اور اعوان پیدا کرو۔ یہ نو (۹) نام ہونگے۔ (۴) اب مثلث آتشی چال میں اس طرح پر

کرو۔ سورت الشمس سے شمسی حروف سے پیدا کردہ مؤکل جن اعوان خانہ اول دوم سوم میں لکھیں۔ ابجد قمری سے پیدا کردہ مؤکل جن اور اعوان نقش کے خانہ نمبر چہارم پنجم اور ششم میں پر کریں۔ اپنے نام سے پیدا کردہ مؤکل جن اعوان خانہ نمبر ۷۔۸۔۹ میں لکھیں۔ نقش کے اوپر ۷۸۶ لکھیں۔ (۵) سورج گرہن کے وقت نقش لکھنے سے قبل غسل کریں۔ پاکیزہ کپڑا پہنیں۔ معطر ہوکر صندل سرخ کا بخور سلگائیں۔ رجال الغیب کا خیال رکھتے ہوئے نئی قلم سے زعفران سے نقش لکھیں بعد میں اس نقش کو نگینہ کے نیچے رکھ دیں۔ انگشتری چاندی کی ہو۔ (۶) سورج گرہن کے دوسرے دن جو تاریخ ہو اتنی بار سورت شمس پڑھ کر انگوٹھی پر دم کریں اور ایک ایک کے اضافہ سے روزانہ سورت پڑھ کر دم کرتے رہیں۔ پڑھنے کی تعداد 40 روز تک ہے۔ تو عمل ختم سمجھیں۔ پڑھنے کا وقت ساعت شمس ہے۔ رات کو نہ پڑھیں۔ اس طلسم کے اثرات میں سے ترقی ملازمت، وسعت رزق، تسخیر خلائق کے علاوہ بہت کچھ فوائد ملیں گے۔ مثال حاضر ہے۔

(۱) سورۃ شمس کے اعداد ۸۱۱۴۷ خ ش غ ا ظ ی
خشائیل ۔ غایوش ۔ ظیطیش

(۲) سورۃ شمس کے اعداد قمری ۱۷۰۷۱ ا ع ز ی غ
اعائیل ۔ زیبوش ۔ غطیش

(۳) انتظار حسین ۲۵۳۱ اس ل ب ی
اسائیل ۔ لبیوش ۔ یطیش نقش اس طرح بنے گا۔

۷۸۶
جبرائیل

غطیش	خشائیل	لبیوش
اسائیل	زیبوش	ظیطیش
غایوش	یطیش	اعائیل

اسرافیل — عزرائیل — کھیعص — حمعسق

28 حروف قمری میں سے 13 حروف بے نکات ہیں جو کہ حروف صوامت کہلاتے ہیں چونکہ یہ خود بے نکات ہیں اور خالصتاً اپنی قوت اور خاصیت کو اپنے اندر مقدم رکھے ہوئے ہیں یعنی کسی طرح بھی نکات کی شکل میں اپنی قوت کو بکھیرے ہوئے نہ ہیں یہی وجہ ہے کہ یہ اپنی تاثیر ظاہر کرنے میں تیر بہدف ہیں ماہر علم الجفر جانتے ہیں کہ جو حروف اپنی شکل اور حالت کو قائم رکھتے ہیں وہ اپنے اندر بے پناہ طاقت سموئے ہوئے ہیں ان کی طاقت اور قوت ان کی اپنی ہی شکل میں قائم ہے اور ان کی طاقت کو اجاگر کرنے کیلئے جس طرح کے عمل تیار کرنا ہوں تو ویسی ساعات کا انتخاب کیا جاتا ہے حروف صوامت مفرد حالت میں اس طرح ہیں۔

ا ح د ر س ص ط ع ک ل م و ہ۔ ان کی مرکب حالت اس طرح ہے۔

احدرسص طعک لموہ

ماہرین علم الجفر حروف صوامت سے گرہن کے اوقات میں ان کی زکواۃ ادا کرتے ہیں اور ان سے تیز بہت اعمال تیار کرتے ہیں خاص کر گرہن اوقات میں عاملین اس سے عقد اللسان، عقد النوم عقد القدم، عقد النکاح، عقد الزنا، عقد الامراض جیسے عملیات تیار کرتے ہیں۔ قارئین آئینہ قسمت عقود کے علاوہ بھی گرہن کے اوقات میں ان سے حب، تحفظ اور اعلیٰ شان وشوکت اور فراوانی رزق کیلئے انتہائی پر تاثیر اعمال تیار کئے جاسکتے ہیں۔

سب سے پہلے حروف صوامت کی زکواۃ ادا کرنے سے قبل اسکی باقاعدہ اجازت حاصل کریں بعدازاں جانوروں اور پرندوں کو باجرہ اور کیڑے مکوڑوں کو شکر یا چینی ڈالیں پھر 2 رکعت نماز کسوف وخسوف ادا کریں حروف صوامت مرکب احدرسص طعک لموہ کو 7059 کی تعداد میں ورد کریں اور گرہن کے اوقات میں اسکی درج بالا تعداد پڑھ ایک گلاس پانی پر دم کر کے خود پی لیں اسکی زکواۃ اگلے سال کے گرہن تک قائم رہے گی اگر آپ مسلسل 3 گرہن اسکی زکواۃ ادا کرتے ہیں تو پھر مداومت کے طور پر 543 ہر سال پڑھنے سے تمام عمر کیلئے زکواۃ ادا ہوگی۔

7059 کی تعداد میں ورد کرنے سے آپ ہر قسم کے مرض کی بندش کر سکتے ہیں کیونکہ یہ بہت بڑا مثبت کام ہوگا۔ اسے علاوہ ہر قسم کی درد کیلئے اسکا دم کریں فوراً افاقہ ہوگا جوڑوں کے درد، ریڑھ کی ہڈی کا درد، کمر درد کیلئے تیل

پردم کر کے ملنے کیلئے دیں فوراً افاقہ ہوگا۔

عقد اور بندش کیلئے خواہ وہ زبان بندی ہو یا زنا کی بندش کرنا ہو اگر جائز ہو تو اس کیلئے آپ یوں عمل تیار کر سکتے ہیں۔ سب سے پہلے ایک سطر تیار کریں مثلاً زبان بندی کیلئے۔

قل اللسان (فلاں بن فلاں) فی غرض و حق فلاں بن فلاں بعد میں اسکی بسط حرفی کریں اور یہ آپکے پاس سطر اول ہو گی بعد میں اس کو حروف صوامت سے متزاج دیں اور اسکی تیسری سطر قائم کریں تیسری سطر کے اعداد جمع کر کے اسکا اکی چال سے 3 عدد کالی سیاہی یا نیلی سیاہی سے نقش تیار کریں پھر سطر سوم کے حروف کو چار چار حروف میں مرکب کر کے ان نقوش کے چاروں اطراف میں لکھ دیں ایک نقش کسی قبر کے سرہانے دفن کریں اور وہاں سے ایک چٹکی مٹی اٹھالیں دوسرا نقش اس مٹی میں ریزہ ریزہ کر کے مطلوب کے گھر پھینک دیں تیسرا نقش کسی کالے رنگ کے کپڑے میں لپیٹ کر اپنے گھر کے کسی اندھیرے کمرے میں وزن کے نیچے دبا کر رکھ دیں انشاء اللہ وہ آدمی 3 دن میں بدکلامی سے باز آجائے گا۔ حب کیلئے درج بالا عمل کی طرح ایک سطر قائم کریں۔

سطر:۔ بستم خواب و زبان (نام مطلوب بمعہ والدہ) الحب (نام طالب بمعہ والدہ) اس سطر کی بسط حرفی کریں یعنی ہر حرف کو مفرد کر کے علیحدہ علیحدہ لکھیں پھر اس میں حروف صوامت کو امتزاج دے کر سطر سوم قائم کریں۔ سطر سوم کے اعداد کو جمع کر کے 3 عدد مثلث بادی چال سے پر کریں یہ تینوں نقش مشک زعفران سے پر کریں پھر سطر سوم کے 4,4 حروف کو مرکب میں طلسم تیار کر کے نقش کے چاروں اطراف میں لکھ دیں ان میں سے ایک نقش مطلوب کی گزرگاہ میں دفن کریں دوسرا نقش کسی پھلدار پودے میں لٹکا دیں تیسرا طالب اپنے دائیں بازو کے ساتھ باندھ لے پھر طالب تماشہ قدرت دیکھے کہ کس طرح مطلوب حاضر ہو کر محبت کا دم بھرتا ہے قارئین اس عمل کیلئے حروف صوامت کی زکواۃ ادا ہونا ضروری ہے اگر بغیر زکواۃ یا بغیر اجازت اس عمل کو کریں گے تو بجائے حب کے نفرت بھی پیدا ہو سکتی ہے۔ اس لئے اس میں غلطی کی گنجائش نہ ہے اجازت کیلئے حضرت شاہ زنجانی سے ضرور حاصل کریں وگرنہ آپ جانتے ہیں کہ حروف صوامت میں معمولی لغزش

بھی نا قابل معافی بن جاتی ہے۔ اس عمل کو تیار کرنے کیلئے سیارہ اور برج کو ضرور سامنے رکھیں دوسرا مراتب ددی علوی اور سفلی کا ضرور خیال رکھیں نام مطلوب و طالب کے حروف سری سے اس کا سیارہ اور برج دیکھ کر ان بروج اور سیاروں کی اچھی نظر میں یہ عمل یا کریں تو اس سے بڑا عمل حب کوئی اور نہ ہے یہ تاثیر میں درجہ اول کی یثیت رکھتا ہے اس عمل کا اور کوئی ثانی نہ ہے۔

حروف صوامت کے سیارے اور بروج

بروج	جدی دلو	قوس حوت	حمل عقرب	اسد	ثور میزان	جوزا سنبلہ	سرطان
سیارے	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
معروف صوامت	اس	ع ل م	ھ ر	ط	ح	و ک	و ص

حروف صوامت کی عناصری خاصیت

حروف آتشی	ا	ھ	ط	م
بادی	و	ص	X	X
آبی	ک	س	X	X
خاکی	و	ح	ل	ع ر

عددی مراتب علوی۔ ادھ وح ط ک ل م س ع ص ر

ل حب کیلئے حروف صوامت مراتب عددی علوی کی ترتیب استعمال کریں ور بعض کے عمل میں مراتب سفلی کی ترتیب استعمال سے عمل کی طاقت فوراً اجاگر ہو جاتی ہے۔

فراوانی رزق اور مراتب علیٰ چھٹکارہ تنگدستی

راوانی رزق اور غلبہ دشمن دفع تنگدستی، اسرار غیبی کیلئے، عزت و مال تحفظ اور قام کو مقدم رکھنے میں انتہائی سریع التاثیر عمل۔

لاالہ الااللہ الواسع

ورد کر کے نقش پر دم کریں اگر بدنصیبی پیچھا نہیں چھوڑتی کبھی بانڈ یا انعام نہیں اٹھایا یا نصیب آوری نہ ہوئی ہو جن کی شادی نہ ہو رہی ہو اور رشتوں کے تمام دروازے بند ہو چکے ہوں رزق آتے ہی غائب ہو جاتا ہو۔ برکت نہ ہو۔ موت کا ڈر ہو ہر طرف اندھیرا اندھیر ہو۔ وہ حضرات جو ساری عمر نا کامیوں کا منہ دیکھ چکے ہوں کبھی بھی کامیابی نصیب نہ ہوئی ہو وہ اس انمول تحفہ کو ایک بار

ضرور کر کے دیکھیں پھر تماشہ قدرت دیکھیں اللہ تعالیٰ کے نزدیک آپ کس طرح عزیز ہوتے ہیں۔ تحفظ جان و مال اور وہ حضرات جو اپنے او پر بدنصیبی کا لیبل لگوا چکے ہیں وہ اس عمل کو باا جازت طریقہ سے خالص مشک وزعفران سے لکھ کر اس پر درج بالا آیت 333 مرتبہ ہر نماز کے بعد ورد کر کے دم کریں اور اس نقشکو بحفاظت اپنے پاس رکھیں دنیا کے خوش نصیب آپ ہونگے آزمائش شرط ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم جبرائیل

۱۱۲	۱۱۳	۱۰۸
۱۰۷	۱۱۱	۱۱۵
۱۱۴	۱۰۹	۱۱۰

یارصبائیل بحق لاالہ الا اللہ الواسع

چال نقش

۶	۷	۲
۱	۵	۹
۸	۳	۴

لاعلاج امراض کیلئے

قارئین آئینہ قسمت!

گر ہن اوقات میں یہ عمل لاعلاج امراض کیلئے تیار کیا جاتا ہے اس کے 22 دو نقش تیار کر کے ایک نقش مریض کے گلے میں ڈال دیں باقی میں سے ایک روزانہ مریض کو پلایا جائے بفضل تعالیٰ موذی سے موذی لاعلاج مرض ان ایام میں جاتا رہے گا۔ مثلاً کنیسر، شوگر ہیپاٹائٹس وغیرہ۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

م	ا	ل	س
ل	س	م	ا
س	ل	ا	م
ا	م	س	ل

یا سلام یا سلام یا سلام

خاتمہ سحر وآسیب وامراض

قارئین کرام! خاتمہ سحر وآسیب وجادو ٹونہ اور امراض کے خاتمہ کیلئے درج بالا عمل کی 22 عدد نقش لکھیں جائیں یہ نقش انتہائی پرتاثیر ہے اور کلمہ طیبہ کا ہے اس نقش سے جملہ علامات کے علاوہ خاتمہ نحوست اور بے برکتی بھی ختم ہو جاتی ہے طریقہ استعمال اس طرح ہے کہ ایک نقش مریض اپنے گلے میں پہن لے باقی نقوش میں سے روزانہ پانی میں حل کر کے مریض ایک پی لیا کریں تھوڑا سا پانی بچا کر اپنے کمرے کے کونوں میں چھڑ کے خیال رہے کہ پانی زمین پر نہ گرنے پائے۔ نقش خالص مشک وزعفران کے ساتھ لکھیں جائیں گے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۲۰۷	۲۰۹	۲۰۳
۲۰۲	۲۰۶	۲۱۱
۲۱۰	۲۰۴	۲۰۵

اللہ شافی اللہ کافی اللہ معافی

دربارِ مصطفائی کا روحانی فیض

نظراتِ سیّارگان کے عملیات برائے ماہِ دسمبر 2019ء

آسمانی کونسل میں نظراتِ سیارگان کی عملیات وتعویذات کی تیاری میں ایسے ہی اہمیت رکھتی ہے جیسے جسم میں روح کی ہو۔ مندرجہ ذیل اوقات تربیع میں نحس اعمال جبکہ تسدیس، تثلیث اور قران (بشرطیکہ قران نحس کواکب کا نہ ہو) میں سعد اعمال کیے جاتے ہیں۔

قارئین آئینہ قسمت! چند سال سے آپ نے اِس کالم میں تبدیلی محسوس کی ہوگی۔ نظر سیارگان کی اِبتداء، انتہا اور خاتمہ کے اوقات بن عملیات میں شامل کر کے ہم نے عاملین، شائقین عملیات کیلئے آسانی پیدا کر دی ہے۔ اب یہ اُلجھن ختم ہوگئی کہ فلاں سیارے کی نظر کب بن کر کب ختم ہوگی۔ اب عملیات کی تیاری میں پورے پورے وقت سے اِستفادہ کیا جا سکتا ہے۔ نقشہ ساعت (جو نیچے درج ہے) سے جو ہر دن طلوع آفتاب سے شروع ہوتی ہے، اپنے شہر کے طلوع آفتاب سے متعلقہ ستارے کی ساعت دیکھ کر اس ساعت میں تیار کیا گیا عمل اور بھی مؤثر ہو جاتا ہے۔ سالنامہ زنجانی جنتری **2019ء** میں بھی ہم نے اہم سالانہ نظرات سیارگان تفصیلی درج کیے ہیں۔ ہماری خدمت باعث فخر تبھی بن سکتی ہے، جب آپ وقتاً فوقتاً اپنے تبصروں سے نوازتے رہیں۔ **عامل شاہ زنجانی**

کسی بھی عمل کی ابتداء سے پہلے 2 رکعت نماز اجمالاً ہدیہ روح حضرت رسالت پناہ ﷺ مع سائر انبیاء، عظامؑ اور اولیاء کرامؒ پڑھیں۔ پھر مخصوص بہ نیت رجال الغیب مردان خدا جس سمت یہ اس روز کھڑے ہوں، اُن کی طرف باادب رُخ کر کے دائیں ہاتھ کی شہادت کی انگلی اُس سمت کھڑی کر کے درج ذیل دعا مع ایک بار بسم اللہ شریف پڑھ کر سات بار پڑھیں۔ رجال الغیب کی تواریخ کا چارٹ حسب ذیل ہے۔ عمل کرتے وقت رجال الغیب کی جانب اپنی پشت رکھیں۔

جنوب مشرق 24`16`09`01	جنوب مغرب 25`17`10`02	جنوب 26`18`11`03	مغرب 27`19`12`04
شمال مغرب 00`20`13`05	شمال مشرق 28`21`00`06	مشرق 29`22`14`07	شمال 30`23`15`08

بِسۡمِ اللهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ اَلسَّلَامُ عَلَيۡكُمۡ يَا رِجَالُ الۡغَيۡبِ وَيَا اَرۡوَاحُ الۡمُقَدَّسَةِ اَعِيۡنُوۡنِيۡ بِقُوَّةٍ وَّ انۡظُرُوۡنِيۡ بِنَظۡرَةٍ يَا رُقَبَاء يَا نُقَبَاء يَا نُجَبَاء يَا اَبۡدَال يَا اَوۡتَاد يَا قُطۡب يَا غَوۡث اَعِيۡنُوۡنِيۡ بِحُرۡمَةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيۡهِ وَسَلَّمَ وَ عَلٰى اٰلِهٖ وَاَصۡحَابِهٖ اَجۡمَعِيۡنَ

روحانی ماہنامہ آئینہ قسمت میں تمام اعمال نیک نیتی کی بناء پر عاملین وقارئین کے استفادہ کیلئے دیئے جاتے ہیں۔ جائز کام میں تو اللہ اور اس کا رسول ﷺ بھی مدد کرتے ہیں۔ ناجائز عمل کرنے سے باز رہیں، ورنہ سخت رجعت بھی ممکن ہے۔ بہرحال جب بھی کوئی عمل کریں تو لازم ہے کہ عمل کی رجعت سے بچنے کیلئے 6 کلو چینی، ایک کلو سوجی یا بارہ کلو باجرہ، دو کلو چاول اپنے سر سے وار کر رکھ لیں۔ بعد از عمل استعمال سے پہلے کسی بھی قبرستان جا کر عامل شاہ زنجانی کا اور اپنا اہل قبور کو سلام عرض کریں اور فاتحہ کوانی کر کے درختوں کی جڑوں میں حشرات الارض کو صدقہ ڈال دیں اور صدقہ ڈالنے کے بعد پیچھے مڑ کر نہ دیکھیں۔ یہ صدقہ صرف ایک عمل کیلئے ہے، دوسرے عمل کیلئے علیحدہ صدقہ دیں۔

ساعات کی ترتیب آپ کے شہر کے طلوع آفتاب سے شروع ہوتی ہے۔

شمار	پہلی								دوسری							تیسری							چوتھی	
دن	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴
اتوار	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
پیر	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
منگل	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
بدھ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
جمعرات	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
جمعہ	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
ہفتہ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ

تسدیس زہرہ مریخ:۔اس سعد وقت کی ابتداء 2 دسمبر 03 بجکر 08 منٹ مکمل نظر 3 دسمبر 20 بجکر 47 منٹ جبکہ خاتمہ نظر 5 دسمبر 14 بجکر 30 منٹ پر ہوگا۔ دوستوں میں اُلفت پیدا کرنے کیلئے 9 آیات قرآنی کے خالی البطن نقش سے فیض حاصل کریں۔

۷۸۶		
۵۴۳۳	۱۴۴۹۵	۱۸۱۱
۱۲۶۸۴	یہاں مقصد لکھیں	۹۰۵۵
۳۶۲۲	۷۳۴۴	۱۰۸۷۳

قران زہرہ زحل:۔علم نجوم میں اس سعد وقت کی ابتداء 10 دسمبر 17 بجکر 08 منٹ مکمل نظر 11 دسمبر 15 بجکر 04 منٹ جبکہ خاتمہ نظر 12 دسمبر 12 بجکر 21 منٹ پر ہوگا۔ زوجین یا دوستوں میں محبت پیدا کرنے، تسخیر حکام، افسران بالا کیلئے ساعت زہرہ میں سورۃ یوسف کا خالی البطن نقش لکھ کر باپرہیز پاس رکھیں۔

۷۸۶		
۱۲۵۹۹۴	۳۳۵۹۸۸	۴۱۹۹۸
۲۹۳۹۹۰	یہاں مقصد لکھیں	۲۰۹۹۹۰
۸۳۹۹۶	۱۶۷۹۹۲	۲۵۱۹۹۲

تسدیس مریخ زحل:۔اس سعد وقت کی ابتداء 17 دسمبر 19 بجکر 49 منٹ مکمل نظر 19 دسمبر 14 بجکر 59 منٹ جبکہ خاتمہ نظر 21 دسمبر 10 بجکر 10 منٹ پر ہوگا۔ باغبانی، زراعت، کی ترقی کے علاوہ رہائش، کاروباری جگہ میں خیر و برکت بڑھانے کیلئے سورۃ رحمٰن کا خالی البطن نقش لکھ کر فریم کروا کر لگائیں۔

۷۸۶		
۳۰۰۳۰۳	۸۰۰۸۱۰	۱۱۰۰۱۰۱
۷۰۰۷۰۹	یہاں مقصد لکھیں	۵۰۰۵۰۵
۲۰۰۲۰۲	۴۰۰۴۰۴	۶۰۰۶۰۸

قران شمس مشتری:۔ جدید علم نجوم میں اس سعد وقت کی ابتداء 26 دسمبر 17 بجکر صفر منٹ مکمل نظر 27 دسمبر 23 بجکر 25 منٹ جبکہ خاتمہ نظر 29 دسمبر 5 بجکر 50 منٹ پر ہوگا۔ ترقی دولت، حصول انعامات، نام آوری، نزدیکی سلاطین، حکام، افسران بالا کیلئے سورۃ یٰسین کا خالی البطن نقش ساعت شمس یا مشتری میں لکھ کر باپرہیز پاس رکھیں۔

۷۸۶		
۵۵۳۵۰	۱۴۷۶۱۰	۱۸۴۵۰
۱۲۹۱۶۰	یہاں مقصد لکھیں	۹۲۲۵۰
۳۶۹۰۰	۷۳۸۰۰	۱۱۰۷۱۰

اللہ جل جلالہ، محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور علی علیہ السلام

از تحریر: سجاد حسین جعفری، سرگودھا

قرآن پاک میں اسم "اللہ" کی تعداد

قرآن پاک میں اسم "اللہُ" پر پیش کے ساتھ 980 بار "اللہَ" پر زبر کے ساتھ 592 بار "اللہِ" کے نیچے زیر کے ساتھ 1125 بار آیا ہے۔

کل تعداد:۔ 2697 = 1125+592+980

قرآن پاک میں اسم "محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم" کی تعداد

قرآن پاک میں اسم "محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم" 4 بار آیا ہے۔ سورۃ آل عمران آیت 144 سورۃ احزاب آیت 40 سورۃ محمد آیت 2 سورۃ الفتح آیت 29

قرآن پاک میں اسم "علی علیہ السلام" کی تعداد

علی اللہ کا صفاتی نام بھی ہے قرآن میں یہ اسم بطور اللہ تعالیٰ کے صفاتی استعمال ہوا ہے۔ قرآن پاک میں لفظ "علی" 8 بار آیا ہے۔ سورۃ بقرہ آیت 255 (آیۃ الکرسی) سورۃ حج آیت 62 سورۃ لقمن آیت 30 سورۃ سبا آیت 23 سورۃ مومن آیت 12 سورۃ شوریٰ آیت 4 آیت 51 سورۃ زخروف آیت 4

کتاب المعجم المفہرس بلالفاظ القرآن الکریم کا تعارف

یہ کتاب بلاشبہ قرآن پاک کا اشاریہ ہے اس میں حروف تہجی کے اعتبار سے قرآنی الفاظ کی فہرست کے ساتھ یہ بھی بتایا گیا ہے کہ مطلوبہ لفظ قرآن پاک میں کل کتنی مرتبہ کس کس سورۃ میں کس کس آیت میں کہاں کہاں استعمال ہوا ہے۔ زیر اور زبر کے فرق کے لحاظ سے بھی الفاظ کی نشاندہی کی گئی ہے۔ علم جفر، علم الاعداد، علم حروف کے ماہرین کیلئے یہ ایک قرآنی ڈکشنری ہے۔

اسم اللہ اور اسم محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں 12 نسبتیں

اسم اللہ	اسم محمدؐ
1۔ اسم اللہ میں 4 حروف ہیں	اسم محمدؐ میں 4 حروف ہیں
2۔ اسم اللہ میں کوئی نقطہ نہیں	اسم محمدؐ میں کوئی نقطہ نہیں
3۔ اسم اللہ میں ایک شد ہے	اسم محمدؐ میں ایک شد ہے
4۔ اسم اللہ میں ایک حروف ہ ساکن ہے	اسم محمدؐ میں ایک حرف د ساکن ہے
5۔ اسم اللہ میں دو حروف (ا۔ہ) احاد ہیں (ایک بار آئے)	اسم محمدؐ میں دو حروف (ح۔د) احاد ہیں
6۔ اسم اللہ میں دو حروف (ل۔ل) عشرات ہیں (تکرار ہیں)	اسم محمدؐ میں دو حروف (م،م) عشرات ہیں
7۔ اسم اللہ میں ایک جنس کے دو حروف (ل۔ل)	اسم محمدؐ میں ایک جنس کے دو حروف (م،م)
8۔ اسم اللہ کے اعداد 66 جفت ہیں	اسم محمدؐ کے اعداد 92 جفت ہیں
9۔ 66 کی اکائی کا ہندسہ 2 پر قابل تقسیم	92 کی اکائی کا ہندسہ 2 پر قابل تقسیم
10۔ 66 کی دہائی کا ہندسہ 3 پر قابل تقسیم	92 کی دہائی ہندسہ 3 پر قابل تقسیم
11۔ 66 کے ہندسے کو آپس میں ضرب دے کر جمع کریں تو 9 آتا ہے۔	92 کے ہندسوں کو آپس میں ضرب دے کر جمع کریں تو 9 آتا ہے۔
6*6 =36 3+6=9	9*2= 18 1+8=9
12۔ اللہ	محمدؐ
ال ف ل ام ل ام ل ام ہ ا	م ی م ح ا م ی م م ی م د ا ل
ا ل ف م ہ	م ی ح ا د ل
5+40+80+30+1	30+4+1+8+10+40
21=5+4+8+3+1	21=3+4+1+8+1+4
3=2+1	3

محمدؐ

میم سے ہیں محبوب رب کے
حا سے حاکم عجم و عرب کے
دوسری میم سے مالک سب کے
دال سے داتا دونوں جہاں کے
جود ہے ان کا تمام
شہد سے میٹھا نام

ہندو شاعر کبیرؔ داس کہتے ہیں:

عدد نکالو ہر چیز کے چوگن کرلو وائے
دو ملا کے پچگن کر لو بیس کا بھاگ جگائے
باقی بچے کو نو گن کر لو دو اس میں اور ملائے
کہت کبیرؔ سنو بھئی سادھو نام محمدؐ آئے

قارئین اُردو کی درسی کتاب برائے جماعت ششم پنجاب ٹیکسٹ بک بورڈ لاہور میں ایک سبق "ریاضی کا علم" چھپا ہے اس میں مصنفین لکھتے ہیں کوئی بھی عدد لیں اس کو چارگنا کریں اس کے حاصل ضرب میں دو جمع کریں اور پھر اسے 5 سے ضرب دیں حاصل ضرب کو 2 پر تقسیم کریں جو باقی بچے اسے 9 سے ضرب دیں حاصل ضرب میں 2 جمع کریں جواب ہمیشہ 92 آئے گا۔

اگر بحساب ابجد نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے اسمِ مبارک محمدؐ کے اعداد لئے جائیں تو ان کا مجموعہ 92 ہوتا ہے۔ چونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذات تمام جہانوں کے لئے رحمت اور سراپا ہدایت ہے اسلیئے ہر چیز یا ہر شخص کے نام کے اعداد اسی نام مبارک کے اعداد کے گرد گھومتے ہیں۔ (اُردو کی چھٹی کتاب جنوری 2019ء)

محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اور علی علیہ السلام مشھور احادیث ھیں

1:۔ جو علیؑ سے محبت کرتا ہے وہ مجھ سے محبت کرتا ہے۔

2:۔ علیؑ میرا جسم، میرا گوشت اور میرا خون ہے۔

3:۔ علیؑ مجھ سے ہے اور میں علیؑ سے ہوں۔

4:۔ علیؑ دُنیا اور آخرت میں میرا بھائی ہے۔

پیر مہر علی شاہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ھیں:

مہر علیؑ ہے حُب نبیؐ حُبِ نبی ہے مہر علیؑ
لحمک لحمی جسمک جسمی فرق نہیں مابینِ پیا

مرثیہ نگار مرزا دبیر فرماتے ھیں:

اعاد محمدؐ اور علیؑ کو گِن لو
جب دونوں یہ باہم ہوں تو رَب ملتا ہے

محمدؐ کے عدد 92 اور علیؑ کے اعداد 110 ہیں ان دونوں اعداد کا مجموعہ 202 بنتا ہے۔ رَبّ کے عدد بھی 202 ہیں۔

الحاج سیّد ناظر حسین شاہ زنجانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ھیں:

محمدؐ اور علی لحمک لحمی
طلسم اس کا میں سمجھاؤں تجھے سُن
محمدؐ سے جو حرف م لے لے
علی کے ع کو بھی اک طرف چُن
کیا جمع تو حاصل ایک سو دس
علی ظاہر ہوئے سر کو ذرا دھن
جو باقی حم اور لی رہ گئے
وہ اعداد محمدؐ مظہر گن

سیّد ناظر حسین زنجانی ؒ قبلہ فرماتے ہیں کہ حضور پاک صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی حدیث مبارک ہے علیؑ کا گوشت میرا گوشت ہے علیؑ کا جسم میرا جسم ہے، علیؑ کا خون میرا خون ہے، اگر تجھے اس حدیث کی سمجھ نہیں آرہی تو آ تجھے سمجھاؤں اس طلسم کو علم جفر کی روشنی میں سمجھنے کی کوشش کر محمد سے حرف م لے اس کے عدد 40 ہیں علیؑ سے حرف ع علیحدہ کر اس کے عدد 70 ہیں ان کا مجموعہ 110=40+70 بنتا ہے جو کہ علیؑ کے عدد ہیں اب باقی حمد اور لی رہ گئے ہیں ان کا مجموعہ 92=40+52 بنتا ہے اور 92 محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے عدد ہیں۔

از تحریر: محمد اسد اللہ سلیمانی، جھنگ

کراماتِ جفر

’’لوح خاص دفع بندش‘‘

قارئین کی خدمت میں بندش دور کرنے کے لئے خاص الخاص عمل پیش کر رہا ہوں۔ جس کی برکت سے سخت سے سخت بندش کا خاتمہ کر سکتے ہیں۔ آج کے دور میں لوگوں کو بندش کی وجہ سے کافی مشکلات کا سامنا ہے۔ کوئی کاروبار کی بندش سے پریشان ہے، تو کوئی رشتہ نہ ہونے کی وجہ سے بندش کا شکار ہے۔ جسے دیکھو وہ پریشانی کے عالم میں ہے اور عامل کے پاس جا کر لوگوں کا صرف یہی سوال ہوتا ہے کہ مجھ پر یا میرے گھر پر بندش تو نہیں لگی ہوئی؟

آج ہم جس دور میں سانس لے رہے ہیں۔ یہ حسد اور بغض کا دور ہے۔ کوئی کسی کو برداشت کرنے کو تیار نہیں۔ اس لئے پھر حاسد لوگ سفلی علم والوں کے پاس جا کر بندش لگوا دیتے ہیں اور ایک اچھے بھلے گھرانے کو تباہ کرنے کی پوری کوشش کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ جنات کی طرف سے بھی بندش لگ جاتی ہے۔ یعنی بعض جگہ جنات رہتے ہیں یا کسی پر آ جاتے ہیں یا کسی عامل نے بھیجے ہوتے ہیں بندش لگانے کے لئے۔ تو ایسے مریض کے لئے کافی محنت کرنی پڑتی ہے تب جا کر بندش ختم ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ نظر بد کی وجہ سے بھی بندش لگ جاتی ہے۔ اور انسان اگر اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کرے اور گناہوں میں مبتلا رہے اور شریعت کا لحاظ نہ کرے تو پھر بھی اپنی غلطیوں کی وجہ سے بھی بندش کا شکار ہو جاتا ہے۔ اس لئے ہمیشہ نیکی کی طرف راغب رہنا چاہئے تا کہ انسان رکاوٹوں اور مصیبتوں سے بچا رہے۔ اگر کوئی واقعی کالے علم کی وجہ سے بندش کا شکار ہو یا جنات کی وجہ سے ہو یا کوئی اور وجہ سے بندش آپ پر لگی ہوئی ہے تو لوح دفع خاص بندش بنا کر اپنے پاس رکھیں۔ انشاء اللہ ہر طرح کی بندش سے نجات مل جائے گی۔ اس لوح مبارکہ کو بے شمار مقاصد میں استعمال کر سکتے ہیں۔ مثلاً کاروبار کی بندش دور کرنا، رشتہ و شادی کی بندش دور کرنا، ستاروں کی بندش لگی ہو تو پھر بھی فائدہ ہو گا۔ یعنی نحوست سے بچائے گی۔ بیرون ملک و حصول ملازمت میں بندش دور کرنا۔ جنات و سفلی ارواح وغیرہ کی بندش ختم ہو جاتی ہیں۔ غرض آپ ہر طرح کی بندش دور کر سکتے ہیں۔

ترکیب استعمال:۔

طریقہ یہ ہے کہ نوچندی جمعرات کو علیحدہ پاک و صاف کمرہ میں داخل ہو جائیں پھر خوشبودار بخور یا اگربتیاں سلگائیں۔ اب بعد از نماز عشاء مصلے پر بیٹھ جائیں۔ عامل خود بھی عطر خوشبودار لگا کر بیٹھے اور اپنا ’’خصوصی حصار‘‘ سے حصار کر کے بیٹھے۔ پھر گولڈن کاغذ پر تین عدد مشک و زعفران سے لوح مبارکہ تحریر کر کے اور عبارت عمل **313** بار پڑھے۔ اور الواح مبارکہ پر دم کر دیں اور نیاز بھی ساتھ رکھی ہو جو بعد میں تقسیم کر دیں۔ اسی طرح **11** روز مسلسل کرنا ہے۔ پھر ایک پاس رکھ لیں اور دوسری گھر میں لٹکائیں اور تیسری بوتل میں پانی ڈال کر لوح مبارکہ اس میں ڈال دیں۔ اس میں سے روزانہ پانی پیتے رہیں۔ انشاء اللہ **21** تا **41** روز میں اثرات شروع ہو جائیں گے۔ اور بندشیں ختم ہونا شروع ہو جائیں گی۔ فیض اُٹھانے والوں کو چاہئے کہ مجھ کو اپنی دُعاؤں میں یاد رکھیں۔

عبارت عمل:۔

بِسم اللہ الرَّحمٰن الرَّحیم: لا الہ کھول دے بندش الا اللہ ختم کر بند محمد رسول اللہ کرم کرو م پر بحق یا فتّاحُ تفتحت بالفتح والفتح فی فتح فتحک یا فتّاح العجل الساعۃ الوحا۔

نقش مبارکہ یہ ھے:۔

بِسمِ اللہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ

۳۳۵	۳۳۰	۳۳۷
۳۳۶	۳۳۴	۳۳۲
۳۳۱	۳۳۹	۳۳۳

(یہاں عبارت عمل لکھیں) و کفی باللہ شہیدا محمد رسول اللہ

کراماتِ جفر

"حصول انعام و محبت کے خاص اعمال"

قارئین کے لئے حصول انعام کا عمل پیش کر رہا ہوں۔ جو شخص مسلسل انعامی اسکیموں میں ناکام ہو رہا ہو اور مالی پریشانی میں مبتلا ہو اور کوئی حل نظر نہ آ رہا ہو تو پھر آپکو پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے اس عمل کی برکت سے پرائز بانڈ کے فسٹ سیکنڈ نمبر افریقہ، انگلینڈ، امریکہ، دبئی، تھائی لینڈ، اور ٹی وی پر ہونے والی لاٹریاں اور مرہ ہونے والی ملکی وغیر ملکی انعامی اسکیموں میں کامیابی کیلئے اور درست نمبر حاصل کرنے کے لئے تیار کر سکتے ہیں۔

عمل کا طریقہ:۔ کچھ یوں کہ نوچندی جمعرات کو ساعت مشتری کے سعد وقت میں جب قمر در عقرب نہ ہو میں شروع کر دیں علیحدہ علیحدہ جگہ ہونی چاہئے۔ جہاں خوشبودار بخور جلائیں اور رجال الغیب پیش پر ہوں۔ پھر سفید کاغذ پر مشک وزعفران سے درج ذیل طلسم انعامی لکھیں۔ اگر غلط طریقے سے طلسم لکھا تو اُلٹا نقصان ہوگا اور مالی مزید خرابی ہوگی۔ پھر تین سو تیرہ روپے (313) کی مٹھائی جو عمل سے پہلے موجود ہو اور حضرت علیؑ کی نیاز دلوائیں اور بچوں میں تقسیم کر دیں۔ اسی طرح لگاتار 9 روز کرنا ہے۔ سارا کام احتیاط سے کریں ورنہ کوئی فائدہ نہ ہوگا۔ پھر جب انعامی اسکیموں کے نمبر کی ضرورت ہو تو رات سونے سے پہلے بعد از نماز عشاء طلسم انعامی اپنی جیب میں رکھیں اور وظیفہ 350 مرتبہ اوّل وآخر درود شریف کے ساتھ پڑھیں۔ اور دُعا کر کے سو جائیں۔ انشاء اللہ تین تا چھ روز میں درست اور واضح نمبر ملے گا اور یاد بھی صبح ہونے تک رہے گا۔ یہ زندگی میں عمل صرف ایک بار فائدہ دے گا۔ دوران عمل پرہیز جمالی کرنا ہے۔

عبارت عمل یہ ھے:۔ عزمت علیکم یا دردائیل بحق یا بدوح یا علیم یا خبیر فسٹ سیکنڈ نمبر بتاؤ بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ العجل الساعۃ الوحا۔

طلسم انعامی یہ ھے:۔

عطلب عصلب مقلو هفلو مقلهقلو مقلهفلو ههه
طسح یا بدوح یا بدوح یا بدوح اجب یا جیوش یا
پھروش یا بدوح یا بدوح یا بدوح فسٹ سیکنڈ نمبر بتاؤ
بحق یا بدوح العجل الساعۃ الوحا

قارئین کے لئے لوح تسخیر قلب خاص پیش کر رہا ہوں۔ اگر دو دلوں میں ناراضگی پائی جاتی ہو، یا ایک دوسرے میں قلبی دوستی چاہتے ہوں، چاہے میاں بیوی ہوں یا ناراض دوست ہوں، اس کے علاوہ بہن بھائیوں اور افسران اور دل پسند جگہ شادی کے واسطے بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

طریقہ یہ ھے:۔ نوچندی جملہ ساعت زہرہ میں علاوہ شرف واوج زہرہ یا ستارہ زہرہ کی تثلیث یا تسدیس میں بھی تیار کر سکتے ہیں۔ خوشبودار بخور سلگائیں اور پاک وصاف کمرہ ہو۔ رجال الغیب پشت پر رکھ کر بیٹھ جائیں اور اپنے کپڑوں پر خوشبودار عطر بھی لگائیں۔ تاکہ اثرات مزید بڑھ جائیں۔ گولڈن کاغذ پر مشک وزعفران وعرق گلاب سے لوح مبارکہ تیار کر لیں اور عبارت عمل 500 بار پڑھ کر دم کر دیں۔ اسی طرح 11 روز کرنا ہے۔ اور ساتھ نیاز بھی دینی ہے۔ اور دو عدد تیار کرنے کے بعد لوح مبارکہ پر دم کرنا ہے۔ جب 11 دن پورے ہو جائیں تو ایک اپنے پاس رکھ لیں اور دوسری پھل دار درخت کے

ساتھ باندھ دیں۔ اور عبارت عمل روزانہ مقررہ وقت میں 500 بار نماز عشاء کے بعد 41 روز تک پڑھتے رہیں اور کوئی ناغہ نہ ہو۔ انشاء اللہ 21 تا 41 روز میں مسئلہ حل ہو جائے گا۔ ناجائز ہرگز نہ کریں۔

عبارت عمل یہ ھے:- عزمت و اقسمت علیکم یا معشر الجن و الانس و الارواح بحق حضرت سلیمان بن دائود علیہما السلام و بحرمت یا ودود یا عزیز یا لطیف یا بدوح یا کریم فلاں بن فلاں کے دل میں فلاں بنت فلاں کی محبت شدید پیدا ہو بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ العجل الساعۃ الوحا۔

جبرائیل فوراً — میکائیل الوحی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۱۰۱	۱۰۴	۱۰۷	۹۲
۱۰۶	۹۵	۱۰۰	۱۰۵
۹۶	۱۰۹	۱۰۲	۹۹
۱۰۳	۹۸	۹۷	۱۰۸

کھیعص — حمعسق

وکفی باللہ شہیدا محمد رسول اللہ

جبرائیل فوراً — میکائیل الوحی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۷۹	۸۲	۸۵	۷۲
۸۴	۷۳	۷۸	۸۳
۷۴	۸۷	۸۰	۷۷
۸۱	۷۶	۷۵	۸۶

کھیعص — حمعسق

(یہاں عبارت عمل لکھیں) وکفی باللہ شہیدا محمد رسول اللہ

اگر کوئی چاہے کہ میرا کام ہو جائے یعنی کوئی عرضی منظور کروانی ہو۔ مثلاً نوکری کی تلاش ہو، پسند کی شادی ہو، کوئی جھگڑا ختم کروانا ہو، کسی بھی قسم کی عرضی منظور کروانی ہو تو ایسی سیپ حاصل کریں جس سے موتی نکال لیا ہو اپنی عرضی لکھ کر سیپ میں رکھ کر مضبوطی سے بند کر کے چلتے پانی میں ڈال دیں مگر ڈالنے سے پہلے سیپ پر 11 بار الحمد شریف یعنی سورۃ فاتحہ پڑھ کر پانی میں ڈال دیں۔ پھر دیکھیں پردہ غیب سے آپ کا کام ہو جائے گا۔ پھر آپ کہیں گے۔ شکر الحمد للہ۔

یہ جنات کے قبیلہ ذتخ کی ایک باقوت پری ہے جو پختہ عمر کی صاحب عقل و شعور ہے۔ حاضری کے وقت عاملین کے لیے ایک شرط عائد کرتی ہے کہ وہ غیر شرعی کام نہ کریں۔ اس کی تسخیر صرف گرہن میں ہوتی ہے۔

جب گرہن ہو اس وقت کسی جاری پانی میں چاند کے عکس پر نظر جما کر مندرجہ ذیل عبارت پڑتے رہیں۔ گرہن کے ختم ہوتے ہی حاضر ہو گی۔ حاضر ہونے کا طریقہ پوچھ لیں۔

عبارت عمل یہ ہے:

عزمت و اقسمت یا ذو زدیوش احضری فی ھذا الوقت اھوم الساعۃ الوحا نوموش نوموش نوموش

از تحریر: چوہدری عدیل شہزاد، نوشہرہ کینٹ

چٹکلہ حُب

محترم قارئین آئینہ قسمت! کافی عرصہ کے بعد آپ کی خدمت میں دوبارہ ایک مجرب عمل لے کر حاضر ہورہا ہوں۔ امید ہے کہ آپ بھی میرے اس عمل سے مستفید ہوں گے۔
یہ عمل جناب کاش البرنی صاحب کی کتاب عامل کامل حصہ اول میں بھی درج ہے لیکن وہاں پر اسے تحریر کرنے کا مکمل طریقہ تحریر نہیں ہے۔ اس کا مکمل طریقہ تحریر جو کہ مجھے میرے استاد محترم راجہ افتخار حسین جعفر طیار صاحب کی طرف سے تعلیم میں ملا جسے آزمایا اور درست پایا جو کہ آج آپ کی خدمت میں تحریر کیا جاتا ہے۔ یہ عمل ان لوگوں کے لیے کارآمد ہے جن کے مطلوب ومحبوب کے نام کا پہلا حرف مندرجہ ذیل حروف ا، ھ، و، ح، ط، ک، ل، م، س، ع، ض میں موجود ہے۔ اگر نہیں ہے تو آپ اسے نہ استعمال کریں اور بہت سے اعمال موجود ہیں ان سے فائدہ اٹھائیں۔ میں نے تمام نقش سرحروف کے مطابق پر کر دیے ہیں۔
آپ نے صرف اپنے مطلوب کے سرحروف والے نقش کو دی گئی چال کے مطابق سعد نظرات وسعد ساعات یعنی زہرہ میں زعفران سے پر کریں اور نیچے مطلوب کا نام معہ والدہ یعنی اس طرح لکھیں۔ ''فلاں/ بنت فلاں فوراً فلاں بنت فلاں کے پاس حاضر ہو'' یہ عامل حضرات دوسروں کو لکھ کر دیں۔ اگر خود لکھے تو یوں لکھیں۔ ''فلاں بن/ بنت فلاں فوراً میرے پاس حاضر ہو''۔ اب اس نقش کو کسی وزنی پتھر کے نیچے دبادیں۔ انشاءاللہ مطلوب حاضر ہوگا۔

1- اگر مطلوب کا سرحرف ا ہے تو یہ نقش لکھیں

ک	ل	ض	ھ
و	ا		م
س	ع	ط	ح

2- اگر مطلوب کا سرحرف ھ ہے تو یہ نقش لکھیں

ک	ل	ض	ا
و	ھ		م
س	ع	ط	ح

3- اگر مطلوب کا سرحرف و ہے۔ تو یہ نقش لکھیں

ک	ل	ض	ا
ھ	و		م
س	ع	ط	ح

4- اگر مطلوب کا سرحرف ح ہے۔ تو یہ نقش لکھیں

ک	ل	ض	ا
ھ	ح		م
س	ع	ط	و

5- اگر مطلوب کا سرحرف ط ہے تو یہ نقش لکھیں

ک	ل	ض	ا
ھ	ط		م
س	ع	ح	و

6- اگر مطلوب کا سرحرف ک ہے تو یہ نقش لکھیں

ط	ل	ض	ا
ھ	ک		م
س	ع	ح	و

7- اگر مطلوب کا سرحرف ل ہے۔ تو یہ نقش لکھیں

ط	ک	ض	ا
ھ	ل		م
س	ع	ح	و

8- اگر مطلوب کا سرحرف م ہے۔ تو یہ نقش لکھیں

ط	ک	ض	ا
ھ	م		ل
س	ع	ح	و

9- اگر مطلوب کا سرحرف س ہے تو یہ نقش لکھیں

ط	ک	ض	ا
ھ	س		ل
م	ع	ح	و

10- اگر مطلوب کا سرحرف ع ہے تو یہ نقش لکھیں

ط	ک	ض	ا
ھ	ع		ل
م	س	ح	و

11- اگر مطلوب کا سرحرف ض ہے۔ تو یہ نقش لکھیں

ط	ک	ع	ا
ھ	ض		ل
م	س	ح	و

12- یہاں تمام نقوش کو پر کرنے کی چال ہے۔ اس چال کے مطابق پر کریں

۶	۷	۱۱	۲
۳	۱		۸
۹	۱۰	۵	۴

میں نے تمام تفاصیل تحریر کر دی ہیں۔ پہلے غور سے پڑھیں اور پھر اس پر عمل کر کے فائدہ اٹھائیں اور میرے والد واستاد محترم راجہ افتخار حسین جعفر طیار اور جناب سید انتظار حسین شاہ زنجانی صاحب کے لیے دعائے خیر فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ ہمارا سب کا اگلا جہان اچھا کرے۔
اس کے چند ایک طریقہ اور بھی ہیں اگر اس میں مزید لکھا جائے تو یہ آئینہ قسمت کے اوراق و دیگر کالم نگاروں کے ساتھ زیادتی ہوگی۔ یہ بھی جناب سید انتظار حسین شاہ زنجانی صاحب کی عنایت ہے کہ انہوں نے اتنا لکھنے کی اجازت مرحمت فرمائی اور آپ کو بھی ان کا مشکور ہونا چاہیے کہ ان کی بدولت آپ کو ایک قیمتی جوہر ہاتھ لگا۔

1-اگر مطلوب کا سر حرف ک ہے تو یہ نقش تحریر کریں۔

ع	ل	ھ	ا
و	ک		ط
س	ض	ح	م

2-اگر مطلوب کا سر حرف ع ہے تو یہ نقش تحریر کریں۔

ک	ل	ھ	ا
و	ع		ط
س	ض	ح	م

3-اگر مطلوب کا سر حرف ل ہے۔ تو یہ نقش نقش تحریر کریں۔

ک	ع	ھ	ا
و	ل		ط
س	ض	ح	م

4-اگر مطلوب کا سر حرف ھ ہے۔ تو یہ نقش تحریر کریں۔

ک	ع	ل	ا
و	ھ		ط
س	ض	ح	م

5-اگر مطلوب کا سر حرف ا ہے تو یہ نقش تحریر کریں۔

ک	ع	ل	ھ
و	ا		ط
س	ض	ح	م

6-اگر مطلوب کا سر حرف و ہے تو یہ نقش تحریر کریں۔

ک	ع	ل	ھ
ا	و		ط
س	ض	ح	م

7-اگر مطلوب کا سر حرف س ہے۔ تو یہ نقش تحریر کریں۔

ک	ع	ل	ھ
ا	س		ط
و	ض	ح	م

8-اگر مطلوب کا سر حرف ط ہے۔ تو یہ نقش تحریر کریں۔

ک	ع	ل	ھ
ا	ط		س
و	ض	ح	م

9-اگر مطلوب کا سر حرف ض ہے تو یہ نقش تحریر کریں۔

ک	ع	ل	ھ
ا	ض		س
و	ط	ح	م

10-اگر مطلوب کا سر حرف ح ہے تو یہ نقش تحریر کریں۔

ک	ع	ل	ھ
ا	ح		س
و	ط	ض	م

11-اگر مطلوب کا سر حرف م ہے۔ تو یہ نقش تحریر کریں۔

ک	ع	ل	ھ
ا	م		س
و	ط	ض	ح

12-یہاں تمام نقوش کو پر کرنے کی چال ہے۔ اس چال کے مطابق پر کریں

۲	۳	۴	۵
۶	۱		۸
۷	۹	۱۰	۱۱

حروف: ک ع ل ھ ا و س ط ض ح م۔ بنانے کا طریقہ وہی ہے یعنی ان حروف میں سے اپنے مطلوب کے سر حروف کا حروف دیکھیں۔ اگر موجود ہو تو یہ چٹکلہ آپ کو کام دے گا۔ ورنہ دیگر اعمال کی طرف رجوع کریں۔ اب آپ کی آسانی کے لیے تمام سر حروف کے نقوش پر کر دیتا ہوں۔ آپ حرف اپنے مطلوب کے سر حرف والے نقش کو چال کے مطابق پر کریں۔

اب آپ اپنے مطلوب کے اعداد نکال کر اپنے متعلقہ نقش کے چاروں کونوں پر تحریر کریں اور اسی اعداد کے مطابق اسماء الٰہی تلاش کریں۔ جو کہ مقصد کے موافق ہوں۔ ان کو نقش کے نیچے یوں تحریر کریں۔ فلاں بن/ بنت فلاں (مطلوب) فلاں بن/ بنت فلاں (طالب) کے پاس جلد حاضر ہو۔ بحق یہاں اسماء الٰہی تحریر کریں۔ اب اسماء الٰہی کو مطلوب کے اعداد کے مطابق ورد کر کے نقش پر دم کریں اور کسی وزنی پتھر کے نیچے دبا دیں۔ مطلوب جلد حاضر ہو گا۔

ان نقش کو جب شمس بروج ثابت یعنی ثور، اسد، عقرب، ثابت وسعد نظرات وسعد ساعات میں تحریر کر کے استعمال میں لائیں۔

تیسرا طریقہ: اس کو یوں تیار کرنا ہے کہ طریقہ اول نمبر کے حروف کی ترتیب و دوئم کی چال کے مطابق پر کرنا ہے اور باقی بھی تمام اسی طرح عمل تیار کرنا ہے۔ یعنی طریقہ دوئم کے مطابق عمل کریں۔

چوتھا طریقہ: اس کو یوں تیار کرنا ہے کہ دوئم نمبر کے حروف کی ترتیب کو طریقہ اول کی چال کے مطابق پر کرنا ہے اور باقی تمام عمل بھی طریقہ دوئم کی طرح ہی تیار کرنا ہے۔

ازتحریر: منیر احمد میرانی، قمبر لاڑکانہ

ثاقب ارسل جفر

قارئین کرام آئینہ قسمت کی خدمت میں تسخیر خلق کے لیے آیت کریمہ پیش کر رہا ہوں۔ یقین ہے آپ کو پسند ضرور آئے گا۔ اگر خلقت میں معزز ہونا چاہیں یا مقبولیت چاہتے ہوں اگر عورتوں کے طبقے میں مقبولیت نہیں اگر اپنی قوم یا برادری میں کوئی درجہ نہ ہو اگر خاندان میں کوئی عزت نہیں کرتا اگر دفتر میں ساتھ کام کرنے والوں اور افسران میں آپ کی کوئی وقعت نہیں جب تم کسی کام کو کرنے لگو تو تمہیں آثار صاف نظر آتے ہوں کہ تمہارا کام تمہاری منشاء کے مطابق نہ ہوگا تو ذیل کی آیت کریمہ سے مدد لیں جس میں اللہ تعالیٰ کے تین اسم اعظم موجود ہیں۔ بڑی طاقت اور فضیلت والے آیت کریما ہے۔ جس انسان کہیں کا نہ کا ہی تو قرآن پاک کی مدد حاصل کریں۔ اللہ تعالیٰ جلد از جلد وہ مصیبت آسان و معاف فرمائے گا۔ اللہ تعالیٰ کی طرف آ کر تو دیکھو وہ رب الکریم طفیل اپنی سبب محمد مصطفیٰ ﷺ اور پنجتن پاک کے مزار (حضور معاف کریگا) کہا گیا اللہ تعالیٰ کی ڈوری کو مضبوط پکڑو کبھی آپ غافل نہیں ہوں گے۔

آیت کریمہ ہے۔ اِنَّ رَبِّی رَحِیْمٌ وَّدُوْدٌ ٥ پارہ ۱۲ سورۃ ہود میں درج ہے۔ اس کے علاوہ () نکالیں 541 مرتبہ

اور دو لوح ذوالکتابہ لکھیں ایک اپنے راست بازو میں باندھو، دوسری کو درخت ہبل یا زیتون میں بلند جگہ باندھو۔ اور اپنی مقصد اور اس آیت کریمہ کے اعداد قمری ملا کر دس دن پڑھیں۔ اس عمل کی اجازت شاہ زنجانی یا مجھ سے لے سکتے ہیں۔

۷۸۶
جبرائیل

ربی	ان	ودود	رحیم
رحیم	ودود	ان	ربی
ان	ربی	رحیم	ودود
ودود	رحیم	ربی	ان

اسرافیل
عزرائیل

چال بادی

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

تحریر: ایم اے قریشی، ملتان

فقیری نسخہ برائے ہیپاٹائٹس بی اور سی

قارئین آئینہ قسمت کی خدمت میں ایک بہت ہی کارآمد نسخہ تحریر کر رہا ہوں۔ جو کہ میرے بڑے بھائی نصیر احمد قریشی سانگھڑ نے مجھے عنایت فرمایا تھا اور یہ نسخہ وہ لاتعداد افراد کو یہ نسخہ دیا اور الحمدللہ وہ اب ٹھیک ہیں کیونکہ ان کا تعلق محکمہ صحت سول ہسپتال سے ہے۔ آج کل یہ ایک مرض ہیپاٹائٹس B اور C بڑا عام ہے۔ پاکستان کا تقریباً 10 فیصد آبادی کا حصہ اس سے متاثر ہے۔ اس مرض میں جگر پر اثر پڑتا ہے اور جگر انسان کی جسمانی صحت کا ایک کارآمد جز ہے۔ اگر جگر متاثر ہو جائے تو انسان کی زندگی مختصر ہو جاتی ہے جو لوگ اس مرض میں مبتلا ہیں وہ اس نسخہ کو ضرور آزما کر دیکھیں۔ انشاء اللہ صرف 7 دن میں صحت مل جائے گی اور بہت سستا نسخہ ہے۔ کیونکہ انگریزی ادویات اس مرض کی بہت مہنگی ہیں۔ کسی بھی پنسار سے آپ کو یہ چیزیں باآسانی مل جائیں گی۔

نسخہ : املی، کالی کشمش، مصری، سونف، سنا مکی۔ یہ تمام چیزیں اکٹھی ڈیڑھ پاؤ لینی ہیں۔ ان کی کل سات پڑیا بنا لیں۔ تمام اشیاء تھوڑی لیں، یہ 7 پڑیاں ایک ہفتہ کی دوا ہے۔ شربت کاسنی، عرق مکو۔

طریقہ استعمال : اب ایک پڑیا کو ایک گلاس پانی میں رات کو بھگو دیں۔ صبح اٹھ کر پانی کو باریک کپڑے سے چھان لیں۔ پانی علیحدہ کر کے بقیہ چیزوں کو دوبارہ پانی میں ڈال کر بھگو دیں، یہ پانی رات کو استعمال کرنا ہے۔ اب چھنا ہوا پانی لے کر ایک چمچ عرق مکو، ایک چمچ شربت کاسنی ملا کر نہار منہ پی لیں۔ اسی طرح دوسری خوراک رات کو سوتے وقت پی لیں۔ یعنی ایک پڑیا صبح، شام استعمال میں لائیں۔ یعنی 7 خوراکیں 14 مرتبہ پینی ہیں۔

پرہیز : اس دوران تیل کی اشیاء، کھٹی چیزیں بالکل مت کھائیں۔ باقی کوئی پرہیز نہیں ہے۔ یہ علاج تقریباً 6 ماہ کرنا ہے۔ انشاء اللہ یہ مرض ختم ہو جائے گا۔

نوٹ : اس دوا سے کچھ دست (پیچش) ہوں گے۔ اگر پیٹ زیادہ چلے تو سنامکی کی مقدار کم کر دیں۔ شفایاب ہونے پر غریبوں کو کھانا کھلائیں۔

میرے، نصیر احمد اور شاہ زنجانی کیلئے دعا خیر کریں۔ اللہ تمام کو اپنی امان میں رکھے۔ (آمین)

نیند آنے کا مجرب ترین عمل:

کسی فرد کو کسی نے سفلی علم یا جادو سے خواب بندی گردی ہو اور وہ شخص رات کو نہ سو سکے اُسے نیند نہ آئے تو ایسے میں سرسوں کے تیل پر سورۃ الفلق کو 41 مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور مریض کو ہدایت کرے کہ روزانہ اس تیل کی سر پہ مالش کیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے اثرات وجوہات باطل ہو جائیں گی اور مریض اپنے جسم میں سکون اور اطمینان محسوس کرے گا اور بھرپور نیند آئے گی۔

پرانے نزلہ وزکام کے لئے:

کسی کو بہت پرانے نزلہ وزکام کی شکایت ہو اور کسی بھی دوائی سے کوئی فرق نہ ہو رہا ہو تو سرسوں کے تیل پر سورۃ الفلق کو 41 مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور مریض رات کو اپنی ناک کے اور اپنی انگلیوں کی مدد سے مالش کرے تو پرانے سے پرانا نزلہ وزکام ٹھیک ہو جائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ

گلے میں گلٹی کے لئے روحانی عمل:

جس شخص کے گلے میں رسولی یا گلٹی پیدا ہو جائے تو کالے تلوں کے پاؤ تیل پر سورۃ الفلق کو روزانہ 110 مرتبہ پڑھے اور اس تیل کو بڑھانے کے لئے اس میں اور تیل ہرگز نہ ڈالے بلکہ اسی تیل پر دم کر کے اسے ہی استعمال کرے پھر اس تیل کو اپنے گلے پر مالش کرے گلے کے اندر جو بھی گلٹی رسولی ہوگی وہ اسی تیل کے اثر سے ختم ہوگی۔ اس عمل کو 7 (سات) دنوں تک کیا جائے اگر تیل ختم ہو جائے تو پھر دوبارہ نیا تیل لا کر اس پر دم کرے اور اسے استعمال کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ عزوجل شفا حاصل ہوگی۔

آج کل کے دور میں ہر دوسرا تیسرا شخص جادو کے زور سے نامرد ہو جاتا ہے۔ یا اس پر کوئی جنات مسلط کر دیتا ہے۔ جسکی وجہ سے وہ شادی سے بار بار انکار کرتا ہے۔ ایسی بندش خواتین پر بھی ہو جاتی ہے تو اس کے لئے طلسمی مندرہ حاضر خدمت ہے۔

الٰہی کھول جا، الٰہی کھول جا، یا اللہ کھول جا، یا رحمان کھول جا، یا رحیم کھول جا، یا کریم کھول جا، یا عزیز کھول جا، بحق پورا قرآن کھول جا، بحق یا حی یا قیوم کھول جا تمام حروف صوامت کی بندشیں کھول جا، بحق یا شیخ عبدالقادر جیلانی میری امداد فرما بحق یا حی یا قیوم۔

یہ مندرہ روزانہ (21) اکیس مرتبہ روزانہ پڑھیں۔ اس کے لئے چار دوائیاں لے کر اس پر دَم کرنا ہے۔ (1) کلونجی 1 پاؤ (2) کالی مرچ 1 پاؤ (3) تخمِ ملنگا 1 پاؤ (4) ایک تولہ زعفران لے کر سب کو پیس کر اس کے کیپسول بھر دیجئے اور یہ مندرہ (21) اکیس مرتبہ روز پڑھ کر پانی پر دم کر کے پیا کریں۔ اس کی برکت سے تمام بندشیں کھل جائیں گی۔ اللہ پاک سے دُعا ہے کہ اللہ پاک بہت برکت دے۔ اس کے ساتھ ایک نقش لکھ رہا ہوں وہ ہفتے کے دن 12:00 بجے لکھ کر پاس رکھیں۔ اللہ پاک بہت برکت دے گا۔ آخر میں مجھ گنہگار سید شعیب الرحمٰن شاہ اور میرے صاحبزادے شہزادے سید محمد ابوعبداللہ شاہ اور ادارہ آئینہ قسمت کے بزرگوں کے لئے دُعائے خیر فرمائیں۔

عملیات کے شائقین مندرجہ ذیل چال کے مطابق لکھیں۔ مثلاً 6 کے بعد 7۔ پہلا چھوٹا ہندسہ اگلے خانے میں اس سے بڑا۔ علی ہذا

برائے دفع غفلت ومہربانی حاکم

لَطِیْفُ (129)

۶	۲۹	۸۱	۱۳
۸۲	۱۲	۷	۲۸
۱۱	۷۹	۳۱	۸
ل۳۰	ط۹	ی۱۰	ف۸۰

برائے دُردِزہ و کشف قلب

خَبِیْرُ (812)

۱	۱۹۸	۱۲	۶۰۱
۱۳	خ۶۰	ب۲	۱۹۷
۵۹۹	ی۱۰	ر۲۰۰	۳۰
۱۹۹	۴	۵۹۸	۱۱

برائے حلم و دفع غیظ وغضب

حَلِیْمُ (88)

ح۸	ل۳۰	ی۱۰	م۴۰
۹	۴۱	۷	۳۱
۴۲	۱۲	۲۸	۶
۳۹	۵	۴۳	۱۱

برائے بزرگی و دفع دردِکمر

عَظِیْمُ(1020)

ع	۸	۴۱	۹۰۱
۴۲	ظ۹۰۰	۷۱	۷
۸۹۹	۳۹	ی۱۰	۷۲
۹	۷۳	۸۹۸	م۴۰

برائے حفظ وامان ودفع امراض

حَفِیْظُ (998)

ح۸	ف۸۰	ی۱۰	ظ۹۰۰
۹	۹۰۱	۷	۸۱
۹۰۲	۱۲	۷۸	۶
۷۹	۵	۹۳	۱۱

برائے دفع امراضِ چشم

مُقِیْتُ (550)

م۴۰	ق۱۰۰	ی۱۰	ت۴۰۰
۱۱	۳۹۹	۴۱	۹۹
۳۹۸	۸	۱۰۲	۴۲
۱۰۱	۴۳	۳۹۷	۹

برائے دفع خوف وردونظرِبد

حَسِیْبُ (80)

ح۸	س۶۰	ی۱۰	ب۲
۱۱	۱	۹	۵۹
۴	۱۲	۵۸	۶
۵۷	۷	۳	۱۳

برائے بزرگی و توقیر

جَلِیْلُ (73)

ج۳	ل۳	ی۱۰	ل۳۰
۲۷	۳	۱۱	۳۲
۱۲	۳۱	۲۸	۲
۱	۲۹	۳۴	۹

برائے اقتدارو قدورت

مُقْتَدِرُ (744)

م۴۰	ق۱۰۰	ت۳۰۰	در۲۰۴
۴۰۱	۲۰۳	۴۱	۹۹
۲۰۲	۳۹۸	۱۰۲	۴۲
۱۰۱	۴۳	۲۰۱	۳۹۹

برائے تعشق
مُقَدِّمُ (184)

م۴۰	د۴	ق۱۰۰	م۴۰
۱۰۱	۳۹	۴۱	۳
۳۸	۹۸	۶	۴۲
۵	۴۳	۳۷	۹۹

برائے عزت وتوقیر
سَمِیُعُ (180)

ع۷۰	ی۱۰	م	س
۳۹	۶۱	۶۹	۱۱
۶۲	۴۲	۸	۶۸
۹	۶۷	۶۳	۴۱

برائے درستی کارانجام
مُؤَخِّرُ (846)

ر۲۰۰	خ۶۰۰	و۶	م۴۰
۵	۴۱	۱۹۹	۶۰۱
۴۲	۸	۵۹۸	۱۹۸
۵۹۹	۱۹۷	۴۳	۷

برائے روشنی چشم
بَصِیرُ (333)

ر	ی	بص	ال
۹۱	۳۲	۱۹۹	۱۱
۳۳	۹۴	۸	۱۹۸
۹	۱۹۷	۳۴	۹۳

برائے درستی ابتدائے کار
اَلْاَوَّلُ (86)

ل	و	لا	ا
۳۰	۲	۲۹	۷
۳	۳۳	۴	۲۸
۵	۲۷	۴	۳۲

برائے مہربانی حاکم
حَکَمُ (68)

۷	۳۸	۳	۲۱
۳	ک۲۰	ح۸	۳۷
۱۹		م۴۰	۹
۳۹	۱۰	۱۸	۱

تونگری وعزت کے لیے
اَلْمَلِکُ (90)

	ک۲۰	ل۳۰	م۴۰
۳۱	۳۹	۱	۱۹
۳۸	۲۸	۲۲	۳
۲۱	۳	۳۷	۲۹

برائے حفظ وتسخیر
عَدُلُ (104)

	ل۳۰	د۴	ع۷۰
۵۴	۲۹	۸	۱۳
۳۱	۷	۶۰	۶
۱۹	۳۸	۳۲	۱۵

مقہوری اعداء و آسائش کے لیے
اَلْقُدُّوسُ (170)

س۶۰	و۶	د۴	ق۱۰۰
۳	۱۰۱	۵۹	۷
۹۸	۲	۸	۶۲
۹	۶۱	۹۹	۱

برائے استحکام و تعمیرات
بَاقِیُ (113)

ی۱۰	ق	ا	ب۲
۳۵	۳	۵۵	۲۰
۱۸	۶	۴۹	۴۰
۵۰	۴	۸	۵۱

دفع جنون وزیادتی علم کے لیے
سَلَامُ (131)

م۴۰	ا	ل۳۰	س۶۰
۲۹	۶۱	۳۹	۲
۵۸	۲۸	۳	۴۲
۴	۴۱	۵۹	۲۷

برائے حفظ زراعت وموروملخ
صَبُورُ (298)

۷	۳	۱۹۸	ص۹۰
۸۷	۲۰۱	ب۲	۸
۴	و۶	۸۹	۱۹۹
ر۲۰۰	۸۸	۹	۱

باقی صفحہ نمبر 38 پر

روحانیت وتصوف

(توکل)

از تحریر: قیصر احمد بی۔اے، کراچی

اللہ تعالیٰ ﷻ قرآن مجید میں سپارہ نمبر 5 کی سورۃ مائدہ آیت نمبر 23 میں فرماتا ہے۔ وَعَلَى اللّٰهِ فَتَوَكَّلُوْٓا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ''اگر ایمان رکھتے ہو تو اللہ پر توکل کرو۔''

توکل سے مراد بندے کا تمام اُمور میں اللہ تعالیٰ پر اعتماد کرنا ہے اور یہ صفت مومنین میں پائی جاتی ہے بلکہ آیات قرآنیہ کے تقاضا کے مطابق مومنین اور مومنات پر واجبات میں سے ایک ہے۔ توکل لغت میں وکیل کرنے کو کہتے ہیں اور وکیل کرنے والے شخص کو موکل کہتے ہیں اور جو شخص کام کرنے کا ذمہ لیتا ہے اسے وکیل کہتے ہیں البتہ اس صورت میں وکیل اور موکل کی شرائط ہیں۔ وکیل کی شرائط یہ ہیں کہ وہ موکل کی ضروریات کو جانتا ہو اور ان کو انجام دینے پر قادر ہو اور اس کی حاجات کو انجام دینا چاہتا ہو اور حکیم ہو۔ یعنی شئی کو اس کے مقام اور محل میں قرار دے۔ کیونکہ اگر حکیم نہ ہو تو ہوسکتا ہے وہ اپنے موکل کیلئے ایسا کام کرے جو اس کیلئے بہتر نہ ہو یا اس گمان سے کہ موکل کیلئے بہتر نہیں ہے کوئی کام ترک کردے جبکہ وہ اس کیلئے بہتر ہو۔

موکل کی شرائط یہ ہیں کہ وہ فقیر و عاجز اور فاقد حکمت ہو اور اس کام کو نہ جانتا ہو کیونکہ یہ چیزیں اگر اس میں نہ ہوں تو اسے وکیل کرنے کی ضرورت نہیں ہوگی وہ اپنی ضروریات کو خود انجام دے گا۔ جب یہ مقدمات ثابت ہوگئے تو یقینی طور پر کہہ سکتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ سے بہتر کوئی وکیل اور بندوں سے مناسب تر کوئی موکل نہیں ہے اور سب پر فرض ہے کہ وہ اپنے اُمور کو اللہ کے سپرد کردیں اور اس قادر، غنی، عالم اور حکیم پر توکل کریں کیونکہ بندوں میں موکل کی سب شرائط پائی جاتی ہیں۔ چنانچہ قرآن مجید میں ہے ''اے لوگو! تم سب کے سب اللہ کے محتاج ہو اور اللہ ہی سب سے بے نیاز حمد وثناء کے لائق ہے۔'' (سورۃ فاطر 15)

ایک اور مقام پر ہے اللہ نے تمہیں تمہاری ماؤں کے پیٹ سے نکالا تم بالکل ناسمجھ تھے اور تم کو کان دیئے اور آنکھیں اور دل (عنایت کئے) تاکہ تم شکر کرو۔ (سورۃ نحل 78) اور اسی طرح سورۃ البقرہ کی آیت 32 میں ارشاد فرماتا ہے فرشتوں نے عرض کی تُو ہر عیب سے پاک ہے ہم کو جو کچھ تُو نے بتایا ہے اس کے سوا کچھ نہیں جانتے تو بڑا جاننے والا مصلحتوں کو پہچاننے والا ہے۔ اور بندہ کسی چیز پر قادر بھی نہیں ہے کیونکہ مچھر اور مکھی کے مقابلہ میں بھی عاجز ہے۔

قرآن مجید میں ہے ''اور اگر کہیں مکھی کچھ ان سے چھین لے جائے تو اس سے اس کو چھڑا نہیں سکتے۔'' (سورۃ حج 73)

اور وکیل کی تمام شرائط اللہ تعالیٰ میں موجود ہیں کہ انہیں گزشتہ آیات سے بھی یہ چیز ثابت ہوگئی ہے لہٰذا سب کو اللہ تعالیٰ پر توکل کرنا چاہئے کہ قرآن مجید میں ہے جو شخص اللہ پر توکل کرے تو اللہ اس کیلئے کافی ہے بے شک خدا اپنے کام کو پورا کرکے رہتا ہے اللہ نے ہر چیز کا ایک انداز مقرر کر رکھا ہے۔ اس آیت میں جملہ بالغ امرہ اس کی قدرت کی طرف اشارہ ہے اور لِكُلِّ شَيْءٍ میں اس کی حکمت کی طرف اشارہ ہے کہ اس نے ہر چیز کو اس کے مقام میں قرار دیا ہے اور اس نے ہر موجود کو اس کی لیاقت اور استعداد کے مطابق رحمت عطا فرمائی ہے۔ لیکن انسان بندوں میں سے کسی پر توکل کرے تو اللہ اُسے محروم کردے گا۔

جیسے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ آپؑ نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے حضرت داؤد علیہ السلام کی طرف وحی کی کہ جو بندہ مجھ پر توکل کرتا ہے اور میرے غیر پر اس کی نظر نہیں ہوتی میں اُس کے تمام اُمور میں اس کی کفایت کرتا ہوں۔ اور اس کی روزی میں آسانی پیدا کرتا ہوں اگرچہ تمام اہل آسمان وزمین اس کے دشمن ہوں اور اس سے مکاری وفریب کریں اور جو بندہ میرے علاوہ غیر

پر توکل کرتا ہے تو میں زمین و آسمان کے تمام اسباب اس کے ہاتھ سے لے لیتا ہوں۔ اور اسے روئے زمین پر سرگرداں و پریشان کر دیتا ہوں۔

جیسا کہ حضرت یوسف علیہ السلام نے اپنے اسیر ساتھی سے فرمایا تھا بادشاہ کے سامنے میرا ذکر کرنا تو شیطان نے اس ساتھی کو فراموش کرا دیا اور نتیجہ یوسف علیہ السلام چند سال زندان میں رہے۔ لیکن اس بات کی طرف توجہ ہونی چاہئے کہ اللہ پر توکل کسب معاش اور کام و کوشش کے منافی نہیں ہے بلکہ اگر کوئی شخص روزی کے اسباب تلاش نہ کرے اور صرف اللہ پر توکل پر اکتفاء کرے تو یہ اچھا نہیں ہے اور وہ شخص روزی سے محروم ہو جاتا ہے اور اگر ہلاک ہو جائے تو اس کا گناہ اس کی اپنی گردن پر ہے۔ جیسا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس شخص سے فرمایا'' جس نے اپنے اونٹ کو باندھے بغیر چھوڑ دیا تھا اور کہا اللہ پر توکل کرتا ہوں تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اونٹ کو باندھو پھر اللہ پر توکل کرو۔''

اس بات کی طرف بھی توجہ ہونا چاہئے کہ روزی کے اسباب تلاش کرنا واجب و لازم ہے۔ لیکن اس طرح نہیں ہے کہ روزی کی علت تامہ ہو رازق فقط اللہ ہے ہم نہ اپنی روزی پر قادر ہیں اور نہ کسی دوسرے کی روزی پر جیسا کہ قرآن مجید میں ہے کہ ''میں نے جنوں اور انسانوں کو اس لئے پیدا کیا کہ وہ میری عبادت کریں میں ہرگز اُن سے نہیں چاہتا کہ وہ مجھے روزی دیں اور نہ یہ چاہتا ہوں کہ وہ مجھے کھانا کھلائیں۔ اللہ ہی روزی دینے والا اور صاحب قوت و قدرت ہے۔ (سورۃ ذاریات آیت **58-56**) توکل کی مثالوں میں سے حضرت ابراہیم علیہ السلام کا توکل ہے جب اُن کے وجود مقدس کو آگ میں ڈالنے کیلئے منجنیق میں رکھا گیا اور جبرائیلؑ نے اُن سے کہا کیا تیری کوئی حاجت ہے؟ تو جواب میں کہا'' تجھ سے نہیں۔'' کیونکہ انہیں اللہ پر اعتماد تھا اور اُس سے نجات کی اُمید تھی۔ پس اللہ تعالیٰ نے اُن کیلئے آگ کو ٹھنڈا کر دیا اور سلامتی بنا دیا اور وہ جگہ جس میں آگ جلائی گئی تھی وہ گلزار بن گئی۔

علم الروحانیات

از تحریر:۔ فضل اللہ عظیمی، تربت

میرے محترم و مکرم قارئین کرام انسان دنیا میں موجود باقی مخلوقات کی طرح ایک کھاتی پیتی اور جیتی جاگتی مخلوق ہے اس کی بہت سی عادتیں دوسری نوع کے جانداروں سے ملتے جلتے ہیں عادات واطوار ان سے قریب ہیں مگر قدرت کی طرف سے انہیں دو صفات ایسے عطا کیے گئے جو انہیں دوسری مخلوقات سے یکسر جدا کرتی ہے اور نہ صرف جدا کرتی ہے بلکہ ان کی حیثیت کو اہل ارضین سے اعلی سماوات تک پہنچا دیتی ہے اس موضوع کی بہترین وضاحت کے لئے خود رب ذوالجلال کا وہ کلام کافی ہے جس میں اللہ رب العزت نے انسان کی تعریف میں سورۃ البقرہ کی شروع کی آیتوں میں ہمارے جدامجد حضرت آدمؑ کی حیثیت و اہمیت سے تعلق ارشاد فرمایا ہے ان میں ایک جگہ ارشاد فرمایا کہ میں نے فرشتوں کو حکم دیا کہ اس خاک سے بنائے ہوئے آدم کو سجدا کرو جب شیطان نے اس کی مقربیت کی وجہ پوچھی تو رب نے فرمایا کہ **وعلم الآدم الاسماء** میں نے اس کو اپنے ناموں یا اشیاء کی معرفت کا علم عطا فرمایا ہے دوسری جگہ ارشاد ہے کہ **علم الانسان مالم یعلم** یعنی میں نے جو علم انسانوں کو عطا فرمایا وہ کسی بھی دوسری مخلوق کو عطا نہیں فرمایا اس بات سے خاص اور واضح طور پر انسان کی عظمت کا راز معلوم ہوتا ہے اور ہمیں منکشف ہوتا ہے کہ انسان کو مقرب بنانے میں یعنی دو چیزیں بہت اہم ہیں ان میں ایک اللہ کی معرفت کا علم یعنی اللہ کے ناموں کا علم دوسری چیز اللہ کی بنائی ہوئی کائنات اور ہر موجود شے پر تفکر کرنا یعنی انسان کو ممتاز بنانے والا یعنی دو عمل یعنی سوچ وفکر اور عبادت اس کے بغیر انسان اور دوسری مخلوقات میں فرق ہونا مشکل ہے۔

قرآن پاک میں ہر اس مخلوق کو غیب قرار دیا گیا ہے جو ان آنکھوں سے دکھائی نہیں دیتے اور انسان کو ان کی تلاش اور انہیں حاصل کرنے کو منع نہیں کیا گیا ہے بلکہ انہیں حاصل کرنے اور ان تک رسائی حاصل کرنے کو ایمان کا حصہ قرار دیا ہے یعنی **یومنون بالغیب** یعنی ان چیزوں کی دنیا تک پہنچ جانا جہاں اللہ کے مقرب بندے انبیاء اور اولیاء اللہ کی شکل میں ہر دور اور ہر زمانے میں ہوتے تھے ہمیں اس بات کا علم ہونا بھی لازمی ہے کہ دنیا میں سے غالب تر کوئی مخلوق نہیں صوفیا کا کہنا ہے کہ انسان خود بھی ایک روح ہے جو اللہ کی خاص روشنی کی روح سے وجود میں آیا اور یہ بات یاد کرنے کے قابل ہے کہ اس پوری کائنات کو چلانے والے بھی ایسے انسانوں کی روح ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے لوح محفوظ سمیت تمام عالم کی تکوینی امور سنبھالنے پر مقرر کیا ہے فرشتے صرف اور صرف عبادت الٰہی اور خدمات پر معمور ہیں انہیں عالم بالا میں وہ شرف حاصل نہیں جو ایک ابدال کو حاصل ہے تکوینی امور کی ذمہ داریوں میں سب سے قریب ترین انسان ابدال حق ہیں اس کے بعد غوث وقطب کا درجہ آتا ہے لوح محفوظ میں موجود اللہ کی تمام احکامات پر عمل درآمد کرنا انہی انسانوں کی ڈیوٹی ہے حضرت اویس قرنی ایک ایسے ہی اولیاء اللہ ہیں جس کی نسل سے ہر ابدال کی وفات کے بعد ایک ابدال کی تقرر غیب کی دنیا میں ہوتا رہتا ہے بقول حضرت خواجہ شمس الدین عظیمی صاحب انسان کو یہ شرف حاصل ہے کہ وہ جب قرب کی انتہا تک پہنچ جاتے ہیں تو ان کیلئے ماضی اور مستقبل ایک بن جاتا ہے اور ان کے سامنے زندوں کی طرح مردے بھی مجلس کرنے لگتے ہیں صوفیا کرام کا کہنا ہے کہ ہر صبح خواجہ خضرؑ ایک مقام میں حاضر ہوتے ہیں جہاں تمام ابدال حق موجود ہوتے ہیں اور حضرت محمد ﷺ کی مجلس ہر روز صبح وشام میں سجاتی ہے جہاں ان کی مجلس میں صحابہ کرام موجود ہوتے ہیں وہاں زندہ اولیاء اللہ بھی دنیاوی امور میں نبی اکرم ﷺ کی رہنمائی کا فیض حاصل کرتے رہتے ہیں یہ باتیں فلسفیوں کی سمجھ سے بالاتر ہیں جو سمندر کی موجوں سے بہت دور کنارے پر بیٹھ کر موجوں کی نگرانی کی آواز سننے کے منتظر ہوتے ہیں خود سمندر کے اندر کیا ہوتا ہے ان کی دید و بینائی سے بہت دور ہے۔ انسان کو اگر انسان بنایا ہے تو یہی پیغمبرانہ تعلیمات کا درس ہے اور انہی سے دل کی دنیا کی روشنائیاں پھوٹتی ہیں اور پھر کائنات میں موجود ہر شے انہی نظروں کے سامنے مچلنے لگتی ہے میرے بہت سارے دوست و بھائی اپنی زندگی کے کئی سالوں کو بے علمی اور غلط تعلیمات کی وجہ سے ضائع کرتے ہیں انہیں چاہئے کہ جنات و ملائکہ کی دنیا میں داخل ہونے کیلئے علم مراقبہ اور تفکر کی دنیا میں کودنا چاہئے جہاں سب سے پہلے انسان کو وہ روشنیاں میسر آئیں گی جس سے انسان کو جنات جیسی مخلوقات نظر آنا شروع ہو جائے گی یعنی اس دنیا میں سب سے پہلے جو روشنیاں آئیں گی ان سے جنات نظر آتے ہیں اور سب سے لطیف روشنائیوں

میں سفر شروع ہوتا ہے تو فرشتے نظر آتے ہیں۔

حاضرات کی دنیا بہت وسیع ہے جب آدمی فکر اور تجسس کی نیت سے اس کے اندر قدم رکھتا ہے تو پتہ چلتا ہے کہ یہ حضرات صرف اور صرف جادو و سحر اور چور کی شناخت نہیں کرتے بلکہ یہ ہر امور پر قادر ہو سکتے ہیں مثال کے طور پر ایک عامل حاضرات پر معمور ہے وہ ہر روز یا ہفتے میں ایک دن حاضرات کرتا ہے اور تمام مریدین و موتقدین کے نزدیک وہ ایک بہت بڑا پیر ہے لوگ آئے آئے کہتے نہیں تھکتے حالانکہ یہ جن یا موکل اس جگہ حاضر ہے اور انہیں کسی چیز کو اٹھانے یا لانے کا کہا جائے تو بالکل سو فیصد لاسکتا ہے میری اس بات پر تمام عاملین تجربہ کریں جن یا موکل صرف پڑھائی پر نہیں آتے بلکہ ہر موجود شے پر ایک موکل یا جن موجود ہے جو آپ کو کمالات دکھا سکتا ہے۔

مگر بات وہی ہے جو میں نے شروع میں کہی تھی کہ علم حاصل ہونا انتہائی ضروری ہے جس کے بغیر کامیابی ناممکن ہے اور ایسی باتیں کتاب کی زینت نہیں کی جاسکتیں پھر اس دنیا میں کچھ عجیب لوگ ہیں کہ وہ سمجھتے کہ تین دن کے اندر پڑھائی میں انہیں فرشتے نظر آجائیں حالانکہ دنیاوی علوم کی حصول میں دس سال تک سکول میں پڑھنے سے آدمی میٹرک کر لیتا ہے اور ان کو چپراسی کا عہدہ ملتا ہے اور روحانیت میں تین دن میں عامل بننا چاہتا ہے جو عجیب لگتا ہے البتہ علم سیکھنے کیلئے کامل استاد کی ضرورت ہوتی ہے اور عامل حضرات کی توجہ قلبی اور ذہنی سے شاگرد پر بہت ہی اثر پڑتا ہے اگر کوئی اس میدان میں قدم رکھنا چاہتا ہے تو اسے نیلی روشنی کا تصور زیادہ فائدہ دے گا اور اس کی نگاہ جلدی کھل جائے گی۔

قارئین کرام! میرا مقصد آپ کو وہ مشورہ دینا ہے جس سے آپ کے اندر غیب کی دنیا تک رسائی کے امکانات زیادہ ہوں مبتدی حضرات کو علم ہونا چاہئے کہ باطنی روشنی کے بغیر غیبی چیزوں کو دیکھنا سو فیصد جھوٹ ہے البتہ کچھ لوگ قدرتی طور پر پہلے سے روحانی وجود رکھتے ہیں روشنیاں انسان کے اندر کامل استاد کی رہنمائی اور ذکر الٰہی و تفکر مراقبہ سے حاصل ہوتے ہیں میں مبتدی حضرات کی رہنمائی کیلئے عرض گزار ہوں کہ وہ چلتے پھرتے ہر حال میں اسم یاحی یا قیوم پڑھیں اور بیٹھ کر فجر کی اذان سے فرض نماز تک لاتعداد آیت کرسی پڑھتے رہیں اوّل و آخر درود شریف گیارہ بار کے ساتھ کچھ لوگ اس بات کے حامی ہیں کہ ہر عمل کے ساتھ عامل یا پیر کی اجازت لکھی ہو جو کامیابی کی ضامن سمجھی جاتی ہے جو غلط ہے علم کیلئے رہبر کی ہر وقت ضرورت ہوتی ہے پیغمبران سب سے بہتر انسان ہیں جو لوگوں کے گھروں تک رہنمائی کرتے رہے اور لوگ جوق در جوق بزرگوں کے خانقاہوں میں پڑے رہتے ہیں اگر اتنا نہیں تو کم از کم عامل یا مرشد سے پوچھا ضرور جائے اللہ ہم سب کا حافظ و ناصر ہو و سلام۔

ماتھا پڑھنا

از تحریر: صمصام الدین (امریکہ)

ماتھے کی ساخت اور اس پر پائے جانے والے خطوط کے بارے میں میرا ایک مضمون آئینہ قسمت کے پرانے قارئین پڑھ چکے ہیں تاہم اسکے کچھ نکات کو اس مضمون میں بھی دوبارہ مختصراً تحریر کیا جارہا ہے۔

ساخت

(1) لمبوترا سر ماتھا درمیان میں سے ابھرا ہوا ہو یا بہت گولائی میں ہو تو جذبانیت و گرم مزاجی زیادہ ہوگی ایسے لوگوں پر منشیات کا اثر جلد ہو اور وہ اپنی عادات کو کبھی بھی آسانی سے نہ چھوڑ پائیں۔

(2) لمبوترا سر، پیشانی لمبی، چاہے ماتھا درمیان میں سے ابھر ہوا نہ بھی ہو تو آدمی جذباتی اور گرم مزاج ہوگا تاہم اسے اپنے آپ پر اول الذکر سے کافی زیادہ قابو ہوگا۔ یہ لوگ اچھے شاگرد یا طالب علم ہوتے ہیں اگر ان کا خط ذہن بھی اچھا ہو۔ تعلیمی کامیابیاں حاصل کر سکتے ہیں لیکن لازمی نہیں کہ وہ سائنسی یا تجارتی لحاظ سے بھی کامیاب ہوں۔

(3) گول سر، ہموار کشادہ ماتھا قدیم کتب کی رُو سے خوش قسمتی کی نشانی ہے لیکن اس کی ایک وجہ یہ بھی ہوسکتی ہے کہ یہ لوگ متوازن مزاج اور عملیت پسند ہوتے ہیں۔

(4) ماتھے پر ایسا دائیں سے بائیں گڑھا یا **Depression** کہ جیسے کسی نے ماتھے پر رومال باندھ کر پیدا کر لیا ہو۔ یہ عام پڑھے لکھے کاروباری لوگوں یا دفتری افسران کے ماتھوں پر عام پایا جاتا ہے یہ معتدل یا ٹھنڈے مزاج لوگ ہوتے ہیں۔

(5) ماتھا مرکزی یا درمیانی حصے میں دبا ہوا سا معلوم ہو تو ایسے لوگ خشک مزاج ہوتے ہیں نشے میں جلد نہیں آتے اور عام آدمی سے زیادہ پی جانے پر بھی بہکتے نہیں۔ جنسی دورانیہ بھی عام آدمی سے طویل۔

(6) بھنوؤں کے درمیان ماتھے پر چھوٹا سا گول گڑھا یا گہرائی، ایسے شخص میں کسی فنون لطیفہ یا سائنس کے کسی خاص شعبے کی بے پناہ صلاحیت، قابلیت **Talent** وغیرہ پائے جائینگے۔ ہالی وڈ میں ایک ایسے غریب 23 سالہ ہسپانوی نوجوان کی پندرہ منٹ کی نمونہ فلم نے ایسا تہلکہ مچایا تھا کہ اسے فوراً بطور فلم ڈائریکٹر لاکھوں ڈالر سالانہ کا معاہدہ، ایک سٹوڈیو نے پیش کر دیا تھا۔

(7) اگر متذکرہ بالا گہرائی نہ ہونے کے برابر ذرا بڑی اور گول ہو تو یہ عام طور پر بڑی شہرت یا کامیابی کی علامت ہوتی ہے۔

(8) اگر یہ دائرہ ماتھے کے نچلے نصف میں ہو تو بھی شہرت و دولت دیتا ہے

(9) اگر یہ دائرہ ماتھے کے 1/5 حصے کے برابر اور عین درمیان میں ہو تو ایسے آدمی کو بہت لوگ پیر جیسی عزت دیتے پائے جائیں گے اور وہ اسکے معتقد ہونگے۔

(10) اگر ایسا ہی **Depression** ماتھے کے اوپر نصف میں زیادہ ہو تو دولتمندی کی نشانی ہے چاہے یہ گولائی میں بھی ہو اگر یہ 1/5 سے بڑا بھی ہو تو کوئی فرق نہ پڑے۔

متوازی خطوط پیشانی

دائیں بائیں ماتھے یا پیشانی پر پائے جانے والے خطوط اہم کواکب کے زائچہ پیدائش میں نظر آنے والے اثرات کو ظاہر کرتے ہیں طویل خطوط کا مطلب یہ کہ زندگی میں جدوجہد پائی جائیگی۔ شکل نمبر 1 عنصر خطوط کا صرف پیشانی کے درمیان ہونا خوش قسمتی کی نشانی ہے اگر یہ خطوط بہت لہر دار بھی ہیں (شکل نمبر 2) کو یہ انتہائی خوش قسمتی کی علامت ہوتے ہیں ایسا ماتھا میاں رفیق سہگل مرحوم پیدائشی رئیس زمیندار کا تھا۔

متوازی خطوط کی تعداد کی اھمیت: - جتنے کم خطوط اتنی ہی کم عمری میں انسان اپنی زندگی کو **Set** کرنے کے لائق ہوگا ایک خط عمر 14 سال، شہنشاہ بابر کے ماتھے سے ایک عام سرماہی خسرے کے ماتھے پر پایا جاسکتا ہے۔ بابر 14 سال کی عمر میں بادشاہ بنا تھا۔

☆ دو خطوط، عمر 23 سال۔ یہ ہنرمند لوگوں کے ماتھے پر پائے جاتے ہیں۔

☆ تین خطوط، عمر 32 سال۔ اہل بیٹ، لیاقت، قابلیت *Talented*

☆ چار خطوط، عمر 42 سال۔ بدقسمت، پیسے کی تنگی یا تنہائی پسندی۔

☆ پانچ خطوط، 50 سال۔ باہمت۔

دیگر عاملات

(1) بھنوؤں سے بہت قریب طویل متوازی خط والا مسافرت میں بہت

زیادہ رہے۔ بعض بس، وین یا ٹرک ڈرائیوروں کے ہاتھوں پر بھی یہ خط پایا جاتا ہے اگر کسی کے ماتھے پر یہ نہ پایا جائے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ ڈرائیوری کے پیشے میں زیادہ عرصہ نہ رہے گا۔ خاکہ نمبر 3

(2) بعض لوگوں کے متوازی خطوط بقیہ خطوط سے مختصر ہوتے ہیں یا ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وہ ٹوٹ کر اوپر نیچے ہو گئے ہیں شکل نمبر 4 یہ پیسے میں تبدیلی کی نشاندہی کرتے ہیں۔

(3) اگر سارا ماتھا مختصر ٹوٹے پھوٹے خطوط سے بھرا ہو تو قدیم کتب کی رو سے بڑی بدقسمتی کی علامت ہے تاہم ایک ایسے طالب علم کے ماتھے پر بھی پائی گئی جو بہت غبی تھا اس نے دن رات محنت کی اور میٹرک پاس کر گیا تو اس کا ماتھا بدل گیا تھا دو متوازی طویل خطوط نے مختصر خطوط کی جگہ لے لی تھی۔

(4) اگر دو متوازی خطوط کے سرے ایک دوسرے میں ضم ہو جائیں تو بڑی خوش قسمتی کی علامت ہوتے ہیں۔ تاہم اگر انہیں سے ایک دوسرے کو کاٹ کر نکل جائیں تو بدقسمتی شروع ہو جاتی ہے شکل نمبر 5۔ سابقہ عراقی آمر مطلق صدام حسین (خطوط دو جگہ ضم لیکن ایک مقام پر نچلا خط اوپر والے خط کو کاٹ کر اوپر نکل چکا ہے)

(5) اگر کسی بھنوں سے کوئی خط نکل کر نچلے متوازی خط میں ضم ہو تو یہ بھی کسی بڑی کامیابی کی علامت ہے۔

(6) شکل نمبر 6۔ ایسے خطوط عموماً ناک کے بانسے کی سیدھ میں نیچے سے نکل کر اوپر جائے یا ضم ہوتے ہیں یہ خطوط ناک کے بانسے سے جتنی دور نکلیں اتنی ہی بڑی کامیابی نصیب ہوتی ہے اگر یہی خطوط متوازی خط کو کاٹ کر اوپر نکل جائیں تو اس خط سے متعلق ستارے سے ملنے والے فائدے کو ختم کر دیتے ہیں یہ خط نیچے سے اوپر سارے ماتھے کو عبور کر کے سارے خطوط کو کاٹ کر نکل سکتے ہیں ایسی صورت میں آدمی کی ترقی کے سارے امکانات ختم ہو جاتے ہیں۔ شکل نمبر 7 ارجن سنگھ (وہ کبھی مقتدر کانگریس پارٹی کا چڑھتا ہوا سورج سمجھا جاتا تھا اب اسے کوئی بھی نہیں جانتا)

(7) انسان جب اپنے حالات سے لڑتا ہے کوئی داؤ یا بازی لگاتا ہے اس کا ماتھا تبدیل ہونے لگتا ہے ملاحظہ ہو شکل نمبر 8۔ بل کلنٹن، یونیورسٹی استاد۔ شکل نمبر 9۔ اٹارنی جنرل کا الیکشن جیتنے کے بعد۔ شکل نمبر 10

گورنر منتخب ہونے میں ناکامی کے بعد شکل نمبر 11 اگلے انتخابات میں

گورنری جیتنے کے بعد شکل نمبر 12 صدارت امریکہ جیتنے کے بعد شکل نمبر 13 ریٹائرمنٹ کے بعد (موجودہ ماتھا)

(8) اگر بھنوؤں کے عین درمیان سے خط نکلے تو ایسا آدمی اپنی ذاتی کوشش سے کامیاب ہوتا ہے اسے واقعاتی حالات سے کوئی خاص مدد نہیں ملتی۔ شکل نمبر 14

(9) اگر دو خطوط جن کے درمیان کافی فاصلہ ہو اوپر کی طرف جائیں تو ایسے آدمی کی اپنی کوشش ہی کافی نہیں ہوتی۔ اسے واقعاتی یا عوامی مدد بھی خواہ مخواہ مل جاتی ہے یا دوسرے لوگ اس کی پشت پناہی کر رہے ہوتے ہیں شکل نمبر 13

(10) اگر بھنوؤں سے شروع ہونے والے خطوط، ماتھے کے متوازی خطوط کو کاٹ تو دیں لیکن پھر انکے دائیں یا بائیں چھوٹے خطوط چوکوریں یا مستطیل اشکال بنا دیں تو ایسے شخص کو کواکب کے زائل شدہ سعد اثرات کی مدد دوبارہ ملنے لگتی ہے ملاحظہ ہو رچرڈ نکسن نمبر 14۔ ایک عام شہری چھوٹا موٹا سیاستدان۔ نمبر 15۔ رکن قومی اسمبلی۔ نمبر 16۔ نائب

صدر امریکہ۔ نمبر 17 صدارتی انتخاب ہارنے کے بعد۔ نمبر 18 صدر

امریکہ۔ نمبر **19** ریکارڈ توڑ اکثریت سے دوبارہ جیتنے کے بعد نمبر **20** جیل بھجوائے جانے کی صد فیصد کامیاب ہوسکنے والی قومی اسمبلی کی کارروائی سے پہلے ہی مستعفی ہوجانے کے بعد۔

اس ضمن میں یہ بات یاد رکھیں کہ گہرے خطوط کی اہمیت باریک یا کم گہرے یا کم واضح خطوط سے زیادہ ہوتی ہے گہرے خطوط اتنی آسانی سے نہیں بدلتے کہ جتنے باریک یا ہلکے خطوط۔ اگر گہرے متوازی خطوط کو ان سے کم گہرا خط کاٹ کر نکل جائے تو ان خطوط کی سعادت کو نقصان تو پہنچتا ہے سعادت بالکل ختم نہیں ہوتی۔ بعض لوگوں کے ماتھے پر کئی خطوط متوازی نظر آئیں گے لیکن بنیادی اثرات ان میں گہرے ترین متوازی خطوط ہی کے پائے جائیں گے مثلاً صدر بل کلنٹن کے ماتھے پر موجود متوازی خطوط میں سے صرف ایک بہت گہرا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ **14** سال کی عمر ہی سے خوش قسمتی شروع ہوچکی تھی تاہم بقیہ ماتھے کی ساخت کو دیکھ کر یا ہاتھ میں خط ذہن کو دیکھ کر ہی بتایا جاسکتا ہے کہ وہ کس قسم کی خوش قسمتی تھی یا اسے خوش قسمتی سمجھا بھی جانا چاہئے یا نہیں۔ اگر کئی متوازی خطوط میں دو واضح یا گہرے ہوں تو کیریئر شروع ہونے کا سال تو عمر کا **23** واں سال تھا لیکن اس کا مطلب یہ بھی ہے کہ ماتھے کا مالک ہنرمند **Skilled** آدمی ہے اگر مجموعی طور پر ایسے آدمی کے متوازی خطوط پانچ ہوں تو ہمت والا ہوگا چار ہوں تو اسے زندگی میں محنت بہت کرنی پڑے اور وہ تنہائی پسند ہو۔

اگر متوازی خطوط میں تین واضح ہوں تو زندگی سیٹ ہونے کا سال **32** واں لیکن ایسے آدمی میں فنون لطیفہ، سائنس یا تجارت کے کسی شعبے کی اعلیٰ قسم کی قابلیت یا **Talent** ہوگا۔

اب آپ غور فرمائیں گہری متوازی خطوط دو۔ بظاہر نظر آنے والے مکمل خطوط تین، ماتھا سکڑانے پر نظر آنے والے مکمل خطوط چار، نامکمل آخری بلا خط کو شامل کریں تو کل پانچ اور ان چاروں ہی تصاویر سے ماتھا پڑھنے والا کچھ نہ کچھ اس شخص کے بارے میں بتا سکتا ہے۔

بقیہ اہم مجرب نقوش

برائے صدق معاملات
صَادِقُ (195)

ص۹۰	ا	د۴	ق۱۰۰
۵	۹۹	۹۱	
۹۸	۲	۳	۹۲
۲	۹۳	۹۷	۳

برائے حاجات دینی ودنیوی
مُحَمَّدُ (92)

م	ح	م	د
۴۱	۳	۴۱	۹
۲	۳۸	۱۲	۴۲
۱۱	۴۳	۱	۳۹

برائے ترقی تجارت وزراعت
نَافِعُ (201)

ن۵۰	ا	ف۸۰	ع۷۰
۷۹	۷۱	۴۹	۲
۶۸	۷۸	۳	۵۲
۴	۵۱	۶۹	۷۷

برائے عفو قصور
غَفُوْرُ (1286)

۵	۹۹۹	۸۸۲	ر۲۰۰
۸۳	۱۹۹	و۶	۹۹۸
۱۹۸	ف۸۰	۱۰۰۱	۷
غ۱۰۰۰	۸	۱۹۷	۸۱

برائے تولد فرزند نیک
مُتَکَبِّرُ (262)

م۴۰	ت۲۰۰	ک۲۰	بر۲۰۲
۲۱	۲۰۱	۴۱	۳۹۹
۲۰۰	۱۸	۴۰۲	۴۲
۴۰۱	۴۳	۱۹۹	۱۹

برائے استقرارِ حمل
خَالِقُ (731)

۲	۹۸	۳۲	۵۹۹
۳۱	خ	۱	۹۹
۵۹۷	ل	ق	۴
۱۰۱	۳	۵۹۸۸	۲۹

ہومیو ڈاکٹر سید اویس الطاف بخاری

موسم سرما اور ہماری صحت

تھوڑی سی احتیاط کر کے اس موسم کا بھرپور لطف لیا جا سکتا ہے۔

موسم سرما کا آغاز ہو چکا ہے یوں تو سرد موسم ٹھنڈی ہواؤں اور دلفریب برفباری کے باعث بہت کشش کا باعث ہے لیکن یہی ٹھنڈی ہوائیں، سرد موسم میں لاحق ہونے والی عمومی بیماریوں کی ایک بڑی وجہ بھی ہے بیشتر افراد اس موسم میں تمام عرصہ نزلہ زکام، کھانسی، گلے درد اور دمہ جیسے امراض میں مبتلا رہتے ہیں ان بیماریوں سے مکمل طور پر شفایاب ہونے میں بھی کافی عرصہ درکار ہوتا ہے۔ شدید سرد علاقوں میں سردی سے محفوظ رہنے کے لئے خصوصی اہتمام کی ضرورت ہوتی ہے بے احتیاطی صحت کے لئے مضر بھی ثابت ہوسکتی ہے خصوصاً بچوں، مریضوں اور معمر افراد کو اس موسم میں خاص احتیاطی تدابیر اختیار کرنا کی ضرورت ہے موسم سرما میں لاحق ہونے والی بیماریاں جسم کو شدید نقاہت، خون کی کمی اور جوڑوں کے درد جیسے امراض میں مبتلا کر سکتی ہیں سردی اور موسم سرما کے امراض سے بچاؤ کے لئے ضروری ہے کہ مندرجہ ذیل تدابیر پر عمل کیا جائے۔

موسم سرما میں غسل کی اہمیت

موسم سرما میں عموماً لوگ روزانہ غسل کو زیادہ اہمیت نہیں دیتے، جو افراد زیادہ سخت سردی برداشت نہیں کر سکتے وہ ہفتوں غسل سے دور رہتے ہیں بیماریوں سے محفوظ رہنے کے لئے غسل بہت اہمیت رکھتا ہے۔ اس لئے سرد موسم میں بھی ہفتہ میں دو سے تین بار غسل ضرور کرنا چاہئے نیم گرم پانی کا غسل جلد کو صاف رکھتا ہے اور سرد موسم میں دوران خون میں بھی روانی کا باعث بنتا ہے اگر غسل نہ کیا جائے تو جسم قدرتی لچک اور چستی سے بھی محروم ہوسکتا ہے نمونیا، بخار یا کسی موسمی بیماری کی صورت میں بھی ہفتے میں ایک بار ضرور غسل کرنا چاہئے۔

موسم سرما کے لباس

موسم سرما کے آغاز ہی سے بتدریج گرم کپڑوں کا استعمال شروع کر دینا چاہئے۔ خصوصاً چھوٹے اور شیر خوار بچے کو اس موسم میں خصوصی حفاظت اور توجہ کی ضرورت ہوتی ہے کیونکہ یہ بہت نازک ہوتے ہیں اس لئے بچے موسم کی ذرا سی تبدیلی کو شدت سے محسوس کرتے ہیں سردی میں گردن، سینے اور پاؤں کو خاص طور پر ڈھانپ کر رکھنا چاہئے گرم مفلر، اونی ٹوپی اور موزوں کے بغیر گھر سے نکلنے میں پوری احتیاط کی جانی چاہئے۔ یخ بستہ ہوائیں بچوں اور بڑوں کو یکساں طور پر سینے کے امراض بخار اور فلو میں مبتلا کر سکتی ہیں۔

موسم سرما میں ورزشیں

سرد موسم میں دن چھوٹے ہوتے ہیں اور تمام وقت سستی طاری رہتی ہے اس لئے سردی میں ورزش کرنے پر عموماً دل مائل نہیں ہوتا لیکن یہ حقیقت ہے کہ گرمیوں کی بانسبت سرد موسم میں جسم کو حراست بہم پہنچانے کے لئے ورزش کی زیادہ ضرورت ہوتی ہے کیونکہ ورزش سردی میں جسم کو جوڑوں کے درد، عضلات کے کھنچاؤ اور عمومی بیماریوں سے محفوظ رکھتی ہے۔

سردیوں میں ورزش کے لئے شام کی بجائے صبح کا انتخاب کرنا چاہئے ہلکی دھوپ میں ورزش کرنے سے جسم تمام دن چست رہتا ہے اور اس عمل سے قوت مدافعت میں بھی اضافہ ہوتا ہے عام دنوں کی طرح سخت سرد موسم میں بھی ورزش بہت ضروری ہے۔ شدید سرد موسم میں گھر کے اندر ہی ورزش کی جا سکتی ہے۔

موسم سرما کی غذائیں

موسم سرما میں چائے اور کافی کا استعمال بہت بڑھ جاتا ہے یہ درست ہے کہ یہ گرم مشروبات جسم کو حرارت اور چستی مہیا کرتے ہیں لیکن پانی کی ضرورت اور اہمیت سردیوں میں بھی موجود رہتی ہے کیونکہ سردیوں میں میوہ جات اور مصالحہ دار غذاؤں کا استعمال بھی بڑھ جاتا ہے اس لئے پانی کے مناسب استعمال سے بھی ہرگز غافل نہیں رہنا چاہئے آٹھ گلاس تک پانی کا استعمال سردیوں میں کافی ثابت ہوتا ہے۔ سردیوں میں ٹھنڈا پانی، دیگر ٹھنڈے مشروبات، آئس کریم، مٹھائیاں، کھانے سے مکمل پرہیز کرنا ضروری ہے۔ اسی طرح مکھن، چاکلیٹ، زیادہ گھی سے تیار کی گئی میٹھی اشیاء بھی سردیوں میں وزن بڑھنے کی بڑی وجہ ہیں کیونکہ سردیوں میں نقل و حرکت محدود ہوتی ہے اس لئے غذا کے استعمال میں توازن اور احتیاط بہت ضروری ہے بڑھتا ہوا وزن ہر عمر کے فرد کے لئے نقصان دہ ثابت ہوتا ہے۔

موسم سرما کے امراض

دمہ موسم سرما کا خاص مرض ہے، دمے کے مریضوں کو عموماً سردیوں

باقی صفحہ نمبر 41 پر

بیماریاں اور مفید غذائیں

☆ دست کی بیماری میں چاول، دہی، چھاچھ، کیلا استعمال کرتے رہنا مفید رہتا ہے۔

☆ اگزیما کا مرض لاحق ہو تو پالک، مولی کے پتے، پیاز، ٹماٹر، امرود اور پپیتا زیادہ استعمال کریں۔ ☆ یرقان ہو جائے تو رس دار پھل، پھلوں کا رس، گنے کا رس اور گلوکوز لیتے رہنا فائدہ مند ہے۔ ☆ بخار کے دوران دودھ، مونگ کی دال کا پانی منقہ، ساگودانہ اور موسمی استعمال کرتے رہنے سے بخار ٹھیک ہو جاتا ہے۔ اس کے بعد بھی چار پانچ دن یہی خوراک لیتے رہنا چاہیے۔ ☆ ٹانسلز بڑھ جائیں یا گلا درد کرتا ہو تو چائے کی پتی پانی میں اُبال کر غرارے کرنے یا نیم گرم پانی میں پھٹکری اور نمک ملا کر غرارے کرنے سے گلے کا درد اور ٹانسلز ٹھیک ہو جاتے ہیں۔ ☆ چیچک نکل آئے تو دودھ، انگور، انار، موسمی اور میٹھے پھل کھانا فائدہ مند ہے۔ ☆ پتھری بن جائے تو موسم گرما میں پیدا ہونے والی سبزیاں اور پھل کھاتے رہنے سے پتھری نکل جاتی ہے۔ ☆ بلڈ پریشر لو ہو جائے تو نمک لینے سے نارمل ہو جاتا ہے۔ ☆ خارش ہو تو لیموں اور چنبیلی کا تیل برابر برابر ملا کر مالش کریں اس سے خشک اور برساتی خارش دور ہو جاتی ہے۔

بیماریاں اور نقصان دہ غذائیں

☆ بخار کے دوران تیل میں تلی ہوئی غذائیں، بھاری کھانے، مٹھائی کھانا نقصان دہ ہے۔ ☆ اگزیما، داد، خارش، پھوڑے پھنسیاں نکل آئیں تو تیل کی بنی ہوئی چیزیں، چائے ہرگز استعمال نہ کریں۔ ☆ آنکھوں کی کمزوری کی صورت میں بناسپتی گھی کا استعمال نقصان پہنچاتا ہے۔ ☆ ذیابیطس کی تکلیف میں میٹھی چیزیں، گڑ، چینی اور کیلے کھانا نقصان دہ ثابت ہوتا ہے۔ ☆ تیزابیت ہو تو اچار نہ کھائیں۔ ☆ فالج اور لقوہ میں میٹھا کھانے سے نقصان ہوتا ہے۔ ☆ جگر خراب ہو تو شراب پینا، چینی، گھی بسکٹ اور تیل کی بنی چیزیں استعمال نہ کریں۔ ☆ السر کی صورت میں نارنگی، لیموں اور ترش پھل کے نزدیک بھی نہ جائیں۔ ☆ زخم ہوں تو نمک کا استعمال کم کر دینا چاہیے۔ ☆ سانس، دمہ، ٹی بی کے مریضوں کو سگریٹ تمباکو نوشی سے پرہیز کرنا چاہیے۔ ☆ ریاح رہتی ہو تو ٹھنڈی چیزیں، دہی، مولی، کھٹی چیزیں، اچار، املی، ٹماٹر، چنے کی دل، کیلے، چاول اور آڑو استعمال کرنے سے نقصان پہنچتا ہے۔ ☆ ہائی بلڈ پریشر کے مریض نمک استعمال نہ کریں۔

صحت کی حفاظت کیسے کی جائے؟

اپنی صحت کو برقرار رکھنے سے متعلق ماہرین نے برس ہا برس کے مطالعہ اور تجربات کے بعد یہ نتائج اخذ کئے ہیں کہ: (1) صبح بیدار ہو کر پہلے کلی کریں۔ پھر ایک آدھ گلاس تازہ پانی پئیں۔ (2) ہمیشہ سورج طلوع ہونے سے پہلے بستر چھوڑ دینا چاہیے۔ (3) غسل کرنے کے بعد اپنے خالق و مالک کا حق بندگی ادا کریں۔ (4) شام کا کھانا سورج غروب ہونے سے ذرا پہلے کھائیں کیونکہ سورج کی گرمی سے کھانا ہضم ہوتا ہے۔ (5) دو کھانوں کے درمیان کم از کم تین گھنٹے کا وقفہ رکھیں۔ (6) موسم گرما میں سونے سے پہلے منہ ہاتھ اور پاؤں ٹھنڈے پانی سے دھوئیں۔ ایسا کرنے سے پرسکون نیند آتی ہے احتلام نہیں ہوتا۔ (7) ہر بار کھانا کھانے سے کم از کم ایک گھنٹہ پہلے ایک گلاس پانی پی لیا کریں۔ اگر اس میں تھوڑا سا لیموں کا رس ملا لیا کریں تو زیادہ بہتر ہے۔ (8) کھانا کھانے کے دوران پانی نہ پئیں بلکہ کھانا کھا لینے کے ایک گھنٹہ بعد پانی پئیں۔ (9) کھانا خوش دلی سے کھانا چاہیے اور کھا لینے کے بعد کھلکھلا کر ہنسنا چاہیے ایسا کرنے سے کھانا جلدی ہضم ہوتا ہے اور قبض بھی نہیں ہوتی۔ (10) بھوک باقی ہو کہ کھانے سے ہاتھ کھینچ لینا چاہیے۔

(11) کھانا کھانے کے بعد چہل قدمی کریں اور بائیں کروٹ لیٹ جانا چاہیے۔ (12) زیادہ سوچ بچار اور فکر نہیں کرنا چاہیے۔ (13) ہفتہ میں ایک بار سرسوں کے تیل سے مالش کرنی چاہیے۔ (14) ہر وقت دھوپ کا چشمہ نہ لگائے رکھیں۔ اس سے آنکھوں میں تیز روشنی برداشت کرنے کی قوت ختم ہو جاتی ہے۔

سبزیاں اور پھل استعمال کرنے کے فائدے

پھل اور سبزیاں قدرت کا انمول تحفہ ہیں۔ دیگر غذاؤں یعنی گوشت، مرغی، مچھلی، انڈہ، دودھ وغیرہ کے مقابلے بہت سستے ہونے کے ساتھ ساتھ با آسانی دستیاب ہو جاتی ہیں جبکہ گوشت مرغی، مچھلی، انڈے وغیرہ حاصل کرنے

کے لئے ہمیں مارکیٹوں میں پھرنا پڑتا ہے پھل اور سبزیاں ہمیں چھوٹے سے چھوٹے گاؤں میں مل جاتی ہیں یوں تو ان کو استعمال کرنے کے بہت زیادہ فائدے ہیں۔ یہاں ان میں سے چند کا ذکر ذیل میں کیا جارہا ہے۔

(1) سبزیاں اور پھل کھانے سے قوت ہاضمہ تیز ہوتی ہے اسی لئے ایسے افراد جن کی قوت انہضام کمزور ہوتی ہے انہیں سبزیوں اور پھلوں کے رس پینے کا مشورہ دیا جاتا ہے اگر رس میں تھوڑا سا پانی ملا کر استعمال کیا جائے تو وہ اور زیادہ زود ہضم ہو جاتا ہے۔ (2) صبح سویرے خالی پیٹ پھل کھانا بہت فائدہ پہنچاتا ہے اس سے بیماریوں کو دور کرنے میں بہت زیادہ مدد ملتی ہے۔

(3) سبزیوں کا رس ہمیشہ تازہ اور کچا استعمال کرنا چاہئے اس بات سے انکار نہیں کیا جاسکتا کہ سبزیوں کے رس سے علاج آہستہ آہستہ ہوتا ہے مگر دیرپا ہوتا ہے۔ (4) رس صبح کے وقت یا دوپہر کو پینا مفید رہتا ہے ایک وقت میں آپ 16 اونس رس پی سکتے ہیں ہمیشہ موسم کے مطابق دستیاب سبزیوں اور پھلوں کے رس کام میں لانے چاہئیں اور شکر (چینی) کا استعمال قلیل مقدار میں کرنا چاہئے۔

غذا سے متعلق یاد رکھنے کی باتیں

ماہرین کے مطابق غذا سے متعلق پانچ نکات ایسے ہیں کہ ان پر عمل پیرا ہو کر انسان صحت مند رہ سکتا ہے بیماریاں اس سے دور بھاگ جائیں گی نکات یہ ہیں: (1) جب تک سچی بھوک نہ لگے، کچھ نہ کھایا جائے۔
(2) خوب پیٹ بھر کر کبھی نہ کھائیں۔
(3) جس کھانے کو کھانے سے لطف نہ آئے، اسے مت کھائیں۔
(4) غذا ہمیشہ اچھی طرح چبا چبا کر کھائیں...... اور
(5) جو غذا حقیقی معنوں میں بہتر ہو، وہ غذا کھائیں۔

بقیہ موسم سرما اور ہماری صحت

میں ہی اس مرض کے دورے پڑتے ہیں۔ ادویات کا استعمال اور احتیاط کی ضرورت سرد موسم میں مزید بڑھ جاتی ہے ادویاتی اسپرے اور بھاپ کے ذریعے بھی اس مرض میں فوری آرام آجاتا ہے۔ دمے کا مریض موسم کی تبدیلی اور گرد و غبار کے اثرات کو بہت شدت سے محسوس کرتا ہے اس لئے موسم سرما میں خصوصاً صفائی کا اہتمام ضرور کرنا چاہئے۔

نمونیہ کھانسی، بخار، گلے کا درد اور کان کا انفیکشن ہونے کا مرض بھی موسم سرما کے عام امراض میں سے ہے۔ اس لئے ٹھنڈی، کھٹی، ترش اشیاء موسم سرما کی ابتداء میں ہی ترک کر دینی چاہئے۔ معمولی زکام کی صورت میں بھی مریض کا فوری معالج سے رجوع کرنا ضروری ہے کیونکہ موسم سرما کا بخار جلد ہی بگڑ سکتا ہے اور پھر صحت یاب ہونے کے لئے زیادہ طویل عرصہ درکار ہوتا ہے۔

موسم سرما کیلئے احتیاطی تدابیر

☆ صبح اور رات کے وقت سرد موسم میں بلاضرورت گھر سے نکلنے میں احتیاط کرنی چاہئے۔ ان اوقات میں شدید سرد ہوائیں جسم کو متاثر کرسکتی ہیں۔ ☆ سردیوں میں سونے کے کمرے کو گرم رکھنا ضروری ہے اسلئے روشن دان اور کھڑکیوں کو بلند رکھنا چاہئے لیکن ان اوقات کے علاوہ سونے کے کمرے بالکل کھلے رکھیں تاکہ ان میں ہوا کا گزر ہوتا رہے اور گھٹن پیدا نہ ہو۔ ☆ سردیوں میں مریضوں کو زیادہ احتیاط کی ضرورت ہوتی ہے اسلئے مریضوں کو اپنے پیروں کو ضرور گرم رکھنا چاہئے۔ نیم گرم تیل سے پیروں اور تلوؤں کی مالش بہت مفید ثابت ہوتی ہے۔ ☆ موسم سرما میں چہرے کی جلد کی حفاظت بہت بڑھ جاتی ہے کیونکہ چہرہ کھلا رہتا ہے اور سرد ہوائیں جلد کو بہت خشک کر دیتی ہیں مناسب احتیاط اور نگہداشت کے ذریعے سردیوں میں بھی جلد کو ملائم رکھا جاسکتا ہے۔ ☆ سردیوں میں جسم کے درجہ حرارت کو معمول کے مطابق رکھنے کیلئے مقوی غذاؤں کا استعمال بھی کیا جاسکتا ہے۔ لیکن مختلف امراض میں مبتلا افراد کو مقوی غذاؤں کا استعمال اپنے معالج کے مشورے سے ہی کرنا چاہئے لیکن چھوٹے بچوں کیلئے چکن سوپ، چکن سینڈوچ اور تلے ہوئے انڈے، بہت مفید رہتے ہیں۔

اخروٹ

انسانی صحت کے لئے قدرت کا انمول تحفہ

اخروٹ کی کاشت ہزاروں سال سے کی جارہی ہے۔ اخروٹ کا پودا اپنی ظاہری خوبصورتی کی بناء پر بیش قیمت ہے اور اسے ودیعت کی گئی حیات انسانی زندگی سے کئی درجے طویل ہے۔ اسے بہت لمبے عرصے سے خوراک، ادویہ، رنگ سازی اور تیل بنانے میں استعمال کیا جارہا ہے۔ امریکہ، ترکی، فرانس، چین، ایران اور رومانیہ میں اسے وسیع پیمانے پر کاشت کیا جاتا ہے۔ اخروٹ سے حاصل ہونے والے طبی فوائد ان گنت ہیں اور ان وسعتوں کو ان چند سطور میں سمیٹنا ایک دقت طلب ہی نہیں بلکہ ناممکن امر ہے۔ اس کی مکمل طبی خصوصیات ماہرین کی نظروں سے ابھی بھی اوجھل ہیں اور وہ ان حقائق تک مکمل رسائی حاصل کرنے میں شب و روز سرگرداں ہیں۔

اخروٹ اومیگا 3 فیٹی ایسڈز کا بہت بڑا ماخذ ہے۔ اہم اومیگا 3 فیٹی ایسڈز دل کے لیے محافظ چکنائیاں کہلاتے ہیں۔ جنہیں ہمارا جسم بذات خود تیار کرنے کی صلاحیت سے عاری ہوتا ہے۔ ہمارا جسم غذا سے ان کی ضرورت پوری کرتا ہے۔ ہمارے جسم کو اس کی ضرورت بہت قلیل مقدار میں ہوتی ہے۔ اخروٹ چونکہ اومیگا 3 فیٹی ایسڈز کا سب سے بڑا ماخذ ہے۔ اسی بنا پر اس کا شمار دنیا کی صحت مند غذاؤں میں ہوتا ہے۔ ہائی بلڈ کولیسٹرول جسے میڈیکل نے امراض قلب کے لیے رسک فیکٹر کا درجہ دے رکھا ہے، سے نبٹنے کے لیے ادویہ ناکافی رہتی ہیں تاوقتیکہ ڈائٹ کنٹرول نہ کی جائے۔ Mono and poly saturated fatty acids والی غذائیں بالخصوص سرخ گوشت، پنیر، انڈے (بالخصوص انڈے کی زردی) اور دیگر ڈیری پراڈکٹس بلڈ، کولیسٹرول لیول بڑھانے کا موجب بنتی ہیں تاہم ان کی جگہ Mono and poly saturated fatty acids والی غذائیں جیسے اخروٹ، مونگ پھلی، مچھلی اور زیتون کے تیل استعمال کر کے بلڈ کولیسٹرول گھٹانے کے سلسلے میں خاطر خواہ نتائج حاصل کیے جاسکتے ہیں۔ ایک تجربے میں حصہ لینے والے 49 افراد کی خوراک میں جب اخروٹ سے حاصل شدہ 35 فیصد کیلوریز کا استعمال کیا گیا تو ان کے ٹوٹل کولیسٹرول میں کمی دیکھنے میں آئی۔ LOL (جو کولیسٹرول کی انتہائی خطرناک قسم ہے) اور LP (a) "Lipoprotein,a" جو دوسرا کمپاؤنڈ ہے جو خون کے انجماد کو بڑھا کر Atherosclerosis کا پیش خیمہ ثابت ہوتا ہے، میں بھی اخروٹ کا استعمال بلڈ پریشر کو کنٹرول کرنے کے ساتھ ساتھ خون میں HDL کولیسٹرول، جو مفید کولیسٹرول ہے، کا لیول بڑھاتا ہے۔ "Phytochemistry" میں چھپنے والی حالیہ رپورٹ کے مطابق اخروٹ میں پائے جانے والے کثیر پولی فینولک کمپاؤنڈ بالخصوص ایلیجک ایسڈ اور جیلک ایسڈ بہترین انٹی آکسیڈنٹ ہیں جو LOL کولیسٹرول کو فری ریڈیکلز کی جانب سے پہنچنے والے اس نقصان سے بچاتے ہیں۔ جس کے نتیجے میں LOL کولیسٹرول آکسائیڈائز ہو کر بدنام زمانہ پلیک میں بدل کر دل کے دورے کے امکان کو 100 فیصد یقینی بنا دیتا ہے۔

اخروٹ میں Mono and poly saturated fatty acids اور محافظ اومیگا 3 فیٹی ایسڈز دل کے لیے اکسیر کا درجہ رکھتے ہیں۔ یہ دل کی بے ہنگم ہوتی دھڑکنوں کو معمول پر لانے کے ساتھ ساتھ شریانوں میں خون کے انجماد کو روکتے ہیں۔ ''برٹش جرنل آف نیوٹریشن'' کے مطابق اخروٹ میں انٹی آکسیڈنٹس کا تناسب بہت زیادہ ہوتا ہے۔ اب تک اخروٹ میں 16 پولی فینولز دریافت کیے جاچکے ہیں۔ جن میں تین نئے دریافت شدہ ٹینز بھی شامل ہیں۔ جو معیاری انٹی آکسیڈنٹس ہیں۔ ان انٹی آکسیڈنٹس کی کرشمہ سازیاں "lowa womens study of health" میں دیکھی گئیں جب غذا کے ذریعے مونگ پھلی اور اخروٹ کا ان ٹیک مناسب رکھا گیا تو کارڈیو ویسکولر اور کارونری ہارٹ کی بیماریوں کی وجہ سے موت کا خطرہ بہت حد تک کم ہو گیا۔ مجموعی شرح اموات میں 11 فیصد تک کمی تب دیکھنے میں آئی جب ہفتے میں ایک بار مونگ پھلی اور اخروٹ استعمال کیے گئے اور 19 فیصد تک شرح اموات میں کمی سامنے آئی۔ جب اخروٹ اور مونگ پھلی کا استعمال ہفتے میں کم از کم چار مرتبہ کیا گیا۔

اخروٹوں میں "l-arginine" جو کہ ضروری امائنو ایسڈ ہے، بہت وافر مقدار میں پایا جاتا ہے۔ جسم میں اور بالخصوص خون کی ان شریانوں میں بہت محنت کرتی ہیں، "l-arginine" ایک کیمیکل نائٹرک آکسائیڈ میں بدل کر بلڈ ویسلز کی اندرونی دیواروں کو ملائمت عطا کرتا ہے تاکہ یہ حالت سکون میں رہیں۔ ہائپرٹینشن میں اس کیمیکل کی اہمیت اور بڑھ جاتی ہے۔ وہ افراد جو ہائپرٹینشن کا شکار ہوتے ہیں، انہیں نائٹرک آکسائیڈ کا نارمل لیول قائم رکھنے میں دقت ہوتی ہے جس کی وجہ سے انہیں مستقبل میں صحت

سے متعلق شدہ نوعیت کے مسائل، جیسے ذیابیطس کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

"l-arginine" کی فراہمی کے سلسلے میں اخروٹوں سے مدد لے کر اس خطرے کو ٹالا جاسکتا ہے۔ اخروٹ کو بجا طور پر "دماغی غذا" بھی کہا جاتا ہے۔ ہمارا دماغ 60% سے زائد ساختی چربی پر مشتمل ہے۔ ہمارے جسم کے تمام خلیے بشمول ہمارے دماغی خلیے اور نیورانز بنیادی طور پر چربی سے بنے ہوتے ہیں۔ لہٰذا دماغی خلیوں کو اپنی بہتر کارکردگی کے لیے اہم اومیگا 3 فیٹی ایسڈز درکار ہوتے ہیں۔ خلوی جھلیاں جنہیں "Cellmembers" کہتے ہیں، خلیوں کی چوکیدار ہوتی ہیں۔ لہٰذا ہر وہ چیز جو خلیے کے اندر داخل ہونا یا باہر نکلنا چاہتی ہے، اسے خلوی جھلی سے ہی گزرنا پڑتا ہے۔ اومیگا 3 فیٹی ایسڈز جو بذات خود مائع اور پچکیلے ہوتے ہیں، خلوی جھلی کے ساتھ شامل ہو کر خلیے کی غذائیت حاصل کرنے اور فاضل مادوں کو خلیے سے باہر دھکیلنے کی صلاحیت بڑھا کر دماغ کی فہم وفراست حیرت انگیز حد تک بڑھا دیتے ہیں۔ اخروٹ میں وافر مقدار میں پائی جانیوالی منرل میگانیز دماغ کی نشوونما کرتی ہے۔ 1961ء میں "Hurley" اور "Eversan" نے دریافت کیا کہ میگانیز دماغ "نیورانز" عضلات حتیٰ کہ جسم کے تمام حصوں کے درمیان کوآرڈینیشن قائم کرنے کے ساتھ ساتھ مرکزی نظام اعصاب (CNS) پر بہترین اثرات مرتب کرتی ہے، میگانیز کی جسم میں کمی کی وجہ سے ذیابیطس، وزن میں کمی اور مسل کوآرڈینیشن میں خلل پیدا ہوجاتا ہے۔

جن افراد میں اہم اومیگا 3 فیٹی ایسڈز میں کمی ہو جاتی ہے وہ لوگ ڈپریشن کا شکار ہو جاتے ہیں۔ جن بچوں کی غذا اہم اومیگا 3 فیٹی ایسڈز سے محروم ہوتی ہے، ان میں سیکھنے سے متعلق خرابیاں (Learning Disorders)، نیند میں خلل اور روزمرہ برتاؤ کے مسائل زیادہ دیکھنے میں آئے ہیں، بہ نسبت ان بچوں کے جن کی غذاؤں میں ضروری اومیگا 3 فیٹی ایسڈز کی اطمینان بخش مقدار موجود ہوتی ہے۔

میلاٹونن ہارمون جو پینیل گلینڈز پیدا کرتے ہیں، نیند لانے اور اسے کنٹرول کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ عمر بڑھنے کے ساتھ ساتھ اس ہارمون کی پیداوار میں قدرتی طور پر کمی آجاتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ کم خوابی یا کچی نیند بڑھتی عمر کے افراد کے لیے باقاعدہ بیماری کا روپ دھار کر ان کی طبیعت میں جھنجھلاہٹ اور چڑچڑا پن کر دیتی ہے۔ بڑھتی عمر سے وابستہ اس بیماری کا علاج بھی قدرت نے اخروٹ کے سخت غلافوں کے اندر چھپا رکھا ہے۔ میلاٹونن اخروٹ کے اندر بائیو اویل ایبل فارم میں پایا جاتا ہے، کم خوابی کی شکایت والے افراد سونے سے قبل ایک گلاس گرم یا نیم گرم دودھ کے ساتھ تین سے چار اخروٹ کھانے کو دستور بنالیں، تو وہ پرسکون نیند لینے لگیں گے کیونکہ اخروٹ میں میلاٹونن کی مقدار 2.5 اور 4.5 گرام کے درمیان ہوتی ہے۔

اگرچہ اخروٹ دل و دماغ کو پہنچانے والے متنوع فوائد کے حوالے سے بے پناہ شہرت کا حامل ہے تاہم وہ افراد جو اپنی روزمرہ کے کیلوری توازن کے حوالے سے زیادہ متفکر رہتے ہیں، وہ موٹاپے کے خوف سے اسے استعمال کرنے سے کنارہ کشی اختیار کیے ہوئے ہیں مگر سپین میں کی جانے والی 28 ماہ کے دورانیے پر محیط ریسرچ میں 8805 بالغ مرد اور خواتین شامل تھیں، نے اس خوف کو بے بنیاد قرار دیدیا ہے۔ ان 8805 افراد سے جب ان کی غذائی معلومات حاصل کی گئیں تو یہ بات عیاں ہوئی کہ وہ افراد جنہوں نے ہفتے میں کم از کم دو بار اخروٹوں کا استعمال کیا تھا، ان میں ان افراد کی نسبت وزن حاصل کرنے کے امکانات 31% تک کم تھے جنہوں نے بالکل اخروٹ استعمال نہیں کیے تھے۔ جن افراد نے وزن حاصل کیا تھا، ان میں وہ لوگ شامل تھے جنہوں نے اخروٹ کبھی بھی استعمال نہیں کیے تھے مگر ان میں شامل ہر فرد نے 42 گرام وزن حاصل کیا تھا، مقابلتاً ان افراد کے جو اخروٹ استعمال کرتے رہے تھے۔ اس ریسرچ کی رو سے اخروٹ کے مناسب حد میں استعمال سے وزن حاصل کرنے کا خطرہ کافی حد تک کم ہو جاتا ہے۔ اخروٹ پراسٹیٹ کینسر اور کولون کینسر ہونے کے امکان ممکنہ حد تک کم کر دیتا ہے۔ اخروٹ میں پایا جانیوالا طاقتور اینٹی آکسیڈنٹ ایلجک ایسڈ عام خلیوں کو آزاد ریڈیکلز کی طرف سے پہنچنے والے نقصان کو مقدور بھر روکتا ہے۔ یہ کینسر سیلز کو بڑھنے سے بھی روکتا ہے۔ ہمارے جسم میں پائے جانے والے آکسڈ یٹو انزائم، سپر آکسائیڈ ڈائی میوٹیز کو کاپر اور میگانیز کی ضرورت ساتھی کے طور پر ہوتی ہے تاکہ یہ خلیے کے سائٹو پلازم اور مائٹو کانڈریا کو نقصان پہنچانے والے آزاد ریڈیکلز کو غیر مسلح کرے اور ان کے مضر اثرات کو زائل کر سکے۔ اخروٹ کے طبی فوائد صرف یہیں تک محدود نہیں ہیں بلکہ تحقیق نے یہ بات بھی عیاں کی ہے کہ وہ خواتین جو ہفتے میں ایک اونس اخروٹ کھانے کو اپنی عادت بنالیتی ہیں، وہ پتے میں پتھری پیدا ہونے کے امکانات 25 فیصد کم کر لیتی ہیں۔ روزانہ اخروٹ کتنی مقدار میں لیا جائے تاکہ اسکے کثیر فوائد سے استفادہ حاصل کیا جاسکے؟ اس پر ماہرین کی آراء مختلف ہیں۔ کچھ ماہرین کا کہنا ہے کہ 40 گرام سے 80 گرام، 84 گرام جو تقریباً 8 سے 16 اخروٹ بنتے ہیں، کا استعمال خون میں موجود خراب کولیسٹرول LDL کا لیول 5 فیصد سے 10 فیصد تک کم کرنے میں معاون ہوگا۔ جبکہ کچھ ماہرین خون کے اندر صحت محافظ اومیگا 3 فیٹی ایسڈز کا معقول لیول برقرار رکھنے کے لیے تین سے چار اخروٹوں کا استعمال سفارش کرتے ہیں۔ ان کی رائے کے مطابق دوسری غذاؤں کی طرح اخروٹ کھانے کی زیادتی بھی موٹاپے کا باعث بن سکتی ہے جو قلبی صحت کیلئے رسک فیکٹر کا درجہ رکھتا ہے۔

دسمبر 2019ء کیلئے پرائز بانڈز خریدنے کی تواریخ بمعہ اوقات

9	2
3	5

تاریخ: 02-12-2019
دن: پیر
شہر: حیدر آباد
مالیت بانڈ: -/40,000

6	3
9	8

تاریخ: 16-12-2019
دن: پیر
شہر: پشاور
مالیت بانڈ: -/200

دسمبر 2019ء کے لئے پرائز بانڈز خریدنے کی لکی تواریخ بمعہ اوقات

نمبر شمار	تاریخ	نیک وقتِ خریداری
1	04 دسمبر	10 بجکر 30 منٹ سے لے کر 11 بجکر 00 منٹ تک
2	10 دسمبر	12 بجکر 10 منٹ سے لے کر 13 بجکر 00 منٹ تک
3	18 دسمبر	14 بجکر 30 منٹ سے لے کر 15 بجکر 00 منٹ تک
4	22 دسمبر	16 بجکر 00 منٹ سے لے کر 17 بجکر 30 منٹ تک
5	29 دسمبر	09 بجکر 10 منٹ سے لے کر 11 بجکر 00 منٹ تک

نوٹ: یہ اوقات پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم کے مطابق دیے جا رہے ہیں۔

	0	1	2	3	4	5	6	7	8	9	ممکنہ ٹنڈولے	
0				03			06		08	09	063	098
1			12	13		15				19	124	195
2		21		23		25				29	220	295
3	30	31	32				36		38		341	382
4				43		45		47		49	403	479
5		51	52	53						59	527	591
6	60			63					68	69	603	689
7			72		74		76		78		714	786
8	80			83			86			89	825	896
9	90			93			96		98		903	986

تاریخ: 02-12-2019
دن: پیر
شہر: حیدر آباد
مالیت بانڈ: -/40,000

12	15	53	91
32	35	92	95

تاریخ: 16-12-2019
دن: پیر
شہر: پشاور
مالیت بانڈ: -/200

09	03	98	63
60	08	96	69

9 — 3 (1) 2 — 5

6 — 9 (0) 3 — 8

تاریخ: 02-12-2019
دن: پیر
شہر: حیدر آباد
مالیت بانڈ: 40,000/-

472186

86	47
64	21

تاریخ: 16-12-2019
دن: پیر
شہر: پشاور
مالیت بانڈ: 200/-

175920

17	59
92	19

3148-3261

314, 317, 326, 376, 417, 418, 795

4	6
3	4

(7)

31, 32, 37, 41, 79

3261-3761

حیدر آباد — تاریخ: 02-12-2019 — مالیت بانڈ: 40000/-

019/284 =184
614/932 =963

پشاور — تاریخ: 16-12-2019 — مالیت بانڈ: 200/-

142/790 =479
821/934 =934

لکی نمبرز: ہماری دعا ہے کہ آپ ان لکی نمبرز سے فیض یاب ہوں۔ کسی نقصان سے بچنے کے لیے پرچی نمبر کی بجائے پرائز بانڈز کی خرید پر توجہ دیں۔ ماہرین علم الاعداد کی تمام تر ذہانت آپ کے لیے وقف ہے۔ (ادارہ)

آپکا ماہِ دسمبر 2019ء کیسا رہے گا ؟

astrology December

خصوصی عزیمت رجعت ونحوست سیارگان

یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا رَحۡمٰنُ یَا رَحِیۡمُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوۡمُ یَا حَافِظُ یَا نَاصِرُ یَا مُعِیۡنُ یَا شَافِیُ یَا کَافِیُ یَا قَادِرُ یَا کَرِیۡمُ بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ بِحَقِّ حٰمٓعٓسٓقٓ بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَاِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ اَحۡفِظۡنِیۡ مِنَ النُّحُوۡسَتُ الشَّمۡسُ وَالۡقَمَرِ وَالۡمُشۡتَرِیۡ وَالزُّحَلُ وَالزُّھۡرَہ وَالۡعَطَارِدُ وَالۡمَرِیۡخُ وَالرَّاسُ وَالذَّنۡبُ بِحَقِّ یَا اَللّٰہُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ یَا لَمۡ یَلِدۡ وَلَمۡ یُوۡلَدۡ وَلَمۡ یَکُنۡ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیۡرِ خَلۡقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ اَجۡمَعِیۡنَ بِرَحۡمَتِکَ یَا اَرۡحَمَ الرَّاحِمِیۡنَ ٥ اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی سا بھی درود شریف پڑھ لیں۔ بچوں کیلئے والدین بھی پڑھ سکتے ہیں۔ اگر آپ مندرجہ بالا عزیمت کو صرف 9 بار روزانہ پڑھنا اپنا معمول بنالیں تو پھر کسی سیارے کی نحوست آپکے قریب نہ آئیگی۔ میری طرف سے آپکو اس عمل کی عام اجازت ہے۔ **دعا گو عامل شاہ زنجانی**

جن قارئین کو اپنی صحیح تاریخ پیدائش یاد نہیں وہ برج دو طرح سے معلوم کر سکتے ہیں۔ ایک نام کے پہلے حرف سے اور دوسرا حروف ابجد سے۔ پھر تحقیق کریں کہ برج کا احوال ان پر صحیح بیٹھتا ہے۔

پہلا طریقہ آپکے نام نامی میں جو پہلا حرف ہے اسی سے برج بنتا ہے۔ ذیل میں دیئے گئے بارہ بروج میں سے اپنے نام کا پہلا حرف تلاش کر کے پہلے برج معلوم کریں پھر اسی برج کے تحت نیک و بدحالات ملاحظہ فرمائیں۔ ساتھ ہی اپنا ستارہ اور برج معلوم کر کے ادارہ آئینہ قسمت سے مفت مشورہ بذریعہ کوپن لے کر نگینہ پہنیں۔

دوسرا طریقہ اگر خدانخواستہ نام برج سے آپ کے حالات درست نہ آتے ہوں تو اس طریقہ سے اپنے نام کا برج معلوم کریں۔ اپنا مکمل نام اور اپنی والدہ کے نام کے حروف ابجد قمری سے اعداد نکالیں اور ان کو بارہ پر تقسیم کریں۔ اگر باقی 1 بچے تو برج حمل ہے۔ اگر 2 باقی بچے تو ثور۔ 3 بچے تو جوزا۔ 4 بچے تو سرطان۔ 5 بچے اسد۔ 6 بچے تو سنبلہ۔ 7 بچے تو میزان۔ 8 بچے تو عقرب۔ 9 بچے تو قوس۔ 10 بچے تو جدی۔ 11 بچے تو دلو اور اگر 0 باقی بچے تو برج حوت ہوگا۔

نوٹ صحیح تاریخ پیدائش معلوم ہو تو ان قواعد کو نظرانداز کر دیں۔

حروف ابجد قمری

ا	ب	ج	د	ہ	و	ز	ح	ط	ی
1	2	3	4	5	6	7	8	9	10
ک	ل	م	ن	س	ع	ف	ص	ق	ر
20	30	40	50	60	70	80	90	100	200
ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ		
300	400	500	600	700	800	900	1000		

ARIES

آپکا حاکم ستارہ مریخ تمام ماہ آٹھویں بیت الخوف کے گھر رہتے ہوئے مشترکہ مفادات کے کاموں سے مالی فوائد کا حصول جبکہ وراثتی انشورنس کلیم سے متعلقہ امور خاص توجہ کے حامل رہیں سعد اکبر ستارہ مشتری 3 دسمبر تبدیلی برج کرتے ہوئے دسویں وتد السماء آجائے تو کیریئر کاروبار میں آگے بڑھنے کے مواقع مل سکیں۔ 4,3 دسمبر مریخ زہرہ تسدیس صحت مند اقدامات اور صحت جسمانی پہلے سے بہتر ہونے کے باعث گھریلو تزئین وآرائش میں خاص دلچسپی بڑھے۔ 14,13 دسمبر مریخ نیپچون تثلیث حقائق کے مطابق اقدامات کرسکیں۔ آئیڈیاز کو عملی جامع پہنانے کی قابلیت مقاصد کے حصول کیلئے رسک لے سکیں جذبات کی بھرپور عکاسی 20,19 دسمبر مریخ زحل تسدیس نظم وضبط صبر وتحمل اور معاملات میں رکاوٹ کے باوجود احسن طریقے سے تاخیر شدہ امور انجام دے سکیں۔ 23,22 دسمبر معاملات میں درپیش غلط فہمیاں دور ہونے سے تجدید مراسم ممکنات میں سے ہوں 26 دسمبر دسویں سورج گرہن ہونے سے کیریئر کاروبار اور معاہدے کرتے وقت خاص احتیاط کریں جنس مخالف کے افراد سے محتاط رہیں اور صدقات ضرور دیں۔ دوران گرہن دو رکعت نماز کسوف ضرور ادا کریں تاکہ گرہن کے منفی اثرات سے محفوظ رہ سکیں۔

پہلا ہفتہ: آپ اپنے آپ کو بہت پرسکون محسوس کریں گے۔ ملنے والی کوئی بری خبر بھی آپ کو ذہنی طور پر متاثر نہیں کرے گی۔ ذمہ داریاں نبھانے کی کوشش کریں گے۔ نجی امور میں کامیابی نصیب ہوگی۔ ذہنی صلاحیتیں اُجاگر ہونگی۔ ہم خیال افراد سے تبالہ خیال کرنا مفید رہیگا' سرمایہ کاری کے مواقع ملیں گے۔

دوسرا ہفتہ: رومانوی امور میں اظہار خیال کرسکیں گے۔ جائیداد سے متعلقہ امور تسلی بخش رہیں گے۔ مالی پوزیشن بہتر ہوگی۔ اعتماد بحال ہوگا۔ گھریلو معاملات میں مصروفیت رہے گی۔ صحت سے متعلقہ معاملات سے غفلت نہ برتیں۔ معاملات میں خوشگوار تبدیلی محسوس کرسکیں گے۔ ذمہ داریاں خوش اسلوبی سے نبھاسکیں گے۔ جذباتی امور میں احتیاط برتیں۔ خاص طور پر عزیز واقارب سے متعلق معاملات میں احتیاط برتیں۔

تیسرا ہفتہ: ورزش یا ڈائٹنگ کا پروگرم شروع کرسکیں گے۔ ماضی کے واقعات ذہن پر سوار رہیں گے۔ پرانے لوگوں سے ملاقات کرسکیں گے۔ مقاصد میں کامیابی ہوسکے گی۔ سرمایہ کاری کا رجحان بڑھے گا۔ مالی امور میں توجہ رہے گی۔ شراکتی کام میں حصہ لے سکیں گے۔ سفر پیش آنے کا امکان۔ نئے اور مختلف تجربات ہوسکیں گے۔ آرام کا موقع ملے گا۔ بعض غیر شادی شدہ افراد کی بات چیت آگے بڑھ سکے گی۔ رومانس کا موقع ملے گا۔

چوتھا ہفتہ: جذباتی امور میں محتاط رہیں۔ غیر ضروری بحث ومباحثہ سے گریز کریں۔ دوستوں کے معاملات میں محتاط رہیں۔ دوسروں کی چالا کی کو سمجھنے کی کوشش کریں۔ دوسروں سے اختلاف رائے کا خدشہ ہے۔ خریداری کرتے وقت فضول خرچی سے کام نہ لیں۔ کسی تقریب میں شرکت کرسکیں گے۔ بزرگوں کی صحت کا خیال رکھیں۔ شریک حیات سے تعاون سے پیش آئیں۔

سعد تواریخ: 3,4,13,14,16,18,19,22,28 دسمبر   **نحس تواریخ:** یکم,8,23,30 دسمبر

حمل
21Marc
20April

ستارہ: مریخ
حروف: ال ع
دن: منگل
عدد: 9
رنگ: سرخ یا قرمزی
پتھر: یاقوت، مرجان، سرخ عقیق، ہیرا

Element: Fire
RulingPlanet: Mars
Symbol: The Ram
YourStone: Ruby
LifePursuit: The thrill of the moment.
SecretDesire: To lead the way for others.

TAURUS

آپکا حاکم ستارہ زہرہ یکم تا دسمبر نویں بیت السفر میں رہتے ہوئے طلباء وطالبات جو اعلیٰ تعلیم کے حصول کیلئے کوشاں ہیں اس دوران اپلائی کریں تو کامیابی ملے۔ 21 تا 31 دسمبر زہرہ دسویں بیت العزت کے گھر ہونے سے کیریئر کاروبار اور کاروباری معاہدے عمل میں آسکیں۔ 4,3 دسمبر زہرہ مریخ تسدیس روحانی معاملات خوشگوار جبکہ تخلیقی صلاحیتیں نکھریں 10,9 دسمبر زہرہ نیپچون تسدیس عشق ومحبت کے امور حساس خواہشات جنم لے سکیں۔ 12,11 دسمبر زہرہ، زحل قران فرض شناسی ایمانداری عزت وقار میں اضافے کا باعث بنے جبکہ مستحکم فیصلے اور ڈپلومیسی اپناتے ہوئے اہم کاروباری معاہدے عمل میں آسکیں۔ 14,13 دسمبر ذاتی مقاصد کے تحت مشترکہ امور کا آغاز جبکہ دوسروں سے درپیش غلط فہمیاں دور کرنے کے لئے اقدامات مثبت رہیں۔ 23,22 دسمبر زہرہ یورانس تربیع غیر ضروری خیالات بنیں۔ خاص احتیاط برتیں 26 دسمبر نویں سورج گرہن ہونے سے بیرون ملک سفر میں تاخیر اور طلباء تعلیمی سرگرمیوں میں خاص احتیاط کریں دوران گرہن صدقات اور دو رکعت نماز کسوف لازمی پڑھیں تاکہ گرہن کے منفی اثرات سے محفوظ رہیں۔

پہلا ہفتہ: عملی کاموں میں مصروفیت رہے گی۔ سماجی سرگرمیاں عروج پر ہونگی۔ بعض منصوبوں میں اچانک کسی تبدیلی کا امکان ہے۔ سفر وسیلہ ظفر ثابت ہوگا۔ رومانس کا موقع ملے گا۔ کام کے دوران محتاط رہیں۔ حکام بالا کا تعاون رہیگا۔ عزیز واقارب سے تعلقات بہتر ہونگے۔ دوسروں کے ساتھ اخلاق سے پیش آئیں۔ کسی قریبی ساتھی کے ساتھ وقت گزارنا بہتر ہے۔ نئی سرمایہ کاری کرنے سے گریز کریں۔

دوسرا ہفتہ: سماجی سرگرمیوں میں شرکت کا موقع ملے گا۔ لیکن اس سے اپنے کام کو متاثر نہ ہونے دیں۔ ماحول میں کچھ بے چینی اور بے سکونی کا عنصر محسوس کرینگے۔ حالات میں قدرے بہتری محسوس کرینگے۔ رومانوی امور توجہ طلب ہونگے۔ بعض امور میں شکوک وشبہات کا اندیشہ ہے۔ شہرت میں اضافہ ہوگا۔ مشترکہ سرمایہ کاری سے اجتناب کریں۔ غیر متوقع اخراجات پیش آسکتے ہیں۔ بچوں کے امور توجہ طلب ہونگے۔

تیسرا ہفتہ: اخراجات آمدن سے زیادہ ہونے کا اندیشہ ہے۔ لہٰذا مالی امور پر نظر رکھیں۔ اہم خبر سن سکیں گے۔ رومانوی معاملات طے پاسکیں گے۔ گھریلو معاملات سلجھانے میں مصروف رہیں گے۔ عزیز واقارب سے ذاتی نوعیت کی قرابت داری بڑھے گی۔ مالی امور میں ذمہ داریاں بڑھیں گی۔ گھریلو امور نیکی سے طے پائیں گے۔ دوسروں کو اپنی مقناطیسی شخصیت سے متاثر کرسکیں گے۔

چوتھا ہفتہ: ذاتی امور پر تبادلہ خیال ہوسکے گا۔ کام کے دوران کسی معاملے میں غلط فہمی کا شکار ہوسکتے ہیں۔ چھوٹی سی بات کو بڑھانے کی کوشش نہ کریں۔ بے احتیاطی کسی پریشانی کا باعث بن سکتی ہے لہٰذا احتیاط برتیں۔ شراکتی امور میں شرکت کرسکیں گے۔ دوستوں کے ساتھ اچھا وقت گزار سکیں گے۔ مالی معاملات درپیش ہونگے۔ نئے معاہدے عمل میں آئیں گے۔ رومانوی ماحول سازگار رہوگا۔ قانونی امور میں خاصی احتیاط برتیں۔

سعد تواریخ: 3,4,9,11,13,19,24,29 دسمبر   **نحس تواریخ:** 7,18,21,22,26 دسمبر

ثور
21April
21May

ستارہ: زہرہ ♀
حروف: ب-و
دن: جمعہ
عدد: 6
رنگ: ہلکا نیلا یا سبز
پتھر: اوپل، سبز پکھراج

Element: Earth
RulingPlanet: Venus
Symbol: The Bull
YourStone: Emerald
LifePursuit: Emotional and financial security.
SecretDesire: To have a secure, happy and wealthy life/marriage.

Gemini

جوزا

22May
21June

ستارہ: عطارد
حروف: ق ک
دن: بدھ
عدد: 5
رنگ: پیلا یا ملے جلے
پتھر: عقیق سبز، زمرد، فیروزہ

Element: Air
RulingPlanet: Mercury
Symbol: The Twins
YourStone: Aquamarine
LifePursuit: To Explore a little bit of everything.
SecretDesire: To be ahead of the crowd.

آپکا حاکم ستارہ عطارد اپنی سریع الرفتاری کے سبب اس ماہ تین گھروں میں سیر کنار رہتے ہوئے یکم تا 9 دسمبر چھٹے جبکہ 10 تا 29 دسمبر ساتویں اور پھر 31,30 دسمبر آٹھویں بیت الخوف میں رہتے ہوئے ملازمتی کیریئر اور مشترکہ معاملات شریک کار اور شریک حیات کے ساتھ خاص روابط غلط فہمیوں کا ازالہ ممکنات میں سے ہو۔ جبکہ اس دوران مشترکہ بنیادوں پر کی گئی انوسٹمنٹ مالی فوائد دلا سکے سعد اکبر ستارہ مشتری 3 دسمبر آٹھویں برج تبدیل کرے تو وراثتی مسائل پنچائتی صورت میں حل کر سکیں۔ 4,3 دسمبر عطارد پلوٹو تسدیس نفسیاتی مسائل کا خاتمہ جبکہ لوگ آپکی تحریر و تقریر سے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکیں۔ 21,20 دسمبر عطارد نیپچون تربیع منتشر خیالات جبکہ بغیر مشاورت ہر قسم کے فیصلوں سے گریز کریں۔ 26 دسمبر آٹھویں سورج گرہن ہونے سے وراثتی انشورنس کلیم سے متعلقہ امور احسن طریقے سے حل ہو سکیں۔ جبکہ دوران گرہن دو رکعت نماز کسوف ضرور ادا کریں 31,30 دسمبر عطارد یورانس تثلیث تجرباتی رویہ کئی ایک مسائل کا مثبت حل اور تکنیکی مسائل کو احسن طور پر انجام دے سکیں۔

پہلا ہفتہ: ملازمتی امور توجہ طلب ہونگے۔ فرائض کی ادائیگی میں غفلت نہ برتیں۔ اخراجات پر کنٹرول رکھیں۔ دوسروں کے ساتھ معاملات کامیابی سے طے پاسکیں گے۔ ہر کام منظم طریقے سے کرنے کی کوشش کریں۔ کام کی صلاحیت و توانائی بڑھے گی۔ مالی امور توجہ طلب رہیں گے۔ انشورنس وغیرہ کے معاملات چیک کر لینا بہتر رہیگا۔ اہل خانہ کے ساتھ وقت گزار سکیں گے۔ تفریحی پروگرام سے لطف اندوز ہونگے۔

دوسرا ہفتہ: سفر کے پروگرام میں کچھ تبدیلی کا امکان ہے۔ کیریئر کی بہتری کیلئے کوشاں رہیں گے۔ کاروباری امور میں بھی مصروفیت رہیگی۔ ساتھ کام کرنے والے افراد سے تعلقات بگاڑنے کی کوشش نہ کریں۔ کچھ ان کی سنیں اور کچھ اپنی سنائیں۔ سماجی معاملات نپٹا سکیں گے۔ اہم فیصلے کرنیکا موقع ملے گا۔ دوستی میں مزید نکھار آئیگا۔ رومانس کا موقع ملے گا۔ دوسروں کا تعاون حاصل ہوگا۔ حسب منشاء خریداری کر سکیں گے۔

تیسرا ہفتہ: دوسروں پر زیادہ انحصار نہ کریں، محتاط رہیں۔ خفیہ امور میں محتاط رہیں۔ اپنے معاملات خود طے کرنے کی کوشش کریں۔ نجی طور پر کوئی کام کر سکیں گے۔ ذاتی کاموں میں کامیابی نصیب ہوگی۔ سماجی حلقوں میں عزت بڑھے گی۔ دوسرے آپ کے ساتھ تبادلہ خیال کرنا بہتر تصور کریں گے۔ مالی امور میں خاص احتیاط کریں۔ بونس یا کمیشن وغیرہ کی صورت میں مالی مفاد کا امکان ہے۔ کاروباری امور میں کامیابی ہوگی۔

چوتھا ہفتہ: دوسروں کو اپنے خیالات سے آگاہ کریں۔ غیر یقینی صورتحال پیدا ہونے کا خدشہ ہے۔ کام کے دوران معاملات محتاط انداز سے طے کریں۔ گھریلو ذمہ داریوں میں اضافہ ہوگا۔ کسی سماجی تقریب میں شرکت کا امکان ہے۔ خیالات میں مثبت تبدیلی رونما ہوگی۔ عزت و شہرت میں اضافہ ہوگا۔ رومانوی امور حسب منشاء طے پائیں گے۔ سفر وغیرہ سے لطف اندوز ہو سکیں گے۔ اہم کاروباری امور ذاتی طور پر نمٹانے کی کوشش نہ کریں۔

سعد تواریخ: 31,25,16,5 دسمبر **نحس تواریخ:** 26,18,11,2 دسمبر

Cancer

سرطان

22June
23July

ستارہ: قمر
حروف: ح ہ
دن: پیر
عدد: 2
رنگ: دودھیا
پتھر: درنجف، سفید مرجان

Element: Water
RulingPlanet: The Moon
Symbol: The Crab
YourStone: Moonstone
LifePursuit: Constant reassurance and intimacy.
SecretDesire: To feel safe (emotionally, spiritually, romantically and financially).

آپکا حاکم ستارہ قمر اس ماہ 10,9 دسمبر شرف جبکہ 15,14,13 دسمبر حالات عروج میں رہتے ہوئے ان ایام میں درپیش مسائل و مشکلات کو حل کر سکیں۔ جبکہ 23,22 دسمبر قمر در عقرب اور 28,27,26 دسمبر قمر کمزور پوزیشن میں ہونے کے علاوہ 26 دسمبر ساتویں 7 ستاروں کا اجتماع اور سورج گرہن شراکتی، ازدواجی اُمور خاص اہمیت کے حامل رہیں۔ صدقات ضرور دیں اور دو رکعت نماز کسوف گرہن کے منفی اثرات سے محفوظ رہنے کیلئے لازمی ادا کریں۔ ملازمتی ذمہ داریوں میں کوتاہی بالکل نہ برتیں۔ مالی لین دین میں خاص احتیاط کی ضرورت جبکہ 3 دسمبر سے مشتری ساتویں آجانے سے شادی کے خواہشمند افراد کی کوشش کرنے سے شادی ہو سکے۔

پہلا ہفتہ: خریداری کا موقع ملے گا۔ ضروریات کی چیزوں کی خریداری کر سکیں گے۔ کسی اہم میٹنگ وغیرہ میں شرکت کر سکیں گے۔ اہم ٹیلی فون کالز موصول ہونگی۔ تحریری معاہدے عمل میں آئیں گے۔ اجتماعی کاموں میں حصہ لینے کا موقع ملے گا۔ محنت اور توجہ سے کامیابی حاصل کر سکیں گے۔ ترقی کی راہیں استوار ہونگی۔ پرانے مسائل سر ابھاریں گے۔ فہم و فراست اور دانشمندی سے انہیں حل کرنے کی کوشش کریں۔

دوسرا ہفتہ: صلاحیتوں میں اضافہ ہوگا۔ تفریحی پروگرام سے لطف اندوز ہو سکیں گے۔ اِس ہفتے مصروفیت رہے گی۔ مختلف امور میں توجہ درکار ہوگی۔ ترقی کیلئے زبانی نہیں بلکہ عملی مظاہرے کی ضرورت ہوتی ہے۔ دوسروں کو اپنے خیالات سے آگاہ کر سکیں گے۔ مختلف معاملات میں سوچ سمجھ کر اور ہوش سے کام لیں۔ جلد بازی سے بنتے ہوئے کام بھی بگڑ جائیں گے لہٰذا احتیاط برتیں۔ تعمیراتی کاموں میں رجحان ہوگا۔

